2008
خالد ہندی جنتری
ہندی حساب پر مبنی پاکستان کی پہلی اور واحد جنتری
صفحہ اکڑا، بنڈل اور پیکٹ برائے 2008
(ہندی/نریانہ حساب سے)
تقویم سیارگان (نریانہ)
لگن سارنی نریانہ (نریانہ)
سالانہ حالات 2008 (نریانہ)
تتھی یوگ، نچھترا اور راس کا بیان (نریانہ)
قیمت 100 روپے
ایڈیٹر خالد اسحاق راٹھور
free copy
khalidrathore.com

ساعات حقیقی

ساعات کا ایک نیا طریقہ کار جو کہ خالد اسحاق راٹھور کی ذاتی تحقیق اور تجربے کا نچوڑ ہے۔ پہلے یہ طریقہ آپ کے علم میں نہ آیا ہوگا۔ عام مروج طریق کی بجائے اس میں پہلے ساعتوں کو سات برابر حصوں اور پھر ہر ساعت کو مزید سات حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ کتاب میں ستر (70) صفحات پر مشتمل جدول میں سو فی صد درستگی کے ساتھ تمام دنیا کے لیے ساعتیں استخراج کر دی گئی ہیں۔ اس کتاب میں مندرجہ بالا طریقے سمیت ساعتیں معلوم کرنے کے دس (10) مختلف طریقے بیان کیے گئے ہیں۔ مختلف ساعتوں میں پیدا ہونے والے بچوں کے تفصیلی حالات، سعد و نحس ساعتیں، عملیات، روزگار، امراض، جنس، سمت، رنگ، انعامی نمبر، منسوبات، اسم مولود، صدقہ، طلسم ساعات جیسے امور پر سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ تمام ساعات اکبر و صغیر میں سوالوں کے جواب کے موضوع پر تفصیلی باب، کتاب کو چار چاند لگانے کا باعث ہے۔ اس سے آپ دنیا کے کسی بھی سوال کا درست جواب اعتماد سے دے سکتے ہیں۔

علم الحروف

حروف کے موضوع پر ایک جامع کتاب ہے۔ مختلف اقسام کی حروف کی تشریح کے علاوہ تمام حروف ابجد کے خواص کو عمومی طور پر بیان کرنے کے ساتھ ساتھ بعض حروف پر تفصیلی بحث کی گئی ہے۔ مختلف قسم کے نقوش کی چال ان کے بھرنے اور استعمال کا طریقہ اور علم النقوش سے متعلق دیگر امور کا بیان بھی ہے۔ اس کتاب کا ایک خاص پہلو اس میں حروف کی زکوۃ کے متفرق طریقے ہیں۔ جن سے ہر آدمی فیض اٹھا سکتا ہے۔ علم الحروف، شرف کواکب اور مختلف مسائل کے حوالے سے کتاب میں لاتعداد اعمال بیان کئے گئے ہیں۔ تسخیر اور بندش کے اعمال اس کا خاصہ ہیں۔ اس کے علاوہ نجوم کے حوالے سے حروف کے استعمال کا قاعدہ اور لوح تحفظ بھی شامل کتاب ہیں۔

خزینہ اعداد (دوسرا ایڈیشن)

اگر یوں کہا جائے کہ انسانی حد تک یہ کتاب اعداد کے موضوع پر ایک جامع صحیفے کی شکل اختیار کر گئی ہے تو غلط نہ ہوگا۔ کتاب میں علم اعداد کے بنیادی امور پر بحث کرنے کے ساتھ ساتھ درج ذیل امور پر بھی تفصیلی روشنی ڈالی گئی ہے۔

☆ ہر عدد کی متفرق خصوصیات ☆ سالانہ زائچہ
☆ مدت العمر ☆ مرکب اعداد کے احکام
☆ سوالوں کے جواب معلوم کرنا بمعہ ذاتی قاعدہ
☆ حالات زندگی ☆ عددی ادوار برائے زندگی، ماہ اور دن
☆ واقعات کے وقوع میں آنے کا وقت۔

متفرق امور کے باب میں مختلف قواعد اور مختلف نمبروں کے استخراج پر بحث کی گئی ہے مثلاً مشترک نمبر، معاشی نمبر، آتشی نمبر، بادی نمبر اور پیشے کا نمبر وغیرہ وغیرہ۔

راہنمائے عملیات

شائقین عملیات کی راہنمائی کے لیے یہ کتاب تحریر کی گئی ہے۔ اب اس کو ترمیم، اضافے اور اصلاح کے ساتھ دوبارہ شائع کیا گیا ہے۔ زیادہ کیا لکھوں بس یہ جان لیں یہ کتاب بڑے پیار، محبت اور توجہ سے تحریر کی ہے۔ بالیقین آپ کو بھی یہی اثر اس میں ملے گا۔

عملیات کا معاوضہ لینا چاہیے یا نہیں، عامل کی تربیت، قواعد عملیات، ساعات و نجوم، منازل قمر، نظرات و عملیات، اسم اعظم، علم نقوش و اقسام نقوش، نقوش لکھنے کے طریقے، موکل، اجازت، زکوۃ، پرہیز، اسماء الحسنٰی سے مسائل کا حل، قرآنی سورتوں سے مسائل کا حل، طب نبوی، استخارہ، فطری طریقہ علاج، ہومیو پیتھی سے علاج جیسے ابواب اس کتاب کی جان ہیں

مستحصلہ قادر الکلام

بنیادی طور پر یہ کتاب خالد اسحاق راٹھور کے ذاتی استعمال کے مستحصلے کی تفصیلی تشریح پر مشتمل ہے۔ اس مستحصلے کے نام پر ہی کتاب کو یہ نام دیا گیا ہے۔

اس کے علاوہ اس کتاب میں 150 اصطلاحات جفر کے علاوہ پانچ دیگر جفری مستحصلاجات بھی بیان کئے گئے ہیں۔ ہر مستحصلہ اپنی جگہ لاجواب ہے۔ وہ لوگ جو مستحصلے کی تلاش میں سرگرداں ہیں ان کے لیے یہ کتاب راہنما ثابت ہوگی۔

السحر العجیب فی جلب الحبیب

اس کتاب کے مصنف عبد الفتاح السید الطوخی ہیں۔ خالد اسحق راٹھور کی زیر نگرانی اس عربی کتاب کا اردو ترجمہ شائع کیا گیا ہے۔ یہ کتاب قدیم ترین اور عجیب و غریب عملیات و طلسمات لیے ہوئے ہے۔ محبت، حب، تسخیر، بغض، جنات اور دیگر مخلوق مثلاً ملک احمر ملکہ عایئۃ سے کام لینے، دشمنی، صحت، ظالم کے قتل، غائب کے حاضر، چوری کے لیے، گاہکوں کو متوجہ کرنے، حمل ہونے اور بندش جیسے کم و بیش دوسو کے قریب لاجواب اور ایسے اعمال جو اس سے قبل کسی فرد کی نظروں سے نہ گزرے ہوں گے اس کتاب کا حصہ ہیں۔ کتاب میں تمام عربی عبارت کو اعراب لگا دی گئی ہیں تاکہ پڑھنے میں آسانی رہے۔

راہنمائے تل شناسی

تلوں کے موضوع پر یہ سب سے پہلی اور جامع کتاب ہے۔ اس سے پہلے اس موضوع پر اس طرح کی کوئی کتاب شائع نہ ہوئی ہے۔ اس کتاب میں انسانی جسم کے تمام حصوں پر تلوں کے اثرات اور احکام کو تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔ عورت یا مرد کے حوالے سے تلوں کے اثرات و احکام میں کیا فرق ہے؟ یہ امر اس کتاب کی اہم خاصیت ہے۔

بانڈ، ریس اور لاٹری کے نمبر (تیسرا ایڈیشن)

جیسا کہ عنوان سے ظاہر ہے یہ کتاب مختلف انعامی سکیموں میں کامیابی کے حصول کے لیے راہنمائی دینے کا باعث ہے اور تیسرے ایڈیشن کا آپ کے ہاتھ میں ہونا اس کی مقبولیت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

اس کتاب میں بالکل آسان طریقے سے اعداد، نجوم، ساعات، جفر، استخارے، رمل اور فالنامے وغیرہ کے ذریعے انعام حاصل کرنے کے مختلف قواعد کو بیان کیا گیا ہے۔ یہ ایک آسان فہم کتاب ہے۔ عام قاری بھی اس کے قواعد کو با آسانی سمجھ سکتا ہے۔ نیا ایڈیشن دستیاب ہے۔

قمری منازل اور بروج کے حساب سے سال 2007 تا جنوری 2009 تک کے خاص نمبروں کے ساتھ جنوری 2009 تک کے متوقع اکڑا نمبر دینے کے ساتھ ساتھ اس کتاب میں نجوم، اعداد، ساعات، رمل، استخارہ وغیرہ کے حساب سے بانڈ نمبر اور میچ نکالنے کے کئی ایک مجرب طریقے بیان کیے گئے ہیں۔ ساتھ ہی فری کوپن بھی ہیں جن پر آپ ادارہ کی قیمتی فیکس مفت حاصل کر سکتے ہیں۔

اسباق دست شناسی

یہ کتاب "پامسٹری" کے ہر طالب علم کی ضرورت ہے۔ یوں تو دست شناسی کے موضوع پر لاتعداد چھوٹی بڑی کتب بازار میں دستیاب ہیں۔ تاہم اس کتاب کو تحریر کرتے ہوئے اس بات کو مد نظر رکھا گیا ہے کہ قارئین دست شناسی کی دقیق اور فنی بنیادوں کو سمجھ سکیں۔ اس کو اسباق کے طرز پر تحریر کیا گیا ہے۔ اس کتاب کی مدد سے ہر فرد علم دست شناسی کو با آسانی سمجھ سکتا ہے۔ تعین وقت کے حوالے سے اس کتاب میں خصوصی بحث کی گئی ہے۔

راہنمائے علم نجوم

نجوم کے موضوع پر خالد اسحق راٹھور کی مایہ ناز تصنیف نجوم کے شائقین کے لیے پیش کی جا رہی ہے۔ اس کتاب میں زائچہ بنانے سے لے کر زائچہ پڑھنے اور احکام بیان کرنے تک کے تمام امور کو مکمل تفصیل کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔ زائچے میں تمام کواکب کی نظرات کے احکام، ستاروں کے زائچے کے مختلف گھروں اور برجوں میں ہونے کے احکام، کواکب، زائچے اور بروج کے منسوبات، حاکم یا مالک خانہ کے زائچے کے مختلف گھروں میں اثرات، شرف و ہبوط، عروج و بال، ترفع و تنزل، اوج و حضیض، کواکب کی عارضی اور مستقل دوستی دشمنی، زائچے کے مختلف گھروں پر بحث اور نجومی احکام اخذ کرنے کے اصول و قواعد، ادوار (دشا) نکلنے کا طریقہ اور احکام (حالات زندگی) بیان کرنے کے اصولوں سمیت لاتعداد نجومی امور کو اس کتاب میں زیر بحث لایا گیا ہے۔ نجوم کے موضوع پر اس عہد کی مایہ ناز تصنیف۔

ایڈیٹر
خالد اسحٰق راٹھور
ایم اے ہسٹری

خط و کتابت اور منی آرڈر ارسال کرنے کا پتہ
خالد اسحٰق راٹھور، مکان نمبر 2، گلی نمبر 11، محمد نگر نزد جامعہ نعیمیہ، گڑھی شاہو لاہور

پبلشر و چیف ایڈیٹر
شائستہ خالد راٹھور

ایڈیٹر
خالد اسحٰق راٹھور

اسسٹنٹ ایڈیٹر
حافظ محمد فرخ جاوید

سب ایڈیٹرز
عبدالباسط راٹھور
عبدالحی راٹھور

انچارج کمپوزنگ اینڈ ڈیزائننگ
زاہد اسحاق راٹھور

انچارج پبلیکیشن
شبیر رفیق

اوقات کار
صبح 11 تا شام 6 بجے تک / تعطیل بروز اتوار
وقفہ برائے صلوٰۃ جمعہ دوپہر 12:30 تا 1:30 بجے تک

فون
(042) 6374864 (042) 6293245
0300-4783518 0300-8442060
0321-4753240

قیمت
فی شمارہ راہنمائے عملیات: 30 روپے
12 شمارے: 525 روپے بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک
بیرون ملک: ۵۰ ڈالر (سالانہ)

بنک ڈرافٹ (Bank Draft)
M/s Rahnuma-i-amaliyat, A/c 1392-35,
Habib Bank Limited, Allama Iqbal Road,
Lahore, Pakistan

انٹرنیٹ (Internet)
kirathor@yahoo.com

ناشر۔ شائستہ خالد راٹھور۔ پرنٹر۔ الامین ٹریڈرز لاہور

فہرست مضامین

سال بھر کی تمام عملیاتی اور نجومی اور روزمرہ معلومات کے جامع ترین معلومات اور حسابات کی حامل جنتری

کیلنڈر برائے 2008ء

جنوری

اتوار	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ	ہفتہ
		۱	۲	۳	۴	۵
۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹
۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶
۲۷	۲۸	۲۹	۳۰	۳۱		

فروری

اتوار	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ	ہفتہ
					۱	۲
۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹
۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶
۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳
۲۴	۲۵	۲۶	۲۷	۲۸	۲۹	

مارچ

اتوار	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ	ہفتہ
۳۰	۳۱					۱
۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵
۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲
۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷	۲۸	۲۹

اپریل

اتوار	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ	ہفتہ
		۱	۲	۳	۴	۵
۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹
۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶
۲۷	۲۸	۲۹	۳۰			

مئی

اتوار	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ	ہفتہ
				۱	۲	۳
۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰
۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷
۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴
۲۵	۲۶	۲۷	۲۸	۲۹	۳۰	۳۱

جون

اتوار	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ	ہفتہ
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷
۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴
۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱
۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷	۲۸
۲۹	۳۰					

جولائی

اتوار	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ	ہفتہ
		۱	۲	۳	۴	۵
۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹
۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶
۲۷	۲۸	۲۹	۳۰	۳۱		

اگست

اتوار	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ	ہفتہ
۳۱					۱	۲
۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹
۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶
۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳
۲۴	۲۵	۲۶	۲۷	۲۸	۲۹	۳۰

ستمبر

اتوار	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ	ہفتہ
	۱	۲	۳	۴	۵	۶
۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳
۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰
۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
۲۸	۲۹	۳۰				

اکتوبر

اتوار	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ	ہفتہ
			۱	۲	۳	۴
۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱
۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸
۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵
۲۶	۲۷	۲۸	۲۹	۳۰	۳۱	

نومبر

اتوار	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ	ہفتہ
۳۰						۱
۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵
۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲
۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷	۲۸	۲۹

دسمبر

اتوار	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ	ہفتہ
	۱	۲	۳	۴	۵	۶
۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳
۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰
۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
۲۸	۲۹	۳۰	۳۱			

ماہنامہ راہنمائے عملیات لاہور

ہر ماہ شائع ہونے والا ایک ایسا پرچہ ہے جو علوم مخفی کو ہر فرد کے لیے آسان کر کے پیش کرتا ہے۔ عملیات، نجوم، رمل، اعداد، بانڈ نمبر، ساعات، ٹیلی پیتھی، ہپناٹزم، حاضرات، روحانیات، علم النفس، علم تقویم، ESP، شرف کواکب، نظرات کواکب، دین اسلام، بزرگان دین، اسلاف، طب، ماہانہ حالات، زکات عملیات اور بہت سے دیگر موضوعات پر مضامین اس میں شامل ہوتے ہیں۔ اس کی قیمت نہ ہونے کے برابر یعنی صرف 30 روپے ہے۔

خط / منی آرڈر

خط یا منی آرڈر فارم کے سب سے نچلے حصے پر اپنا کوائف نام، نام والدہ، پتہ اور مقصد صاف اور واضح تحریر کیا کریں۔ جواب طلب امور کے لیے اپنا پتہ لکھا جوابی خط لازم ارسال کریں۔

پیدائشی زائچہ اور خوش قسمتی کے نمبر

آپ کا پیدائشی زائچہ جہاں شادی، روزگار، سفر، تعلیم وغیرہ کے بارے میں بیان کرتا ہے وہاں آپ کے لیے ان خوش قسمتی کے نمبروں کا استخراج کرنے میں بھی معاون و مددگار ہوتا ہے۔ جن کے استعمال سے آپ مختلف آسان ذرائع آمدن جیسے کہ ریس، لاٹری، شیئرز، پرائز بانڈ وغیرہ سے بہتر نتائج حاصل کر سکتے ہیں۔

فیس بمعہ سوا اپنے پیدائشی زائچہ کی مدد سے خوش قسمتی کے نمبروں کے استخراج کے لیے۔ کوائف جس میں نام والدہ کا نام، تاریخ پیدائش، جگہ پیدائش اور وقت پیدائش ارسال کریں۔

جواب طلب امور کے لیے جوابی لفافہ لازم ارسال کریں۔
فون اور ملاقات کے لیے دفتری اوقات و طریقہ کار کی پابندی کریں۔

دفتری اوقات کار

ادارہ "راہنمائے عملیات و راٹھور پبلشرز" کے دفتری اوقات کار درج ذیل ہیں۔
ان اوقات کے علاوہ ملاقات ممکن نہ ہوگی۔

☆ وقت: صبح 11 بجے تا شام 6 بجے تک
☆ وقفہ صلوۃ جمعہ: دوپہر 30-12 تا 01:30 تک
☆ تعطیل: اتوار و دیگر حکومتی اعلانات کے مطابق

نوٹ: خالد اسحاق راٹھور ایڈیٹر راہنمائے عملیات سے ملاقات کے خواہشمند فون پر وقت لے کر آئیں۔ فون: 042 - 6374864
موبائل: 8442060 -0300 موبائل: 4753240 -0321
رابطہ: خالد اسحاق راٹھور، مکان نمبر 2، گلی نمبر 11، محمد نگر لاہور پاکستان۔

الواح رفع رجعت/نحوست سیارگان

سیارگان سیدھی اور الٹی دونوں چالیں چلتے ہیں۔ جس فرد کے زائچہ میں یہ سیدھی چال چل رہے ہوتے ہیں اُس کے معاملات زندگی مثبت شکل اختیار کرتے ہیں۔ لیکن جس کے زائچہ میں یہ اُلٹی چال (یعنی حالت رجعت میں ہوں) تو مختلف معاملات زندگی مثلاً مال و دولت، روزگار، شادی، اولاد اور محبت وغیرہ جیسے اُمور میں رکاوٹ، التواء اور پریشانیاں لاتے ہیں۔

مشاورت
مفت

قارئین کے زائچے کے مسائل و نحوست کو نظر میں رکھتے ہوئے خالد انسٹی ٹیوٹ آف اکلٹ سائنسز کے پرنسپل جناب خالد اسحاق راٹھور نے خصوصی الواح رفع رجعت/نحوست سیارگان تیار کی ہیں۔ جن کا زائچہ میں سیارگان کی حالت رجعت سے پیدا ہونے والے منفی اثرات اور اصلاح کے لیے استعمال نہایت مفید ہے۔

اگر آپ خود زائچہ نہیں بنا سکتے یا نہیں جان سکتے کہ آپ کے زائچہ میں کون کون سے کواکب حالت رجعت/نحوست میں آکر مختلف معاملات زندگی میں آپ کو ناکام و پریشان کر رہے ہیں تو ذیل میں دیا گیا کوپن ارسال کر کے اس حوالے سے بلا معاوضہ معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ **یہ سہولت محدود مدت کے لیے ہے۔**

کوپن برائے معلومات رجعت/نحوست سیارگان

نام ________________

نام والدہ ________________

پیدائش کا مقام، تاریخ اور وقت ________________

کوپن مکمل کرنے کا مقام، تاریخ اور وقت ________________

یہ کوپن صرف ماہ نومبر 2008 تک کارآمد ہے۔

نوٹ: یہ کوپن صرف زیر بحث مقصد کے لیے استعمال ہو سکتا ہے۔ اس کے علاوہ کسی قسم کے سوال کا جواب اس کے تحت نہیں دیا جائے گا۔ جواب کے لیے ایک سو روپے کے ڈاک ٹکٹ اور جوابی لفافہ جس پر آپ کا پتہ تحریر ہو لازماً ارسال کریں۔ جوابی لفافے پر ٹکٹیں نہ لگائیں ورنہ ٹکٹیں ضائع ہو جائیں گی اور آپ کو دوبارہ ارسال کرنا پڑیں گی۔

رابطہ: خالد اسحاق راٹھور، مکان نمبر 2، گلی نمبر 11، محمد نگر، لاہور۔

آزادی

خالد ہندی جنتری 2007 کی اشاعت پاکستان کی نجومی تاریخ کا ایک روشن باب ہے۔ پاکستان 1947 میں آزاد ہوا لیکن 2006 ایسا سال تھا جس نے پاکستان کے زریانہ/ ہندی نجوم کے شائقین کو پہلی مرتبہ انڈیا سے آنے والی جنتریوں سے آزادی دلائی۔

خالد ہندی جنتری کے تمام قارئین کو خصوصی مبارک۔

پچھلے سال کی طرح 2008 کے لیے بھی خالد ہندی جنتری آپ کے لیے پیش کی جارہی ہے۔ خیال رہے کہ انڈیا سے آنے والی تمام جنتریوں کے حسابات انڈیا کے وقت کے مطابق ہوتے ہیں جن کو ہمارے یہاں درستگی کے بغیر استعمال کیا جاتا ہے جو نجومی حساب میں بڑی غلطی کا باعث بنتے ہیں۔ اس کے علاوہ بھی کئی ایک چھوٹے بڑے مسائل ان جنتریوں کے ہوتے ہیں جن پر بحث کرنے کا یہ مقام نہیں۔ بہرحال خالد ہندی جنتری 2008 آپ کے ہاتھوں میں ہے اور اس میں دیئے گئے تمام حساب پاکستان کے حساب کے مطابق ہیں اور بلا کسی جمع تفریق کے آپ ان کو استعمال کر سکتے ہیں۔

ہماری یہ کاوش کس درجہ کامیاب ہوئی یہ آپ ہی بتا سکتے ہیں۔ ہمیں آپ کی آراء کا انتظار رہے گا۔

پچھلے سال کی نسبت اس سال کی خالد ہندی جنتری میں مزید بہتری کے لیے کچھ حسابات مزید تفصیل سے دیئے گئے ہیں۔ تاہم میں خود بھی خیال کرتا ہوں کہ مزید بہتری کی گنجائش ہر وقت موجود رہتی ہے۔ اگلے سال اس میں کیا کچھ بہتر کیا جا سکتا ہے یا اس میں مزید کسی مواد کی ضرورت ہے ہمیں ضرور لکھیں تاکہ خالد ہندی جنتری استعمال کرنے والے قارئین اس سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اُٹھا سکیں۔

آخر میں خصوصی طور پر ان تمام قارئین کا جنہوں نے اپنے مشورے خالد ہندی جنتری 2007 کے حوالے سے ارسال کیے اور وہ تمام افراد جو کسی نہ کسی طور پر خالد ہندی جنتری کی تیاری میں میرے معاون و مددگار رہے کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

آخر میں بس وہی ایک پرانی لیکن سچی بات کہ اس سفر میں جو کامیابیاں مقدر ہوئیں وہ سب اللہ تعالیٰ کی مہربانی اور فضل کے باعث ہیں اور جو کمزوریاں رہ گئیں وہ سب تقاضائے بشریت جن سے نہ آپ اور نہ میں فرار حاصل کر سکتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کا حامی و ناصر ہو اور ہم پر اپنی رحمتیں اور فضل نازل فرمائے اور ہمیں دنیا اور آخرت میں کامیاب فرمائے۔ آمین۔

دعا گو

خالد اسحاق راٹھور

ہندی/نریانہ

سالانہ حالات

علم نجوم کی روشنی میں

برج حمل

یکم جنوری تا 22 جنوری

اچھے وقت کا تسلسل ابھی جاری وساری رہے گا۔ قریبی عزیز اور بہن بھائی خاص طور پر چھوٹے آپ کے لیے معاون ومددگار ثابت ہوں گے۔ اگر کسی بھی سلسلے میں ان کی مدد درکار ہے تو کھلے دل کے ساتھ بات کریں ناامید نہ ہوں گے۔ امیدیں اور خواہش ہر انسان کے دل میں ہزاروں کے تعداد میں ہوتی ہے تاہم یہ وقت ایسا ہے۔ جو آپ کی کئی ایک قلبی خواہشات کی تکمیل کا اشارہ کر رہا ہے۔ کاروباری اور مادی لحاظ سے بھی اچھا وقت ہے۔ ذرائع آمدن میں اضافہ ہوگا اور جس بھی روزگار سے منسلک ہیں اس میں کامیابی ہوگی۔ اگر آپ کا روزگار کچھ ایسا ہے کہ آپ کو جائے رہائش سے کافی سفر کرنا پڑتا ہے تو پھر اس وقت جس قدر ہو سکے کام کریں بہت اچھے نتائج آئیں گے۔ اسی طرح سیل کا کام کرنے والوں کے لیے بھی اچھے مواقع نظر آ رہے ہیں۔ ماضی میں اس حوالے سے کچھ خدشات تھے تو اب ان کا حل نکلنے کی امید نظر آتی ہے۔ جنس مخالف کے لوگوں کے ساتھ تعلق وروابط قائم ہو سکتے ہیں۔

23 جنوری تا 17 مارچ

یہ وقت اُن معاملات میں آسانی لے کر آئے گا جن میں آپ اب سے پہلے تکلیف محسوس کر رہے تھے۔ مالی، مادی اور کاروباری حوالے سے یہ وقت بہت اہم ہے اور جو لوگ اس حوالے سے کچھ منصوبے رکھتے ہیں ان کو اپنے منصوبوں پر عمل پیرا ہونا چاہیے، کامیابی کے کافی زیادہ امکانات ہیں۔ ایک سے زائد جگہ سے آمدن ہو سکتی ہے تاہم اس وقت وہ افراد خانہ جو عمر میں بڑے ہیں جیسے والدہ اور دادا، دادی وغیرہ اِن کی صحت کے مسائل پیدا ہو سکتے ہیں اور اگر ان کی ذمہ داری آپ پر ہے تو ظاہر ہے کہ آپ بھی ان کی بیماری اور مشکل سے مسائل کا شکار ہوں گے۔ فنون لطیفہ سے متعلق لوگوں کو اس وقت آگے بڑھنے اور نام کمانے کے مواقع ملیں گے اور شہرت کا حصول ہو گا۔ بچوں کی تعلیم اور صحت کے معاملات کا دھیان رکھیں اور لاپرواہی اختیار نہ کریں اس حوالے سے بھی کچھ مشکلات سامنے آ سکتی ہیں۔ اپنے مخالفین اور دشمنوں پر نظر رکھیں گو آپ کے خلاف کوئی سخت اور پریشان کن قدم اس وقت اٹھانے کی پوزیشن میں تو نہیں لیکن ممکن ہے کچھ نہ کچھ چھوٹا موٹا مسئلہ پیدا کرنے میں لگے رہیں۔ پریشانی کی بات نہیں آپ کا پلڑا بھاری رہے گا۔ اچھی امیدیں اور تمنائیں کامیابی کا باعث ہوں گی۔

18 مارچ تا 5 مئی

اب تک جن مسائل کا آپ کو سامنا تھا اب اِن سے نجات کا وقت آ گیا ہے۔ اللہ کی مدد سے آنے والے دن نسبتاً پُرسکون اور اچھے ہوں گے۔ مالی و مادی لحاظ سے اچھا وقت ہے اور اس حوالے سے کامیابی ملے گی اور ذرائع آمدن میں اضافہ ہوگا۔ بیرون ملک جانے کے خواہش مند یا بیرون ملک کے حوالے کسی بھی قسم کے معاملات طے کرنے کے خواہشمند کھل کر کام کریں۔ انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔ مذہبی رجحان اس وقت زیادہ ہوگا' معاشرے میں بہتر مقام اور نام پائیں گے۔ اس کی وجہ صدقہ خیرات یا مذہبی سفر بھی ہو سکتے ہیں۔ اسی طرح وہ لوگ جو علوم مخفی سے متعلق ہیں اِن کے علم میں اضافہ ہوگا اور ایسے لوگوں کی مجلس ملے گی جو اس حوالے سے مستند ہوں گے۔ خاندانی زندگی بہتر بسر ہوگی۔ بچوں کی طرف سے خوشخبری ملے گی۔ پیدائش کے حوالے سے بھی ہو سکتی ہے اور اگر بڑے بچے ہیں تو ان کے کیریئر وغیرہ کے حوالے سے ہوگی

6مئی تا2جولائی

یہ حالات پڑھنے والا اگر طالب علم ہے کسی بھی شعبہ کا' تو ذہن میں ڈال لے کہ بے توجہی اور لاپرواہی ویسے بھی بری ہوتی ہے اور اب حالات ہی ایسے ہیں کہ معمولی سی غلطی بھی تعلیمی سلسلے میں رکاوٹ اور مسائل لائے گی۔ باقی اپنی عقل سے بھی کام لیں۔ اس عرصہ کے دوران کھانے پینے اور خوش خوراکی کے زیادہ مظاہروں کی ضرورت نہیں ورنہ معدہ جواب دے دے گا اور ہضم سے متعلق مسائل پیدا ہوں گے۔ شریک حیات کے ساتھ تعلق میں بگاڑ اور بحث مباحثہ بڑھ جائے گا جو کسی بھی صورت ازدواجی اور گھریلو زندگی کے لیے بہتر نہیں ہے۔ کوشش کریں کہ زیادہ بحث میں نہ پڑیں گو آپ کی شریک حیات کی کوشش یا خواہش بھی ایسی ہی ہوگی سو اب یہ آپ پر ہے کہ آپ کیا طرز عمل اختیار کرتے ہیں۔ وہ لوگ جو بانڈ نمبرز یا ایسے دیگر ذرائع آمدن میں دلچسپی رکھتے ہیں اِن کو اس وقت غیر محتاط ہو کر نہیں روپیہ لگانا چاہیے۔ کم سے کم خرچ کریں یہی بہتر پالیسی اس وقت کی ہے۔ بچوں کی صحت اور دیگر معاملات پر توجہ دیں۔ صاحب اولاد افراد کو ایسے مسائل پیش آئیں گے جو آپ کے مزاج پر گراں گزر سکتے ہیں۔

3جولائی تا23اگست

اب آپ ایک ایسے وقت میں داخل ہوں گے جو آپ کے معاملات میں آسودگی لانے کا باعث ہوگا۔ کوشش اور ہمت آپ کی ہی ہوگی۔ بہر حال اس وقت خاص طور پر بیرون ملک جانے یا رابطہ قائم کرنے یا بزنس وغیرہ کرنے کے حوالے سے اچھے احکام سامنے آ رہے ہیں، سو اس حوالے سے اپنی کوشش کریں۔ اللہ بہتر کرنے والا ہے۔ اندرون ملک سفر چاہے میل ملاقات چاہے پیشہ وارانہ ہو مفید ثابت ہوگا۔ اس وقت کے حوالے سے گو اچھے اشارے مل رہے ہیں تاہم ہمارا مشورہ ہے اپنے مزاج پر قابو رکھیں اور بے مقصد بھاگ دوڑ اور کبھی ایک معاملہ اور کبھی دوسرا معاملہ ہاتھ میں لے کر زندگی بسر کرنے کا رویہ مثبت نتائج نہیں لائے گا۔ اپنی ذہن کو ایک جگہ مرتکز کریں اور اپنی تمام تر ذہنی اور جسمانی طاقتوں کو مقررہ منزل کے حصول کے لیے استعمال کریں یہی وقت کا تقاضہ ہے۔

24اگست تا13ستمبر

ملے جلے حالات و واقعات پر مشتمل یہ وقت قسمت کے حوالے سے اچھے اشارے لیے ہوئے ہے۔ مالی، مادی، نوکری اور بزنس کے حوالے سے آگے بڑھنے اور ترقی کرنے کے مواقع دستیاب ہوں گے اور اللہ کی رضا، مرضی سے کئی کامیابیاں حاصل کر سکیں گے۔ کچھ ایسے امور بھی ہوں گے جو مستقبل میں اچھے حالات و واقعات کی ضمانت دیں گے۔ ہمارا مشورہ ہے اپنی آنکھیں اور کان کھول کر رکھیں آپ کے دشمن اور مخالف آپ سے زیادہ دور نہیں بلکہ آپ کی بغل کے نیچے ہیں۔ اگر آپ اب بھی اِن کی پہچان نہیں کر سکے تو پھر کیا کہا جا سکتا ہے۔ والدین یا بڑے بوڑھے جو آپ کے خاندان کا حصہ ہیں آپ کے لیے اُن کی صحت کے معاملات پر نظر رکھنا حد درجہ ضروری ہوگی۔ اور اگر ان کی مکمل ذمہ داری آپ پر ہے تو اس سلسلے میں خاص خیال رکھیں ورنہ اِن کی صحت کے مسائل آپ کی زندگی کے دیگر شعبوں پر اثر انداز ہوں

گے۔

14ستمبر تا13نومبر

زیر بحث عرصہ کے دوران جو لوگ فطری طور پر جلد گھبرا جاتے ہیں اور نروس نس کا شکار ہو جاتے ہیں۔ اِن کو خاص طور پر اپنے اوپر قابو پانے کی کوشش کرنی چاہیے۔ کیونکہ یہ وقت ایسا ہے جس میں کئی ایک مسائل سامنے آئیں گے۔ اور اِن کا سامنا کرنا بھاگنے یا کبوتر کی طرح آنکھیں بند کر کے بیٹھنے کی نسبت بہتر ہوگا۔ اس عرصہ کے دوران ایک اور خاص بات یہ ہے کہ اگر آپ محسوس کریں کہ کچھ معاملات ایسے ہیں جن کو آپ فوری طور پر اپنے حق میں ہموار نہیں کر سکتے تو فی الحال اِن کے حوالے سے کسی فیصلہ میں پڑیں بلکہ دوسرے لوگوں سے اِن کو حل کرنے کے لیے وقت لے لیں اور آگے آنے والے مثبت وقت سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھائیں۔ اس وقت جو مسائل سر اٹھا رہے ہیں گے اِن میں سے اہم ترین پیشہ وارانہ زندگی کے مسائل ہیں چاہے آپ اپنا بزنس کر رہے ہوں یا نوکری کوئی نہ کوئی مسئلہ سامنے آتا رہے گا۔ اسی طرح مالی حوالے سے ذرائع آمدن میں بندش محسوس ہوگی اور اخراجات بڑھ جائیں گے۔ شریک حیات کی توقعات آپ سے بڑھ جائیں گی اور ان کی خواہش ہوگی کہ آپ اِن پر پورا توجہ دیں اور یاد رکھیں آپ کی پُرسکون گھریلو زندگی کے لیے ہمارا بھی یہی مشورہ ہے کہ وہی کریں جو آپ کی شریک حیات کی خواہش ہے۔

14نومبر تایکم دسمبر

بیرون ملک سفر یا تعلق رابطہ وغیرہ کے حوالے سے اچھا وقت ہے۔ اگر آپ کاروباری فرد ہیں یا نوکری پیشہ تو اس وقت جائے رہائش کی تبدیلی یا ٹرانسفر یا کاروبار کو دوسرے شہر میں پھیلانا اچھا ثابت ہوگا۔ عمومی لحاظ سے اچھا وقت ہے اور پیچھے جو بچوں کے مسائل سامنے آ رہے تھے اِن میں بہتری کے بھی کچھ نہ کچھ اسباب انشاء اللہ سامنے آئیں گے۔

2دسمبر تا 31دسمبر

اس وقت کے دوران آپ کو اپنی صحت کو خصوصی اہمیت دینا چاہیے خصوصاً عورتوں کو زنانہ امراض سے واسطہ پڑ سکتا ہے۔ مخالفین اور دشمنوں میں اضافہ ہوگا۔ ہمسائیوں اور کام کرنے کی جگہ یا خاندان کے لوگ آپ کی بدخوئی اور دشمنی کا مظاہرہ کریں گے اور اِن پر قابو پانا اس وقت کافی مشکل ہوگا۔ طبیعت میں تیزی و تندی رہے گی کسی ایک فیصلہ پر قائم رہنا اور عمل کرنا آسان نہ ہوگا۔ مزاج میں آنے والی تبدیلیاں آپ کے فیصلوں اور آرا پر بھی اثر انداز ہوں گی۔ پیشہ وارانہ ماحول میں بھی تناؤ رہے گا اور لوگ سخت رویہ رکھیں گے اور کاروبار میں مقابلے کا رجحان پایا جائے گا۔ ہمارا مشورہ ہے کہ نہایت سمجھ داری کے ساتھ اس وقت کو سر کریں اور زیادہ تناؤ کا مظاہرہ کیے بغیر حالات پر قابو پانے کی کوشش کریں یہی اس وقت سب سے بہتر طرز کار ہے۔ وہ لوگ جو جوئے اور چانس کے کاموں میں دلچسپی رکھتے ہیں دھیان سے کھیلیں عموماً گیم ہاتھ میں آتے آتے نکل جائے گی۔ رسک لینے والے تمام کام عزت اور شہرت کے لیے تازیانے کا کام دیں گے۔

یکم جنوری تا22جنوری

اس عرصہ کے دوران تناؤ کی کیفیت ابھی ختم نہ ہوگی۔ ہاں یہ ہو سکتا ہے کہ مسائل کی نوعیت بدل جائے مثلاً پہلے آپ کی صحت کے حوالے سے مسائل ہو سکتے تھے تو اب شریک حیات کے حوالے سے محتاط رہنے کی ضرورت ہوگی۔ تاہم ایک بات ضرور ہے کہ اس عرصہ میں کیا کچھ اور کیسے پیش آئے گا اس کا زیادہ انحصار آپ کے رویے اور لوگوں کے ساتھ تعلقات کی نوعیت پر بھی ہوگا۔ مسائل کا سامنا کرتے ہوئے گھبراہٹ کا شکار ہو جاتے ہیں یا تحمل اور ثابت قدمی کا مظاہرہ

کرتے ہیں۔ شراکت پر کاروبار کرنے والوں کو نسبتاً زیادہ مسائل کا سامنا ہوگا۔ یوں نوکری پیشہ کو بھی مسائل ہوں گے تاہم شراکت کار زیادہ متاثر ہوں گے۔ کام اور کاروبار کی جگہ چغل خور اور کمینی حرکتیں کرنے والے زور پکڑیں گے۔ بچوں کی صحت کے حوالے سے مسائل سامنے آسکتے ہیں۔ اس میں اِن کو چوٹ لگنا، پھوڑے پھنسی اور بخار کا ہونا اہم ہے۔ اس عرصہ کے دوران کوئی بھی صورت ہو مقدمہ بازی میں الجھنے کی کوشش نہ کریں، عدالت سے باہر معاملات کو طے کرنا آپ کے لیے زیادہ مفید ثابت ہوگا۔

23جنوری تا 17مارچ

نوکری پیشہ افراد کو اس وقت کو محتاط ہو کر بسر کرنا چاہیے۔ افسران بالا آپ کی ہر ہر حرکت پر نظر رکھے ہوئے ہوں گے۔ یہ تو نہیں کہا جا سکتا کہ وہ آپ کو برطرف کرنا چاہتے ہیں تاہم یہ ضرور ہے کہ وہ آپ سے زیادہ سے زیادہ بہتر کارکردگی کا مظاہرہ دیکھانے کی خواہش رکھتے ہیں اور اگر یہ کہا جائے کہ اگر آپ اِن کو مطمئن کرنے میں کامیاب ہو گئے تو مستقبل میں ضرور اپنی محنت کا پھل پا سکیں گے۔ اس طرح وہ افراد جو خاندانی یا شراکت کے کاروبار میں ہیں۔ اِن کے بڑے یا شریک کار بھی نسبتاً سخت رویے کا مظاہرہ کریں گے ایسی صورت حال میں ناامید ہونے کی بجائے یاد رکھیں یہ برائی کی شکل میں اچھائی ہے اور اس کا ثمر بہر حال آپ کو ضرور ملے گا۔ شرط صرف محنت اور محنت کی ہے۔ اپنے کام اور منصب کے ساتھ مخلص رہیں۔ بلاشبہ دوسروں کا بھلا نہ سوچیں اپنا بھلا سوچیں۔ وہ افراد جن کے والد حیات ہیں یا گھر میں اس درجہ کا کوئی اور بڑا بوڑھا ہے تو بہت ممکن ہے اس کی صحت کی خرابی وغیرہ سے واسطہ پڑے ایسی صورت میں علاج معالجہ پر توجہ دیں تاکہ معاملات میں زیادہ خرابی پیدا نہ ہو۔ تمام تو نہیں البتہ بہت سے افراد کا رجوع مذہب اور علوم مخفی کی طرف ہو سکتا ہے اور وہ مذہبی روحانی یا نجومی عملیاتی تعلیم کے حصول میں سنجیدہ ہو سکتے ہیں۔ اگر آپ کے ساتھ بھی ایسا ہے تو ضرور کوشش کریں کامیابی کا امکان ہے۔ اللہ کے فضل سے۔

18مارچ تا5 مئی

یہ ایک ایسے وقت کی ابتداء ہے جب دوسروں سے زیادہ آپ کو اپنے پر توجہ دینی چاہیے۔ معاملہ چاہیے آپ کی صحت کا ہو چاہے روزگار و بزنس کا۔ ہر جگہ اور ہر وقت اِن کے بارے میں اپنے رویہ میں اصلاح کریں بصورت دیگر ایسا نجومیکلم بن رہا ہے کہ آپ کی صحت خراب ہو سکتی ہے۔ خاص طور پر ایسے افراد تو ضرور متاثر ہوں گے جو مزمن امراض کا شکار ہیں۔ نوکری پیشہ افراد کا تعلق اُن کے افسروں کے ساتھ کیسا ہے یہ بھی اس وقت کا اہم سوال ہے۔ سینئر آفسر مسائل پیدا کر سکتے ہیں سو اس وقت زندگی میں عمومی رویہ براہ راست جواب دینے کا آپ کو اختیار نہیں کرنا چاہیے بلکہ ڈپلومیسی سے کام لینا چاہیے۔ مذہبی اور علوم مخفی سے متعلق امور میں آپ کی دلچسپی بڑھے گی۔

6مئی تا2جولائی

خبردار/محتاط یہ وقت ایسا ہے جیسا کہ آپ ایک استاد کے زیر نگرانی ہوں جو لحہ بہ لحہ آپ کی نگرانی پوری تندہی اور سختی کے ساتھ کر رہا ہے کہ شائد یہی وہ وقت پورے سال کا ہے جب آپ کے لالچ اور زیادہ سے زیادہ مادی فوائد کے حصول کا جذبہ پورے عروج پر ہوگا۔ ایک طرف زمین بلڈنگ اور زراعت جیسے امور سے فائدہ ہونا نظر آتا ہے۔ کاروباری لحاظ سے اور دوسری طرف خاندانی اور ذاتی جائداد اور زمین وغیرہ کے حوالے سے مسائل سر اٹھاتے نظر آتے ہیں بلکہ یہ کہا جائے تو عملی طور پر غلط نہ ہوگا کہ ذاتی حوالے سے جہاں آپ کمزور ہوئے وہاں آپ کو زک اٹھانی پڑے گی۔ اس عرصے کے دوران ذہنی دباؤ اور مزاج کی تندی کا شکار ہوں گے۔ بہت ممکن ہے آپ کے برج کے بہت سے لوگوں کو رہائش کی تبدیلی وغیرہ جیسے مسائل بھی آگھیریں۔ گھریلو اور خاندانی حوالے سے یہ وقت مسائل پیدا کرنے والی مشین کے طور پر کام کرے گا۔ اس وقت سے کامیابی سے گزرنے کا واحد راستہ تحمل اور محتاط رویہ ہے۔ جلد بازی اور خودسری کسی طور پر کام نہ آئے گی۔ اس عرصہ کے دوران اسٹاک اور رسک لینے والے ایسے دوسرے کاموں سے دور رہیں۔ ہمارے حساب کے مطابق ان سے

فائدہ ہونا نظر نہیں آرہا۔ والدہ کی طبیعت کی خرابی سے واسطہ پڑسکتا ہے۔ قدیم اور غیر آباد مقامات پر بالکل نہ جائیں چاہے یہ کاروبار کی مقاصد کے تحت ہو چاہے سیر و تفریح کے فی الحال اس طرف رخ کرنا مناسب نہیں۔ بچوں کا دھیان رکھیں اِن سے متعلق مسائل بھی سامنے آسکتے ہیں۔

3جولائی تا23اگست

یہ وقت بھی پچھلے وقت کے تسلسل میں سختی ہی کا مظہر ہے۔ شاید مسائل اور اِن کی نوعیت تبدیل ہو جائے تاہم مجموعی طور پر حالات غیر تسلی بخش اور غیر مطمئن کرنے والے ہی ہوں گے۔ ہاں اس وقت ایک مثبت بات یہ ہے کہ حالات کے دھارا موڑنے کی کچھ نہ کچھ صلاحیت اس وقت فطرت کی طرف سے آپ کو بھی ودیعت کی جائے گی اور وہ آپ کا طرزِ عمل اور طرزِ سوچ۔ آپ اگر مضبوط قوت ارادی اور ارتکازِ توجہ کے حامل ہیں یا اس کا مظاہرہ اس وقت کر سکتے ہیں تو ہمارے حساب سے حالات کا رخ موڑنے میں کامیاب ہو جائیں گے۔ یوں آپ کے حالات و واقعات پر نظر ڈالی جائے تو حساب سے نظر آتا ہے کہ ذرائع آمدن میں کمی واقع ہوگی۔ روپیہ کا بہاؤ سست ہو جائے گا کہ آمدن کی نسبت اخراجات زیادہ ہوں گے۔ صحت کے مسائل اپنی جگہ تاہم اس عرصہ کے دوران اگر اس برج کے حاملین کو جلد یا نروس نیس کے مسائل کا سامنا ہو تو بہتر ہے فوری طور پر علاج پر توجہ دیں کیونکہ اِس حوالے سے اس عرصے کے دوران صحت کے مسائل بڑھ سکتے ہیں۔ اس عرصہ کے دوران ایک بات جس کا خاص طور پر دھیان رکھنا ضروری ہے وہ ہے آپ کے نئے نئے بننے والے تعلقات۔ یعنی یہ تعلقات کس قسم اور طبقہ کے لوگوں سے بن رہے ہیں۔ آپ جس بھی معاشرتی پس منظر کے حامل ہیں ایسے لوگوں سے تعلق جو معاشرتی طور پر آپ سے کم تر ہیں آپ کے لیے فائدہ مند نہ ہوگا۔ اہل خاندان اور حلقہ احباب میں اس وجہ سے آپ کی مخالفت پیدا ہوگی اور شاید کئی حوالوں سے یہ لوگ آپ کے بارے میں غیر محتاط رویہ اختیار کریں۔ سو جو بھی قدم اٹھائیں خوب سوچ سمجھ کر اٹھائیں۔

24اگست تا13ستمبر

وہ لوگ جن کا علوم مخفی یا ایسے ہی دیگر علوم کے ساتھ تعلق ہے اِن کے لیے اس وقت آگے بڑھنے کے واضح امکانات ہیں۔ گو معاملات آسان نہ ہوں گے لیکن اگر توجہ محنت اور مستقبل مزاجی سے کام لیا گیا تو بالضرور کامیابی کا حصول ہوگا۔ باقی معاملات کے حوالے سے بھی کچھ ایسی ہی صورت حال پیش آئے گی۔ صرف اپنے کام اور منصب کے ساتھ مکمل سچائی کے ساتھ منسلک ہونا ہی کامیابی کا باعث ہوگا۔ یہ وقت سخت محنت کا متقاضی ہے۔ آپ کے قریبی رشتہ دار یا بھائی بہن آپ سے مالی مدد و تعاون کے خواستگار ہو سکتے ہیں۔ تاہم ہمارا مشورہ یہ ہی ہوگا کہ اپنی گنجائش کے مطابق دوسروں کی مدد کریں اِن کے لیے قرضہ یا احسان ذمہ داریوں کا بوجھ نہ اٹھائیں۔

14ستمبر تا13نومبر

یہ وقت بہت سے امور میں کشادگی لائے گا۔ صاحب حیثیت افراد، افسران بالا اور بڑے کاروبار لوگ آپ کی جو بھی معاشرتی پوزیشن ہے اس کے مطابق آپ کے لیے نرم گوشہ رکھیں گے اور آپ کو مالی و مادی مفاد حاصل ہوں گے۔ وہ لوگ جو سیر تفریح کے لیے عرصہ سے سوچ رہے تھے اب اِن کو تفریح کے اچھے مواقع ملیں گے۔ افراد خانہ کے ساتھ سیر و تفریح کے لیے بہترین وقت ہے۔ عاشقوں کے لیے بھی خوشنودی ہے۔ اِن کو بھی عاشق و محبت کے چانس ملیں گے تاہم ہمارا مشورہ ہے کہ اگر محبوب کے ساتھ شادی کرنے میں مخلص ہیں تو وقت ضائع کیے بغیر معاملات کو طے کرلیں۔ لوگوں میں اچھی شہرت اور پیار ملے گا۔

14نومبر تا یکم دسمبر

پچھلے وقت کی نسبت فرق ہوگا۔ بیوی اور بچوں سے متعلق مسائل اور صحت کی خرابی کی شکایت پیدا ہوگی۔ یہ وقت کسی قسم کی کاروباری شراکت کے لیے موزوں نہیں۔ شادی کے خواہشمند خواتین حضرات اس وقت منگنی نکاح سے باز رہیں ورنہ اچھے نتائج حاصل نہ ہوں گے۔

2دسمبر تا 31دسمبر

اس برج سے متعلق وہ لوگ جو بانڈ ریس لاٹری جیسے کاموں میں دلچسپی رکھتے ہیں اس عرصہ کے دوران اپنے آپ کو کھیلنے سے نہیں روک سکیں گے۔ اِن کو کھیلنا چاہیے یا نہیں یہ بہت اہم سوال ہے۔ اس کا جواب یہی ہے کہ کم از کم رسک کی گیم کھیلیں کیونکہ جاری کو اکبی صورتحال بہت بڑے انعام کی نشان دہی نہیں کرتی۔ گھریلو اور خاندانی زندگی خوشگوار رہے گی اور سیر و تفریح کے مواقع ملیں گے۔ بچوں کے حوالے سے بھی اچھی خبریں آئیں گی۔ تعلیم حاصل کرنے اچھی رزلٹ اور روزگار کے متلاشی حصول روزگار میں کامیاب ہوتے نظر آتے ہیں۔ معاشرتی اور سوشل تعلقات میں اضافہ ہوگا۔ میل ملاقات اور اکھٹے اُٹھنے بیٹھنے کا مواقع ملیں گے۔ بیرون ملک جانے یا اس حوالے سے معاملات طے کرنے یا مذہبی سفر پر جانے کے لیے بھی موزوں وقت اور امکانات ہیں۔

برج جوزا

یکم جنوری تا22جنوری

جاری کو اکبی پوزیشن کے تحت ایک ایسا وقت جو آپ کے اندر ایسی صلاحیتوں کا اظہار کر رہا ہے جن کے تحت اس عرصہ کے دوران اپنی پوری توانائی کے ساتھ آگے بڑھنے اور حسب منشا کامیابی حاصل کرنے کے لیے جدوجہد کریں گے۔ مالی و مادی لحاظ سے ایک اچھا وقت ہے۔ مالی آسودگی حاصل ہوگی اور پیشہ ورانہ طور پر کوئی نہ کوئی کامیابی ضرور ملے گی۔ کاروباری افراد کو آگے بڑھنے کے مواقع ملیں گے اور نوکری پیشہ افراد کی قدر اور عزت بڑھے گی۔ ہاں دماغ پر قابو رکھنا ضروری ہے کیونکہ بعض اوقات آپ بہت جلدی میں ہوں گے اور جلد بازی کے فیصلہ کو قابو رکھنا ضروری ہے اور جلد بازی کے فیصلہ کو کوئی بھی اچھا نہیں کہہ سکتا۔ اسی طرح بعض اوقات آپ دوسرے کی بات ختم یا اس کو اپنی صفائی دینے سے قبل جواب دینے کی کوشش کریں گے یہ طرز عمل بھی مسائل اور ٹینشن کا باعث ہوگا۔ اپنے اندر کی توانائی کو کام اور ورزش کے ذریعے کنٹرول کریں۔ زبان اور ہاتھ سے نہیں۔ ماہ رواں میں ایک دوسرا پہلو جو متاثر کر سکتا ہے وہ آپ کی ذاتی صحت ہے گو ایسی کوئی بڑی صحت کی پرابلم تو نظر نہیں آتی پھر بھی چھوٹے موٹے مسئلے تنگ کریں گے ہاں البتہ حادثہ یا چوٹ خطرناک ثابت ہو سکتی ہے۔ سو دوران گفتگو، بحث اور پھر لڑائی میں دھیان سے پڑیں۔

23جنوری تا 17مارچ

وہ لوگ جو علوم مخفی سے تعلق رکھتے ہیں اِن کے لیے یہ وقت بہت اہمیت کا حامل ہے اُن کو اپنی دلچسپی کے شعبے میں اپنی کاملیت اور قابلیت کو بڑھانے کے مواقع ملیں گے۔ اچھا استاد بھی مل سکتا ہے۔ اس عرصہ کے دوران اس برج سے متعلق لوگوں کے تعلقات باپ کے ساتھ زیادہ خوشگوار نہ ہوں گے۔ خاص طور پر وہ لوگ جو اپنے باپ سے کوئی امید لگائے بیٹھے ہیں یا اُن کے خیال ہے کہ باپ کسی خاص حوالے سے اِن کے لیے مددگار ہوگا تو اس حوالے سے زیادہ امید لگانا فائدہ مند ثابت نہ ہوگا۔ شادی شدہ افراد کو سسرال کے رویے سے شکایت پیدا ہوگی اور اِن کی شکایت کافی حد تک درست بھی ہوگی۔ تاہم دل پر نہ لگائیں تو اتنا بڑا مسئلہ نہیں ہے۔ اس مسئلہ کو نکال کر دیگر گھریلو ماحول خوشگوار ہوگا اور گھر میں اچھے دن گزریں گے۔ قانونی معاملات کے حوالے سے پہلے وقت کی نسبت یہ وقت بہتر نہیں ہے سو اس حوالے سے لاپرواہی اختیار نہ کریں بلکہ مناسب اور ذمہ دارانہ طرز اختیار کریں۔ اِس طرح وہ افراد جن کے روابط غیر ممالک کے ساتھ ہیں یعنی کاروبار کر رہے ہیں یا باہر جانے کے خواہش مند ہیں یا ایسے ہی دیگر کوئی معاملہ ہے تو معمول کے کاموں سے زیادہ کچھ حاصل نہ ہوگا۔ اس حوالے سے کوئی بھی نیا کام پایہ تکمیل تک نہ پہنچے گا۔

18مارچ تا5 مئی

یہ وقت اُن مسائل کا حل لے کر آئے گا جن کا شراکت یا ازدواجی حوالے سے آپ کو پہلے سامنا تھا۔ کاروبار شریک، ساجھے کے بزنس، مشترکہ خاندان میں رہنے والوں کو جن مسائل کا سامنا تھا اب اِن کے حل نکل آئیں گے۔ سو ہمارا مشورہ ہے کہ وقت کے دھارے سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھاتے ہوئے معاملات حیات میں بہتری کی کوشش کریں، کامیابی ہوگی۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں بہتری کی کوشش کریں، کامیابی ہوگی۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ دفتر میں ساتھیوں کے ساتھ تعلقات میں موجود تناؤ کی کیفیت ختم ہو جائے گی اور عام معاشرتی مخالفت کی لہر بھی ختم ہو جائے گی۔ سفر کا امکان ہے سو بیرون ملک جانے یا بیرون ملک تجارت یا کاروبار وغیرہ یا نوکری کے حوالے سے کوشش کرنا چاہیں تو اِن دنوں میں کر سکتے ہیں۔ اچھے امکانات ہیں وہ والدین جو اپنے اولاد کے معاملات کی وجہ سے پریشان تھے اب اِن کو بھی سکون کا سانس ملے گا اور اولاد سے متعلق پریشانیوں اور مسائل میں بھی کمی واقع ہوگی۔

6مئی تا2جولائی

یہ وقت سارے معاملات میں تو نہیں البتہ کئی ایک ایسے معاملات سے جو پچھلے کافی عرصے سے آپ کو تنگ کر رہے تھے اِن میں سکون کا سانس دینے کا باعث ہوگا۔ کاروباری لوگ جو کسی کامیابی کا انتظار کر رہے تھے یا نوکری پیشہ جو سہولت تلاش کر رہے تھے اب وقت ہے کہ اِن کی خواہشات کی کسی نہ کسی طور تکمیل ہو سکے۔ خصوصاً نیا کام شروع کرنے یا پرانے کام کو بڑھانے اور ترقی دینے کے حوالے سے اچھا وقت ہے۔ اس عرصہ کے دوران اس برج کے جو لوگ عشق و محبت کے چکروں میں رہتے ہیں اِن کو بھی دل خوش کرنے کے مواقع ملتے نظر آ رہے ہیں۔ تاہم آنے والے دنوں کے حوالے سے محتاط طرز عمل کا مشورہ دیا جاتا ہے۔ شادی شدہ افراد کی زندگی بہتر گزرے گی اور جن میاں بیوی میں اختلاف تھا یہ مناسب وقت ہے کہ اِن کو اپنے اختلافات دور کرنے کی کامیاب کوشش کرنی چاہیے۔ صحت کی طرف سے ابھی بھی لاپرواہی نہ کریں۔ مخالف عملیاتی حوالے سے بھی نقصان پہنچانے کی کوشش کر سکتے ہیں۔ بلکہ وہ آپ کے خلاف حکام بالا تک بھی جا سکتا ہے، تاہم اِن دنوں میں آپ کو زیادہ نقصان پہنچانے یا تکلیف دینے کی پوزیشن میں نہ ہوگا۔ قریبی عزیز و اقارب سے تعلق زیادہ خوشگوار نہ ہوں گے۔

3جولائی تا23اگست

پہلے کی نسبت اب آپ کے مخالفین آپ کے خلاف زیادہ سرگرم ہوں گے اور اس پوزیشن میں بھی ہوں گے کہ آپ کو نقصان پہنچا سکیں۔ سو اس حوالے سے کسی لاپرواہی کا مظاہرہ نہ کریں۔ بلکہ مکمل دھیان رکھیں کہ مخالفین کیا چال چل رہے ہیں؟ وہ لوگ جو تاجرانہ ذہن رکھتے ہیں اُن کو اس عرصے میں زیادہ فائدہ ہوگا البتہ وہ لوگ جو اشیا بنانے یا کارخانے وغیرہ جیسے کام کر رہے ہیں اِن کو نسبتاً کم فوائد ہوں گے۔ یعنی ایک ہاتھ سے مال خرید کر دوسرے ہاتھ فروخت کر دینا زیادہ بہتر نتائج لائے گا۔ اس برج سے متعلق جو لوگ باہر جانے کے خواہش مند ہیں اِن کے لیے مناسب وقت ہے۔ اسی طرح بیرون ملک کام یا کاروبار یا تعلیم باہر وغیرہ کے لیے جانا بھی ممکن ہوگا۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات پر نظر رکھیں۔ اگر توجہ نہ دی گئی تو بدمزگی کا سامنا ہوگا۔

24اگست تا13ستمبر

قانونی مسائل سے واسطہ پڑ سکتا ہے۔ لوگوں کے ساتھ تناؤ اور جھگڑے واقع ہو سکتے ہیں۔ مخالفت میں اضافہ ہوگا۔ تاہم پریشانی کو اپنے اوپر طاری نہ کریں۔ اس سارے مخالفانہ ماحول سے بچاؤ کے اسباب بھی پیدا ہوں گے۔ والد حیات ہیں تو اِن سے زیادہ توقعات وابستہ نہ کریں۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے اور وہ لوگ جو علوم مخفی سے متعلق ہیں اِن کو بہتر راہنمائی اور حصول علم کے مواقع ملیں گے۔

14ستمبر تا13نومبر

اوپر جو حد دوار بعہ کی بات کی اب اس سے آگے بڑھ کر محتاط رویہ اور طرز عمل بھی وقت کی ضرورت بن جائے گا۔ لوگوں کے ساتھ تناؤ کی

کیفیت پیدا نہ کریں۔ بات بہ بات آنکھیں نکالنے اور سر کی گرمی باہر نکالنے کی ضرورت نہیں۔ اس وقت روزگار اور عمومی زندگی کے حوالے سے کسی لالچی رویہ کا اظہار نہ کریں۔ یہ رویہ ناکامیابی اور مسائل کا شکار کردے گا۔ ضرورت سے زیادہ خوداعتمادی بھی درست نہیں۔ خاندانی زندگی اور کام کرنے کا ماحول' ہر دو جگہوں پر مسائل کا سامنا ہوگا اور چھوٹی موٹی توں توں چلتی رہے گی۔ مخالفین سر اٹھانے کی کوشش کریں گے اور جزوی طور پر کامیاب بھی رہیں گے۔ اس کے علاوہ صحت کے مسائل سے بھی واسطہ پڑ سکتا ہے۔ سو چھوٹے چھوٹے امراض سے صرف نظر نہ کریں۔ یہی اشارے آگے چل کر بڑے مسائل و امراض کی وجوہات ثابت ہوں گے۔

14 نومبر تا یکم دسمبر

پچھلے کچھ عرصہ سے جو مسائل آپ کے سامنے آرہے تھے اب اِن کے حوالے سے آپ کو سکون کی سانس ملے گی۔ افسران بالا اور حکمران طبقہ میں آپ کی بات سنی جائے گی۔ اسی طرح آپ سے صاحب حیثیت لوگ آپ کی بات کو اہمیت دیں گے۔ ہاں اپنی صحت کا دھیان رکھیں۔ آنکھوں اور جسم میں کہیں نہ کہیں درد جیسے مسائل سے واسطہ پڑے گا۔

2 دسمبر تا 31 دسمبر

اس عرصہ کے دوران سیر و تفریح کے شوقین افراد حسب منشا مواقع سے لطف اندوز ہو سکتے ہیں۔ افراد خانہ کے ساتھ بھی اچھے اور خوشگوار تعلقات رہیں گے۔ خاندان میں شادی دعوت اور ایسے کسی دیگر واقعہ کی بھی توقع ہے۔ مالی معاملات کے حوالے سے اچھا وقت ہے اور کاروباری حضرات کو خاص طور پر آگے بڑھنے کے مواقع ملیں گے۔ وہ لوگ جو زمین جائیداد یا مکان وغیرہ خریدنے کے خواہشمند ہیں اِن کو بھی اس حوالے سے کوئی نہ کوئی کامیابی ضرور ملے گی۔ وہ نوکری پیشہ افراد جو ترقی کے چاہے وہ عہدہ کی ہو یا تنخواہ کی اِن کو بھی اس حوالے سے مطمئن رہنا چاہیے۔ اس کے بھی واضح امکانات ہیں۔ شیئرز اور جوئے کے کام میں زیادہ رقم نہ لگائیں۔ وہ جن کے گھر اولاد نہیں یا شادی کے خواہشمند ہے اِن کو بھی اس عرصہ میں موقع ملے گا۔ جو مختصر دورانیے پر مشتمل ہوگا۔

یکم جنوری تا 22 جنوری

گو کچھ فلکی پوزیشن تبدیل ہوتی نظر آرہی ہے تاہم مجموعی طور پر حالات میں کچھ زیادہ بہتری کے امکان نظر نہیں آتے۔ ہاں مسائل کی سمتیں ضرور تبدیل ہوں گی۔ وہ دوست احباب جن پر آپ تکیہ کیے بیٹھے تھے آپ کی توقعات پر پورے نہ اتریں گے بلکہ بوقت ضرورت شائد آپ کو نظر بھی نہ آئیں۔ اگر آپ کے بچے ہیں اور وہ عمر کے چھوٹے حصے میں ہیں تو اِن کی صحت کی خرابی وغیرہ کا کافی امکان ہے۔ شعبہ صحت سمیت کئی اطراف اخراجات ہوتے نظر آتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اگر آپ ریس، جوئے کے شوقین ہیں تو اس وقت ہاتھ روک کر رکھیں۔ مخالفین سامنے آئے بغیر ایسے اقدامات کرنے کی کوشش کریں گے جن سے وہ آپ کو عملی طور پر قابل قدر مالی مادی اور جسمانی نقصان پہنچا سکیں۔ جنسی زندگی کے حوالے سے بھی عجیب و غریب حالات و واقعات سے واسطہ رہے گا۔

23 جنوری تا 17 مارچ

یہ وقت بھی اپنے اندر چند مسائل لے کر آرہا ہے۔ تاہم اِن کی نوعیت اُن سے بالکل مختلف تو نہیں لیکن فرق ضرور ہے۔ اس وقت مالی حوالے سے کئی مسائل اور توجہ طلب معاملات سامنے آئیں گے۔ اگر آپ کا بنکوں کے ساتھ لین دین چل رہا ہے۔ اور آپ نے اقساط بر وقت ادا نہیں کی تو اب آپ کو مزید ڈھیل نہ ملے گی۔ قرض خواہ تنگ

کریں گے۔ آپ کے مخالفین اپنے مقاصد کے حصول کے لیے آپ کو عدالتی کاروائی کا حصہ بھی بنا سکتے ہیں اور لوگوں کے ساتھ قانونی جنگ شروع ہوسکتی ہے۔ اس عرصے کے دوران ہمارا حتمی مشورہ ہے کہ سفر سے باز رہیں خاص طور پر اہم مقاصد کے حصول کے لیے زیادہ پُرامید ماحول نظر نہیں آتا۔ تاہم اگر یہ کہا جائے تو غلط نہ ہوگا کہ اس ساری منفی صورت حال کے باوجود قدرت کی طرف سے ایسے اسباب بھی پیدا ہوں گے کہ اگر آپ تھوڑی سی توجہ دیں تو عام لوگوں تک آپ کی مالی و مادی پوزیشن کے متاثر ہونے کی خبر نہیں پہنچے گی۔ اور دنیا والوں کے لیے آپ کا ظاہری طرز عمل اور بود و باش بہت حد تک پہلے جیسے رہیں گے۔

18مارچ تا5 مئی

یہ وقت آپ کی قوت ارادی کے تابع ہے۔ آپ کتنا اپنے اوپر قابو رکھ سکتے ہیں اور کتنا آپ اپنی زبان اور ہاتھ کو کنٹرول کر سکتے ہیں۔ کیونکہ اس وقت آپ زیادہ تر مسائل پر اپنے رویے اور قوت ارادی کی بدولت قابو پا سکتے ہیں۔ اس وقت وہ تمام لوگ اور مسائل سر اٹھانے کی اپنی سی سعی کریں گے جن کو آپ پہلے دباتے آئیں ہیں۔ شراکت میں کام کرنے والوں کے ساتھ' دفتر میں ساتھیوں کے ساتھ اَن بن کا ماحول رہے گا۔ خاندان کے افراد کے ساتھ بحث مباحثہ بڑھے گا اور ملنے جلنے والے وجہ بے وجہ بحث میں الجھیں گے۔ یہ سب معاملات ہمارے خیال میں ایسے ہیں جن پر آپ اپنے کنٹرول رویے کے بناء پر قابو پا سکتے ہیں۔ ہاں ایک بات اور۔ اور وہ بات ہے آپ کی ذاتی صحت سے متعلق۔ اس عرصہ میں آپ کی صحت کچھ بہتر نہ رہے گی بلکہ چھوٹے موٹے مسائل سے واسطہ رہے گا تاہم وہ افراد جو مستقل نوعیت کی امراض کا شکار ہیں یعنی دل' جوڑوں پیٹ وغیرہ وغیرہ اِن کو خصوصی احتیاط کرنی چاہیے ورنہ معاملات کے پیچیدہ ہونے کی پوزیشن نظر آ رہی ہے۔

6مئی تا2جولائی

زیر بحث وقت کے لیے ہمارا پہلا اور آخری مشورہ یہ ہے کہ گزرے وقت کو سب کچھ خیال نہ کریں۔ پردہ غیب سے اب کیا نمودار ہو رہا ہے اس کو مکمل توجہ اور سنجیدگی سے لیں ورنہ اچھے نتائج حاصل نہ ہوں گے۔ اس وقت مالی حوالے سے حد درجہ محتاط اور توجہ طلب وقت ہے۔ آپ چاہے بزنس مین ہوں چاہے نوکری پیشہ' آپ محسوس کریں گے۔ جن لوگوں نے آپ کو روپیہ دینا ہے یا جن کے پاس آپ کے بل وغیرہ کے ہوئے ہیں مزید التواء کی خبر دیں گے۔ سو اب تک کی جمع پونجی کے نکالنے اور استعمال کرنے کی ضرورت پیش آئے گی۔ سو اس عرصہ کے دوران اخراجات پر قابو رکھیں اور صرف بہت ضروری اخراجات کریں۔ گھر کی مرمت نئی گاڑی یا ایسے ہی دیگر تمام معاملات پر خرچ کرنے کی بالکل کوئی ضرورت نہیں۔ اِسی طرح کسی کو قرض دینے چاہے دو دن کے لیے ہی کوئی غلطی نہ کریں۔ جس کو قرض دیں گے اس سے واپسی مشکل ہوگی چاہے ذاتی طور پر جتنا بھی وعدہ کا پکا ہو۔ آپ کو قرض دینا اس کے مالی تناؤ میں اضافہ کرے گا اور یوں آپ کو اپنی رقم کی وصولی مشکل ہو جائے گی۔ اس کے علاوہ آپ کی زندگی کا جو شعبہ اس وقت خاص طور پر قابل غور اور توجہ ہے وہ ہے آپ کی ازدواجی اور گھریلو زندگی۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات کی گرم جوشی ختم ہونے طلب کو ہوگی اور بات بے بات کوئی نہ کوئی مسئلہ کھڑا ہوگا۔ زیادہ بحث مباحثہ فائدہ مند نہ ہوگا۔ روز مرہ کی زندگی میں بھی اپنے اوپر قابو رکھیں اور غصہ اور جذبات کو کنٹرول کرنے کی کوشش کریں۔ بیرون ملک سفر کے لیے ایجنٹ حضرات کو پیسہ نہ دیں اور نہ ہی غلط یا مشکوک کاغذات پر سفر کریں۔ پکڑے جانے اور رقم کے ضائع ہونے کا بہت زیادہ امکان ہے۔ باپ کی صحت پر توجہ دیں۔

3جولائی تا23اگست

یہ وقت پچھلے حالات میں مثبت تبدیلی کا اشارہ دے رہا ہے۔ اب تک جو مسائل درپیش تھے اب اِن میں آسودگی کے اسباب پیدا ہوں گے اور اللہ کی مدد سے بہت سے معاملات میں بہتری آئے گی۔ گو کچھ شعبوں میں مسائل کا سامنا بھی ہوگا مگر یہ سب کچھ کنٹرول ہو سکے گا

بشرطیکہ آپ ہمت سے کام لیں۔ منفی حوالے سے دیکھیں تو اس عرصہ کے دوران آپ کے مخالفین آپ کے خلاف اپنی سی چالیں چلنے کی کوشش کریں گے' آپ کے دفتری ساتھی اور کاروباری لوگوں کے ملازم مطلوبہ نتائج نہیں لا سکیں گے اور آپ اِن کی کارکردگی سے نقصان اور تکلیف اٹھائیں گے۔ تاہم اِن مسائل کا باوجود کئی شعبوں میں مثبت حالات بھی نظر آتے ہیں۔ خاص طور پر اس عرصہ میں آپ کا رجحان دین، مذہب کی طرف زیادہ ہوگا' اللہ کی خوشنودی کے لیے کام کریں گے اور حج عمرہ یا زیارت وغیرہ پر بھی جا سکتے ہیں۔ کاروباری حوالے یا تعلیم یا نوکری کے لیے بیرون ملک جانے کے خواہشمند بھی اس وقت قسمت آزمائی کر سکتے ہیں۔ وہ لوگ جو ادب یا تحریر و تقریر کے کاموں سے کسی بھی طرح متعلق ہے۔ ان کو بھی خصوصی طور پر اپنے اپنے شعبوں میں کامیابی ملے گی۔

24اگست تا 13ستمبر

یہ وقت ایک دفعہ پھر مالی دباؤ کا اظہار کر رہا ہے۔ روپیہ دینے والے ہاتھ روک لیں گے اور لینے والے ہاتھ پھیلا دیں گے۔ مخالفین قانونی کاروائی اور پولیس وغیرہ کی طرف رجوع کریں گے۔ محنت زیادہ کرنا ہوگا اور معاوضہ کم ملے گا۔ تاہم ہمارا مشورہ ہے کہ اس وقت کو قدرے ثابت قدمی سے بسر کریں۔ انشاء اللہ آنے والے دنوں میں حالات کی بہتری کے اسباب پیدا ہو جائیں گے۔

14ستمبر تا 13نومبر

کامیابی کا عمومی تسلسل جاری و ساری رہے گا۔ بچوں کے حوالے سے اوپر جو سطور تحریر کی گئی ہیں اس ماہ کے لیے ان کو بھی شامل تحریر خیال کریں۔ باقی مادی و مالی لحاظ سے خوش قسمت وقت ہے۔ عام طور پر جس بھی کام میں ہاتھ ڈالیں گے اس میں کامیابی ہوتی نظر آتی ہے۔ ماسوائے یہ کہ بلا سوچے سمجھے یا جذبات میں آکر کوئی بے وقوفی نہ کر بیٹھیں۔ انعامی سکیمیں اور بانڈ وغیرہ کھیلنے والوں کے لیے بھی نسبتاً اچھا وقت ہے۔ سیر و تفریح اور دوستوں کے ساتھ اٹھنے بیٹھنے اور گھومنے کے مواقع ملیں گے اور زندگی کی خوشیوں سے لطف اندوز ہوں گے۔ پیشہ ورانہ حوالے سے سفر کرنا پڑے تو ضرور کریں یہ باعث برکت و کامیابی ہوگا۔ عاشق مزاج لوگوں کو اس عرصہ میں عاشقی کے چانس ملنے کا بھی امکان ہے تاہم ایسے تعلقات کو فوری طور پر ازدواجی بندھن میں تبدیل نہ کریں بلکہ کچھ دیر انتظار کریں کہ اونٹ کس کروٹ بیٹھتا ہے اور آپ دونوں کے درمیان ہم آہنگی کی سطح کیا ہے؟ فوری فیصلہ مناسب نہ ہے۔ یہی ہمارا مشورہ ہے حالانکہ عاشق کسی کے مشورہ پر زیادہ توجہ نہیں دیتے پھر بھی ہم نے اپنی رائے کا اظہار کر دیا ہے۔

14نومبر تا یکم دسمبر

کامیابی اور بہتری کا جو سلسلہ شروع ہوا تھا اب جاری وقت میں بھی آپ اللہ کے فضل سے اس سے لطف اٹھائیں گے۔ آپ کا تعلق مادی حوالے سے جس بھی شعبہ حیات سے ہو اس میں آسودگی کا حصول ہوگا۔ نئے اور صاحب حیثیت و اثر رسوخ کے مالک لوگوں کے ساتھ تعلقات قائم ہوں گے۔ وہ لوگ جو آمادہ دشمنی تھے اب اِن کے مغلوب ہونے اور آپ کے غالب ہونے کا وقت ہے اس برج سے متعلق جو لوگ قانونی و عدالتی کاروائی کا شکار ہیں اِن کو اس سے نکلنے کوئی نہ کوئی راستہ میسر ہو سکتا ہے۔ تاہم اِن خوشیوں میں خاندان کے بڑی عمر کے افراد کی صحت کا خیال رکھیں اور بیماری کی صورت میں توجہ سے علاج کروائیں۔ ملازمین سے فوائد کا حصول ہوگا اور بے روزگار افراد کو روزگار ملنے کے واضح امکانات ہیں۔

2دسمبر تا 31دسمبر

سال کا یہ آخری حصہ کچھ اور محنت طلب ہوگا۔ اب تک جو گھومنے پھرنے اور سکون کے لمحات سے مستفید ہوتے رہے ہیں ان کا کچھ حساب دینا پڑ سکتا ہے۔ سو ہر قسم کی کاہلی اور سستی کو چھوڑ کر کام پر توجہ دیں۔ ساتھ کام کرنے والے لوگوں کے ساتھ اختلاف رائے پیدا ہوگا اور اس حوالے سے بحث مباحثہ کچھ فائدہ نہ دے گا بلکہ دباؤ میں اضافہ ہوگا۔ اس سے بہتر یہ ہے کہ حتمی فیصلہ کے لیے افسران بالا کی طرف

دیکھیں یہاں سے نسبتاً بہتر جواب ملے گا۔ اپنی اور اہل خانہ کی صحت کا دھیان رکھیں اور بے توجہی اختیار نہ کریں۔ اس عرصہ کے دوران خاص طور پر والدہ کی صحت کے حوالے سے مسائل پیدا ہو سکتے ہیں۔ گاڑی چلانے، اوزار استعمال کرنے اور سڑک وغیرہ پار کرنے میں احتیاط کریں۔ حادثہ کا امکان ہے۔

برج اسد

یکم جنوری تا 22جنوری

یہ وقت بہت سے امیدوں اور توقعات کے پورا ہونے کا مظہر ہے۔ بانڈ ریس ایسے کام جن میں اچانک کامیابی کا حصول ہو سکتا ہو میں کامیابی اور حصول زر کی کافی توقع ہے۔ جیسے آمدن میں اضافہ نظر آتا ہے ایسے ہی اخراجات بھی بڑھتے دیکھائی دیتے ہیں۔ کچھ تو خوشی کے اظہار، گھر کی مرمت اور ایسے کاموں پر ہوں گے اور کچھ افراد میں کسی فرد خصوصاً والدہ وغیرہ کے بیماری یا خرابی صحت کے باعث ہوں گے۔ بہر حال توجہ دی تو مرض و تکلیف کا زیادہ سامنا نہ ہوگا۔ اولاد کی طرف سے خوشی اور اطمینان کی خبریں ملیں گی۔ دوستوں اور تعلق داروں میں اضافہ ہوگا۔ خاندان میں خوشی کی تقریب ہوگی۔ آپ سے عمر میں اگر بڑے، بہن بھائی ہیں تو ان سے توقعات کے حصول اور کاموں کے لیے مدد طلب کی جا سکتی ہے۔ مکان کی تعمیر اور اس حوالے سے یا صرف جائیداد بنانے کے حوالے سے زمین کی خریداری یا کرایہ وغیرہ کے لیے نئے مکان کی تلاش میں کامیابی ہوتی نظر آتی ہے۔

23جنوری تا 17مارچ

اب جو حالات پیش آئیں گے اِن کو نہ تو منفی اور نہ ہی مثبت کہا جا سکتا ہے۔ کچھ یوں ہے کہ کچھ معاملات اچھے طریقے سے طے ہوں گے۔ اور کچھ غیر معمولی صورت حال کا سامنا ہوگا۔ کون سے معاملات کیسے طے ہوں گے آئیں اس حوالے سے بات کرتے ہیں۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ وہ لوگ جن کا کاروبار یا نوکری کچھ ایسی ہے جس میں سفر سے واسطہ رہتا ہے اِن کے لیے کاروبار و روزگار کے حوالے سے مثبت وقت ہے۔ جس قدر حرکت کریں گے اسی قدر کامیابی کا زیادہ امکان ہے۔ اس عرصے کے دوران اعلیٰ طبقے اور اپنے اپنے شعبوں میں کامیاب لوگوں کے ساتھ تعلق واسطہ پیدا ہوگا۔ اور یوں آپ کا حلقہ اثر دن بدن پھیلتا چلا جائے گا۔ ایک دوسرا شعبہ جو اس عرصہ میں متحرک ہو گا وہ ہے آپ کے جنس مخالف کے ساتھ تعلقات۔ ایک تو شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں جو گرم جوشی ہوتی ہے اس کا فقدان محسوس کریں گے۔ زوجین میں باہم اختلاف کا واضح امکان ہے۔ اسی طرح جنس مخالف کے ساتھ تعلق یا رابطہ کوئی پائیدار، تعلق کا پیش خیمہ ثابت نہ ہوگا۔ سو یہ کہا جا سکتا ہے کہ آپ چاہے شادی شدہ ہوں چاہے غیر شادی شدہ جنس مخالف کے حوالے سے یہ وقت کچھ مواقع اس حوالے سے نہیں لائے گا۔ شادی، منگنی وغیرہ سے اس عرصہ میں پرہیز رکھیں۔ صاحب حیثیت لوگوں کے ساتھ یا ان کے پیچھے چلنے کی حد تک تو ٹھیک ہے ان کی برابری کا دعویٰ نہ کر بیٹھیں ورنہ لینے کے دینے پڑ جائیں گے۔

18مارچ تا 5 مئی

اب ایسے وقت کی ابتدا ہو رہی ہے جس میں اللہ کے فضل و کرم سے حالات میں جاری سختی میں کمی کا اشارہ ملتا ہے۔ وہ لوگ جو ایسے شعبوں سے متعلق ہیں جہاں شہرت اور عوامی مقبولیت کا حصول ہو سکتا ہے اِن کو ضرور یہ خوشی نصیب ہوگی اور پبلک میں جانے جائیں گے۔ آرٹ اور فنون لطیفہ سے متعلق لوگ بھی کامیابی اور شہرت پائیں گے۔ اس برج سے تعلق رکھنے والے طالب علم تعلیمی شعبے میں کامیابی حاصل کریں گے اور اگر کوئی خاص مقاصد ہوں گے تو اِن کی تکمیل کے اسباب بھی پردہ غیب سے ظہور ہوں گے۔ ماسوائے اُن کے جو مزمن

اور متعدی امراض کا شکار ہوں گے۔ اس برج سے متعلق لوگوں کی صحت اچھی رہے گی اور قدیمی بیماریوں میں اصلاح اور بہتری ہوگی۔ موج مستی والے ذہن کے لوگوں کو جنس مخالف کے ساتھ تعلقات بنانے کے مواقع دستیاب ہوں گے مگر اس بات کا دھیان رکھیں یہ تعلق شادی کے بندھن میں شائد ہی تبدیل ہو۔ یہ پس وقتی بخار ہے جو جلد اتر جائے گا۔ بانڈریس اور ایسے ذرائع سے تعلق رکھنے یا آمدن کے لیے کوشش کی جاسکتی ہے۔ کامیابی کے امکان ہیں تاہم بڑی رقم یا اوقات سے باہر ہو کر مت کھیلیں۔ بہر حال یہ جوا ہے۔ صاحب حیثیت اور حکومتی اداروں یا جس فرم یا دفتر میں کام کر رہے ہیں اس کے ذمہ دار افراد سے تعلقات پیدا ہو سکتے ہیں۔

6مئی تا2جولائی

اب جس وقت سے آپ گزریں گے، کوشش کریں لاپرواہی اور جلد بازی کے قریب نہ جائیں۔ اس وقت کو امتحان کی طرح گزارنے کی کوشش کریں۔ مطلب یہ کہ کچھ مسائل تو سامنے آئیں گے لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ یہ زندگی کا اختتام ہے۔ آنے والا وقت اور کل کیا لائے گا؟ اس پر بھی نظر رکھیں۔ اس وقت ذہن دماغ، سر درد، آنکھ درد جیسے چھوٹے بڑے مسائل تنگ کریں گے۔ اور اس کے علاوہ بھی صحت کے مختلف مسائل سے واسطہ پڑ سکتا ہے۔ جو عام مرض سے متاثر ہوتے ہیں تاہم اس برج سے منسلک بڑی عمر کے افراد خاص طور پر اور چھوٹی عمر کے افراد عمومی طور پر صحت کے امور میں احتیاط برتیں۔ معمولی مرض کو بھی لاپرواہی اور بے توجہی سے نہ لیں ورنہ زیادہ گھمبیر مسائل سے واسطہ پڑے گا۔ ازدواجی اور گھریلو حوالے سے بھی مسائل سامنے آئیں گے۔ گو ہر خاندان کے حساب سے اس کی نوعیت فرق ہو سکتی ہے تاہم عمومی طور پر میاں بیوی میں سرد مہری اور سازش اور فریب کا شکار ہونے کے واضح اشارے مل رہے ہیں۔ اس صورت حال میں بہتر ہے شریک حیات سے زیادہ توقعات وابستہ نہ کریں اور جیسے تیسے وقت کو گزرنے دیں۔ انشاء اللہ آنے والے دنوں میں بہتری پیدا ہوگی۔ نوکری پیشہ افراد کو اپنے افسران سے شکایت رہے گی کہ ان کا رویہ سخت یا تکلیف دہ ہے اور اس مشکل سے صرف اس صورت نکلا جاسکتا ہے جب آپ افسران کے تابع دار بن کر وقت بسر کریں اور اپنی ذمہ داریوں کو زیادہ سے زیادہ پورا کریں، وقت پر۔ کاروباری افراد کو بھی غیر معمولی دباؤ کا سامنا ہوگا جس کا مقابلہ صرف محنت اور کام پر توجہ دینے سے کیا جاسکتا ہے۔

3جولائی تا23اگست

اب تک جو مسائل آپ دیکھتے رہے ہیں اب اللہ کے فضل سے اِن کا حل نکلتا محسوس ہوتا ہے۔ روزگار، کاروبار اور نوکری وغیرہ کے حوالے سے حالات میں بہتر واقع ہوگی۔ ذرائع آمدن میں اضافہ ہوگا اور خوشحالی کے دن دیکھیں گے۔ اس برج سے متعلق وہ لوگ جو تعلیم و تربیت کے مرحلے سے گزر رہے ہیں اِن کے لیے اچھا وقت ہے۔ اس حوالے سے کامیابی اور بہتر راہنمائی میسر ہوگی۔ خوش قسمتی اور بانڈ نمبروں جیسے ذرائع سے آمدن کے لیے کوشاں رہیں گے۔ ذہن کو حاضر رکھا تو اس میں کامیابی بھی ہو سکے گی۔ دوستوں کے ساتھ محفلیں سجانے اور وقت بسر کرنے کو دل چاہے گا۔ وہ لوگ جو جنس مخالف کے ساتھ دوستی و تعلق پر یقین رکھتے ہیں اِن کو ایسے مواقع ملیں گے لیکن یہ تجربات خوشگوار نہ ہوں گے۔ جنس مخالف کے افراد بلیک میل اور ناجائز خواہشات کا اظہار کر سکتے ہیں۔ آگے آپ خود سمجھ دار ہیں۔ کیا کرنا ہے اب آپ کی ذاتی ذمہ داری ہے۔ وہ جو اولاد کے خواہشمند ہیں اِن کو اس حوالے سے خوشخبری ملے گی۔

24اگست تا13ستمبر

ہاں پچھلے ماہ کی نسبت یہ ماہ معاملات محبت، الفت کے حوالے سے زیادہ بہتر ہوگا اس عرصہ میں جن لوگوں کے ساتھ تعلقات بنیں گے اِن کو زیادہ بہتر اور مفید قرار دیا جاسکتا ہے۔ اسی طرح بیرون ملک میں رہنے والے افراد سے فوائد یا اگر خود باہر جانا چاہیں یا بیرون ملک تعلیم و بزنس کے حوالے سے سفر کرنا چاہیں تو اچھے نتائج حاصل ہوں گے۔ اسی طرح صاحب حیثیت لوگوں، افسران بالا یا اوپر کے طبقے کے

بزنس مینوں کے ساتھ تعلق قائم ہو سکے گا۔ تاہم ایک بات یاد رکھیں اس عرصہ کے دوران جہاں آپ اپنی اوقات سے باہر ہوئے وہاں کام خراب ہو جائے گا۔ معاملہ چاہے جنس مخالف کا ہو یا بزنس ڈیل کا۔ اپنے حدود اربعہ اور حد بندی کا تعین بہت ضروری ہوگا۔ یہی وہ بات ہوگی جس پر عمل پیرا نہ ہو کہ آپ اس اپنے لیے لایعنی مشکلات و مسائل پیدا کریں گے۔ یوں عمومی لحاظ سے اچھا وقت ہے۔

14ستمبر تا13نومبر

یہ اس لحاظ سے اچھا وقت ہے کہ زندگی میں جو چھوٹے موٹے مسائل آرہے تھے اِن میں کسی نہ کسی حوالے سے آسودگی ملنا شروع ہو جائے گی۔ زندگی میں ایسی کامیابیاں ملیں گے جو آپ کے معاشرتی مقام و مرتبہ کو بڑھائیں گی۔ زندگی میں خوشیاں اور کامیابیاں در آئیں گی اور گھر میں کسی فرد کی شادی یا اولاد بھی متوقع ہے۔ گھر کو بنانے سنوارنے کا شوق پیدا ہوگا اور اچھا بھی ہے جب اللہ نے دیا ہے تو اس کو خرچ بھی کرنا چاہیے۔ وہ لوگ جو گھر بنانا چاہ رہے تھے یا تبدیل کرنے کے خواہشمند تھے یا تبدیلی رہائش کا سوچ رہے تھے تو اب خوش ہو جائیں اِن کو اِس حوالے سے ضرور اللہ کے فضل سے کامیابی حاصل ہوگی۔ جنس مخالف کے ساتھ تعلق اور رحجان کی نشاندہی بھی ہوتی ہے تاہم اپنی اپنی عمر کے مطابق یہ کام کریں یعنی یہ جوان لوگوں کے لیے حکم ہے پر کوئی اس کو اپنے لیے خیال نہ کرے۔ افراد خانہ کے ساتھ مل کر تفریح کرنے کا موقع بھی ملے گا۔

14نومبر تایکم دسمبر

اس وقت اس برج کے وہ لوگ جو صاحب اولاد ہیں اِن کو اپنے سے زیادہ اپنے بچوں کی فکر کرنی چاہیے۔ اِن کی تعلیم اور صحت کے امور کو پہلی ترجیح پر رکھیں۔ صحت میں صرف جسمانی نہیں بلکہ نفسیاتی صحت بھی شامل ہے۔ روزگار اور کاروباری حوالے سے سفر بھی کرنا پڑے گا۔ اس عرصہ میں اخراجات اور آمدن میں توازن ایک بڑا سوال بن کر آپ کے سامنے آئے گا۔ آمدن سے خرچ نسبتاً زیادہ ہوگا۔ ریس اور جوا وغیرہ میں روپیہ خوب سوچ سمجھ کر اور کم سے کم مقدار میں لگائیں۔ زیادہ روپے کا استعمال موثر نہ ہوگا۔

2دسمبر تا 31دسمبر

وہ لوگ جن کے کام کا دارومدار چلنے پھرنے یا بیرون شہر ہے اِن کو پوری دلچسپی کے ساتھ کام کرنا چاہیے۔ اچھے امکانات نظر آرہے ہیں۔ شادی شدہ افراد کی ازدواجی زندگی نسبتاً خوشگوار ہوگی۔ چھوٹے بہن بھائیوں کے ساتھ اچھے تعلقات ہوں گے اور اِن کے ذریعے اگر کوئی فوائد مطلوب ہوں تو حاصل ہوں گے۔ عاشقمزاج افراد کو دل لگی کے موقع ملیں گے اور عمومی طور پر جنس مخالف کے ذریعے مدد اور کاموں میں سہولت ملنے کا امکان ہے۔ چھوٹے فاصلہ کے سفر کرنا بہتر رہے گا اور مالی، مادی و تفریح کے حوالے سے خوشگوار نتائج کا حامل ہوگا۔ ہاں وہ جن کی والدہ بیمار ہیں یا عمر رسیدہ ہیں اِن کو خرابی صحت و بیماری کا سامنا ہو۔ علاج معالجہ پر توجہ دیں ورنہ پریشانی بڑھ سکتی ہے۔ حلقہ احباب میں وسعت اور مشہوری ہوگی اور چاہنے والے ملیں گے۔ اس عرصہ کے دوران تنگ نظری اور بد مزاجی کا شکار ہو سکتی ہیں جو چھوٹے موٹے مسائل کا باعث ہو سکتی ہے۔ توجہ دیں تو اس پر قابو پانا ناممکن ثابت نہ ہوگا۔

یکم جنوری تا22جنوری

ایک ایسا وقت جو ملے جلے حالات و واقعات کی نشاندہی کرتا ہے۔ یعنی کئی حوالوں سے یہ ایک مثبت وقت ہے اور کئی حوالوں سے محتاط اور مشکل حالات و واقعات کا مظہر وقت۔ اس وقت وہ لوگ خاص طور پر محتاط رہیں جو چانس اور اتفاق اور انعامی طریقوں سے آمدن میں

اضافے کا سوچتے ہیں۔ اِن حوالوں سے غیر معمولی آمدن کا حصول ممکن نہ ہوگا۔ بلکہ ایسے تمام کاروبار اور مواقع جو تدبیر کی بجائے چانس کے تحت آتے ہیں وہاں بھی کامیابی ہوتی نظر نہیں آتی اسی طرح صحت ایک اور ایسا امر ہے جس کے بارے میں آپ کو ہمہ وقت سنجیدہ طرز عمل اختیار کرنا چاہیے۔ بصورت دیگر مرسمی اثرات سے متاثر ہونا اور خرابی صحت کا شکار ہونا بالکل معمولی بات ہوگی۔ دمہ جوڑوں اور کھانسی وغیرہ کا شکار رہنے والے خاص طور پر محتاط رہیں۔ مثبت حوالے سے کہ وہ لوگ جو کاروبار کرتے ہیں یا جن کی نوکری میں ترقی رکی ہوتی ہے اِن کے لیے عمدہ چانس نظر آتے ہیں۔ کامیابی اور مادی خوشحالی نظر آ رہی ہے۔

23 جنوری تا 17 مارچ

پچھلے عرصے سے جاری سعد لمحات کا ثمر ملتا رہے گا اور کئی نئی سمتوں میں کامیابی کے حصول کی توقع کی جا سکتی ہے۔ وہ تمام لوگ جو معاشرتی یا کاروباری یا خاندانی حوالے سے کسی بہتر پوزیشن کے حصول کے لیے کوشاں تھے اب اِن کو تمنا پوری ہوتی نظر آتی ہے۔ افسران بالا یا حکومتی اداروں سے کوئی کام ہو تو اس کو نکلوانے کے لیے اچھا وقت ہے۔ گو مزاج میں کسی قدر احساس برتری آئے گا تاہم اس کو ایک حد کے اندر رکھنا بہتر ہوگا خاص کر اُس وقت جب آپ اپنے سے بہتر یا برابر پوزیشن کے حامل لوگوں سے مل رہے ہوں۔ خاندانی زندگی کے حوالے سے خوشی نصیب ہوگی اور ارد گرد کے ماحول میں اپنے آپ کو مطمئن اور آسودہ خیال کریں گے۔ جنسی رویہ خاندانی زندگی پر اثر انداز ہوگا۔ اس کا خاص خیال رکھیں۔

18 مارچ تا 5 مئی

کئی حوالوں سے ایک اچھا وقت ہے۔ کیریئر اور روزگار کے حوالے سے بہتری کا تسلسل جاری رہے گا اور مالی و مادی حوالے سے کامیابی حاصل ہوگی۔ وہ لوگ جن کو ان کے مخالفین پچھلے کچھ عرصہ سے تنگ کر رہے تھے یا ان کے لیے مسائل کا باعث بنے ہوئے تھے۔ اب ایسا وقت آ رہا ہے کہ آپ ان پر غلبہ حاصل کر سکیں گے اور طویل عرصہ سے جاری کشمکش میں آپ حتمی کامیابی کی جانب بڑھیں گے۔ اس سلسلے میں آپ کو کئی لوگوں کا تعاون حاصل ہوگا۔ فنون لطیفہ آرٹ اور سیاست سے تعلق رکھنے والے افراد کو معاشرے میں مزید نمایاں مقام اور کامیابی ملے گی۔ اس برج سے متعلق وہ لوگ جو چھوٹے پیمانے پر اپنا ذاتی کام کرتے ہیں یعنی مالک بھی خود اور ملازم بھی خود ان کے چاہیے کہ مکمل تندہی اور توجہ سے اپنا کام کریں کیونکہ اس وقت جو ابتداء اور کامیابی ہوگی وہ آنے والے دنوں میں کئی کامیابیوں کا پیش خیمہ ثابت ہوگی۔ اس برج سے متعلق جو لوگ اعلیٰ تعلیم یا مقابلے کا امتحان وغیرہ میں بیٹھنے کے خواہش مند ہوں گے، ان کو اچھی خبریں سننے کو ملیں گی۔ یاد رکھیں آپ کی کوشش اور محنت ضرور رنگ لائے گی۔ انشاءاللہ۔ ایک خاص بات اس برج سے متعلق لوگوں کو یاد رکھنی ہے وہ یہ ہے کہ اپنی صحت کا خاص خیال رکھیں خصوصاً وہ لوگ جو دل کمر اور سینے کے امراض سے متاثر ہیں یا ان میں سے کسی کے متاثر ہونے کے خطرے سے دو چار ہیں۔

6 مئی تا 2 جولائی

معاملات زندگی کے حوالے سے اچھا وقت ہے۔ جہاں تک مالی و مادی امور کا تعلق ہے آمدنی اور ذرائع آمدنی میں اضافہ نظر آ رہا ہے۔ آمدن میں اضافہ ہوگا تو طرز زندگی خود بخود تبدیل ہوگا۔ روپیہ کو کہیں خرچ بھی تو کرنا ہے۔ سو گھر کی آرائش اور ایسی دوسری جگہوں پر روپیہ خرچ ہوگا۔ گھر اور ذات کو بہتر اور خوبصورت بنانے پر توجہ ہوگی۔ کاروباری لوگ بھی آگے بڑھنے اور کامیابی حاصل کرنے کے بارے میں پُر امید رہیں۔ اچھا اور فائدہ مند وقت ہے۔ خاندان کے افراد کے ساتھ میل جول کا موقع ملے گا اور تعلقات و واقفیت میں خاندانی حوالے سے وسعت پیدا ہوگی۔ دوستوں اور واقف کاروں کا حلقہ احباب بڑھے گا۔ وہ جو صحت کے مسائل سے گزر رہے تھے اب اِن کو صحت بہتر بنانے کے مواقع ملیں گے۔ ہو سکتا ہے ایسے ڈاکٹرز یا ادویات کا حصول ہو سکے جو صحت یابی یا تکلیف میں ازالہ کا کام سر

انجام دے سکیں۔

3جولائی تا23اگست

یہ وقت تبدیلی حالات کا مظہر ہے۔معاملات میں رکاوٹ اور مسائل سر اٹھاتے محسوس ہوں گے۔روپیہ کا استعمال اور اخراجات زیادہ تر ایسے مقام پر ہو گا جہاں آپ کو زیادہ توقع نہ ہو گی۔کسی بے وقت شادی یا مرگ کا آنا یا پھر گھر میں بیماری کا داخل ہونا اور ڈاکٹروں اور ادویات پر ایک بڑی رقم خرچ ہونا وغیرہ جیسے معاملات پیش آسکتے ہیں۔خاص طور پر بیوی کی صحت کا خیال رکھیں اور بیماری کے پھیلنے سے پہلے کنٹرول کرنے کی کوشش کریں۔آپ کے مخالفین بھی اس وقت سر اٹھانے کی کوشش کریں گے اور اگر وہ یا آپ غیر قانونی ذرائع سے فیصلہ کرنے کی کوشش کریں گے تو کچھ بعید نہیں کہ آپ جسمانی تکلیف، درد اور زخم کا شکار ہوں۔معاملات کو جس قدر خوش اسلوبی سے ہو سکے طے کرنے کی کوشش کریں۔اس وقت مار پیٹ یا زور زبردستی سے کچھ حاصل نہ ہو گا۔بلکہ آپ کا نقصان اور پریشانی بڑھے گی۔اس عرصہ کے دوران یہ بھی ممکن ہے کہ مخالفین اور خفیہ دشمن اپنی کارستانیوں میں تیزی لے آئیں۔ان کے اقدامات میں خفیہ سازش سے لے کر آپ کو مسائل کا شکار کرنے کے لئے جادو ٹونے کا استعمال بھی ہو سکتا ہے۔میٹھی بات اس عرصہ میں یہ ہو سکتی ہے کہ آپ کو مذہبی حوالے سے کسی سفر کا موقع ملے۔بیرون ملک جانے کے شوقین اس وقت مشکوک طریق یا کاغذات استعمال نہ کریں، پکڑے جانے کا واضح حکم سامنے آ رہا ہے۔

24اگست تا13ستمبر

پچھلے کچھ عرصہ جو مشکل وقت آپ نے دیکھا اب اس میں بطرف الہی آسودگی کے پہلو شامل ہونا شروع ہو جائیں گے۔مادی و مالی حوالے سے اچھی تبدیلیوں کے اشارے ملیں گے اور آپ کا دل گواہی دے گا کہ آپ حالات میں مثبت تبدیلی آئے گی۔یوں یہ وقت ان لوگوں کے لیے بھی بہت بہتر ہے جن کو پہلے تعلیمی حوالے سے کچھ مشکلات تھیں۔اب ان کی مشکلات کا حل نکل آئے گا۔اور وہ جس طرح چاہ رہے تھے بالکل اس کے قریب قریب ان کا مسئلہ حل ہو جائے گا۔زمین جائیداد اور زراعت اور ذاتی بزنس کرنے والوں کے لیے نسبتاً زیادہ فوائد کا حصول ہو گا۔دوستوں کا حلقہ وسیع ہو گا اور باہم اعتماد کی فضا قائم ہو گی۔اس عرصہ میں کوئی بھی معاملہ جلد بازی اور غصہ کے تحت طے نہ کریں بلکہ اپنے اندر تحمل اور بار بار ذہنی روش کے تبدیل ہونے کو کنٹرول کریں۔

14ستمبر تا13نومبر

اس عرصہ کے دوران ملے جلے احکام سامنے آتے ہیں۔صحت اور بیرون ملک سفر ایسے امور ہیں جن کے بارے میں کسی بھی طرح لاپرواہی کو اختیار نہیں کرنا چاہیے۔صحت کے نئے مسائل تو اتنے زیادہ نہیں ہوں گے جتنا خطرہ یہ ہے کہ وہ لوگ جو پہلے سے کسی نہ کسی مرض میں گرفتار ہیں ان کو لاحق مرض شدت پکڑے یا مزید خرابی کا باعث بنے۔اسی طرح بیرون ملک جانے والے افراد جلد بازی میں ایسے ایجنٹ کو رقم دے سکتے ہیں جو کام نہ کروا سکے اور پھر رقم کے لین دین کا مسئلہ بنا رہے۔یا یہ بھی ہو سکتا ہے جن کاغذات پر سفر کرنا چاہ رہے ہیں یہ مشکوک ہوں اور اس وجہ سے متعلقہ مسائل کا شکار ہوں۔ان امور کے علاوہ مالی اور مادی حوالے سے معاملات ٹھیک رہیں گے۔جس ڈگر پر چل رہے ہیں چلتے رہیں اچھی آمدن ہو گی۔جو افراد اس عرصہ میں نیا کام شروع کرنا چاہتے ہیں کر سکتے ہیں کامیاب رہیں گے۔نوکری پیشہ افراد کے لیے بھی موزوں وقت ہے اور ان کو بھی کچھ نہ کچھ فوائد ملنے کی توقع کرنی چاہیے۔شعبہ تعلیم اور تعلیم حاصل کرنے والے افراد بھی اپنے اپنے شعبہ میں آگے بڑھ سکیں گے۔وہ جن کے بچے اعلی تعلیم یا عمر کے ایسے حصے میں ہیں جہاں روزگار کا سلسلہ شروع ہوتا ہے ان کو بھی توقع رکھنی چاہیے کہ ان کے بچے ان کے لیے باعث فخر و سعادت ہوں گے۔عمومی شہرت اور سوشل تعلقات میں اضافہ ہو گا۔

14نومبر تا یکم دسمبر

گزرے وقت کے کچھ فوائد ابھی ساتھ چلیں گے۔ معاشرتی عزت وقار کا تسلسل قائم رہے گا اور اب اس کا رخ آپ کے قریبی رشتہ داروں، ہمسائیوں کی طرف ہوگا۔ اردگرد کے معاملات میں آپ سے رائے حاصل کی جائے گی۔ لوگ آپ کی مشاورت اور فیصلوں کو اہمیت دیں گے سو آپ کو بھی اِن معاملات کے حوالے سے سنجیدہ اور اصولی طرزِ عمل اختیار کرنا چاہیے۔ وہ لوگ جن کا تعلق سفر کے ذریعے روزگار کمانے سے ہے اِن کو بھی اس ماہ خصوصی فوائد کا حصول ہوگا گو مجموعی طور پر تمام ماہ مالی و مادی حوالے سے اچھے حالات واقعات کی نشاندہی کرتا ہے۔ اس کے علاوہ عورتوں اور فنون لطیفہ سے منسلک شعبوں کے افراد کے لیے بھی یہ وقت اچھا ہے۔ کاروباری لوگوں خصوصاً عورتوں کو نئی سمتوں میں کام کرنے کے مواقع ملیں گے۔ عمومی طور پر گھریلو ماحول خوشگوار رہے گا اور افراد خانہ آپس میں اتفاق سے خوشگوار طریق سے رہیں گے۔ تاہم اگر کسی عورت کے ساتھ ناراضگی ہے یا ناجائز تعلقات ہیں یا ایسی ہی کوئی صورت حال ہے تو اس سے اپنے آپ کو محفوظ رکھنے کا بندوبست کرلیں۔ بہت ممکن ہے وہ آپ کے خلاف سامنے یا سامنے آئے بغیر کوئی ایسی حرکت کرے جو آپ کے لیے نقصان دہ ہو۔

2دسمبر تا 31دسمبر

اب جو وقت ہے اس وقت محتاط رویہ اختیار کریں۔ خاص طور لوگوں کے ساتھ لین دین کرنے، معاملات طے کرتے اور گفتگو کرتے ہوئے اپنے مزاج کو کنٹرول میں رکھیں پہلے تناؤ پھر غصہ اور پھر ہاتھا پائی کی نوبت آسکتی ہے۔ اگر معاملہ زیادہ بڑھا تو جسمانی طور پر بھی متاثر ہو سکتے ہیں۔ وہ لوگ جو مزمن امراض کا شکار ہیں وہ محتاط رہیں اِن کے اپریشن یا مرض میں بڑھوتری کا خطرہ ہے۔ شان وشوکت کو قائم رکھنے کے لیے روپیہ کا استعمال کرنا چاہیں گے۔ گو ہم اس کا مشورہ نہیں دیتے کیونکہ حاصل کچھ نہ ہوگا۔ وراثت، خاندانی جائیداد اور ایسے معاملات پر خصوصی توجہ دیں۔ پراپرٹی وغیرہ کی خرید وفروخت نہ کریں۔

برج میزان

یکم جنوری تا22جنوری

زیر بحث عرصہ میں کئی ایک مشکلات کا اشارہ مل رہا ہے۔ اس عرصہ کے دوران اپنے اخراجات اور آمدن میں توازن قائم کرنا ضروری ہوگا بصورت دیگر اس حوالے سے مسائل سامنے آئیں گے کیونکہ صرف اخراجات ہی نہ بڑھیں گے بلکہ آمدن کے ذرائع بھی سکڑتے ہوئے محسوس ہوں گے۔ اس عرصہ کے دوران اس برج سے متعلق وہ خواتین وحضرات جو جدید اور آزاد خیال ذہن کے مالک ہیں وہ جنس مخالف سے تعلق کے حوالے سے محتاط رہیں، خاص طور پر مرد حضرات کیونکہ بدنامی یا غیر معمولی خرچہ کے علاوہ اس معاملہ میں کچھ اِن کی قسمت میں نہ ہوگا۔ صحت کے امر پر خاص دھیان رکھیں۔ خصوصیت کے ساتھ آنکھوں اور بداحتیاطی کی وجہ سے لاحق ہونے والی امراض سے خطرہ ہوسکتا ہے۔

23جنوری تا 17مارچ

جاری کوائف کی صورتحال آپ کی توانائیوں میں کمی کا اشارہ دے رہی ہے۔ خاص طور پر قوت ارتکاز متاثر ہوگی اور آپ کافی وقت ایسے کاموں اور سمتوں میں خرچ کریں گے جس کی واقعی ضرورت نہ ہوگی۔ آپ کی منتشر کاروائیاں آپ کے کاموں میں التواء اور اپنے مسائل لانے کا باعث ہوں گے۔ بیرون ملک جانے چاہے سلسلہ نوکری، کاروباری یا حج وعمرہ یا سیر کے لیے، جو بھی مقصد ہو اس میں حسب منشاء امکانات نظر آتے ہیں تاہم اس عرصہ میں بیرون ملک جانے کے حوالے سے کسی ایجنٹ کو نہ تو رقم دیں اور نہ ہی مشکوک کاغذات پر سفر کریں ورنہ تمام تر سعادت کے باوجود مسائل اپنی جگہ قائم رہیں گے۔ افراد خانہ میں سے کسی کی خرابی صحت کا باعث پریشانی ہوسکتی ہے۔ اس

کے علاوہ اخراجات کا دروازہ اس عرصہ میں زیادہ کھولا نظر آتا ہے۔ ماسوا ابتداء میں سے اس شعبہ کو کنٹرول کریں۔ خفیہ دشمنوں اور مخالفین سے محتاط رہیں اگر کچھ لوگ آپ کے شدت سے مخالف ہیں تو پھر وہ آپ کے خلاف کوئی نہ کوئی خطرناک حرکت کر سکتے ہیں۔

18 مارچ تا 5 مئی

اس برج سے متعلق جو لوگ تعلیمی شعبے سے کسی طرح منسلک ہیں یا اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے خواہش مند ہیں یا حصول تعلیم کے لیے بیرون ملک جانے کے خواہش مند ہیں ان کو اس وقت اچھے مواقع ملیں گے۔ وہ لوگ جو بانڈ نمبروں اور ریس وغیرہ جیسے کاموں میں پیشہ وارانہ بنیادوں پر ملوث ہیں ان کے لیے اچھا وقت ہے۔ سمجھ داری سے کام لیتے ہوئے کافی آمدن ہو سکتی ہے۔ تاہم وہ جو شوقین ہیں اور تجربہ نہیں رکھتے وہ باز رہیں ان کو فائدہ نہ ہوگا۔ اس عرصہ کے دوران اپنی کھانے پینے کی عادات اور دیگر معاملات پر نظر رکھیں۔ ضرورت سے زیادہ کھانا چائے، سگریٹ اور نشہ آور اشیاء کا استعمال عام حالات میں بھی نہیں ہوتا۔ تاہم اس وقت خاص طور پر یہ سب کچھ آپ کی صحت کے لیے غیر مفید اور حد درجہ نقصان دہ ثابت ہوگا اور آپ کو بیماری کی شکل میں بے قاعدگی کی زکوۃ دینا ہوگی۔ اس عرصہ کے دوران سیر و تفریح کے مواقع ملیں گے تاہم سیر و تفریح میں مزاح کو ایک حد کے اندر رکھیں۔

6 مئی تا 2 جولائی

موجودہ کوائبی صورتحال میں کہا جا سکتا ہے کہ آپ اپنا حلقہ احباب اور کاروبار حیات میں نسبتاً بہتر مقام اور شہرت حاصل کرنے میں کامیاب ہو جائیں گے۔ یوں بھی لوگوں کا رجحان آپ کی طرف ہو گا اور مشاورت وغیرہ کے سلسلے میں بھی ملنے جلنے والے آپ سے رابطہ میں رہیں گے۔ کاروباری اور مالی حوالے سے صورت حال کچھ ایسی ہو گی کہ آپ کی آمدن بڑھ جائے گی اور اس طرح آپ کو کچھ نہ کچھ پس انداز کرنے میں کامیابی ہوگی۔ چھوٹے بہن بھائیوں کے ساتھ اچھے تعلقات ہوں گے اور ذاتی حوالے سے بھی آپ کے یہ عزیز و اقارب بہتر پوزیشن اور آسودگی حاصل کر پائیں گے۔ چھوٹے اور کامیاب سفر کرنے کا موقع ملے گا۔ سفر تفریح اور کاروباری رشتہ داروں سے ملنے کے حوالے سے ہو سکتے ہیں۔ گھریلو اور ازدواجی حالات اچھے رہیں گے اور نسبتاً خوشگوار زندگی بسر کریں گے۔ طالب علموں اور اعلیٰ تعلیم کے حصول کے خواہشمند افراد کے لیے اچھا وقت ہے، جو بھی قدم اٹھائیں گے اس میں کامیابی ہوگی۔

3 جولائی تا 23 اگست

کامیابی اور آسودگی کا سفر ابھی جاری رہے گا۔ آپ کاروباری فرد ہو یا نوکری پیشہ آپ کی ذمہ داریوں اور فرائض میں اضافہ ہوگا۔ یہ اضافہ پریشان کن نہیں بلکہ فائدہ مند اور اطمینان قلب کا باعث ہوگا۔ ذرائع آمدن میں اضافہ ہوگا اور کوشش کرنے سے آمدن میں خاطر خواہ اضافہ کر سکتے ہیں۔ وہ لوگ جو نیا کام شروع کرنا چاہتے ہیں یا کام کو بڑھانے کے خواہش مند ہیں ان کو بلا خوف و خطر ایسا کر لینا چاہئے۔ ہاں اس وقت چانس اور قسمت کے کھیلوں سے کچھ محتاط رہیں تو زیادہ بہتر ہے۔ اس کے علاوہ جو بات اس عرصہ میں قابل توجہ ہے وہ آپ کی ذاتی اور افراد خانہ کی صحت ہے۔ اس حوالے سے کسی خاص فرد کی نشاندہی تو نہیں کی جا سکتی البتہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ یہ وہ شعبہ حیات ہے جو آپ کے زائچے کی رو سے آپ کے مسائل اور معاملات میں اتار چڑھاؤ کا مظہر ہے۔ اس حوالے سے وقت اور رقم دونوں خرچ کرنے ہوں گے۔ والدہ کی صحت کا معاملہ زیادہ گڑبڑ لگ رہا ہے۔

24 اگست تا 13 ستمبر

اچھا وقت ہے۔ تاہم صحت کے حوالے سے ابھی بھی والدہ کی طبیعت پریشان کن ہو سکتی ہے۔ البتہ دیگر اہل خانہ کی طرف سے کچھ زیادہ پریشانی یا بیماری' کا اشارہ نہیں ملتا۔ بہر حال یہ ایک مصروف وقت ہے۔ کئی کاموں اور مصروفیات میں مشغول ہوں گے اور تنگی وقت کو محسوس کریں گے۔ وہ لوگ جو گھوم پھر کر اشیاء فروخت کرتے ہیں یا مارکیٹنگ کا کام یا شہر سے باہر روزگار کے امور منسلک ہیں ان لوگوں کو

خاص طور پر بہتری کی توقع کرنی چاہیے۔ اسی طرح اس برج سے متعلق وہ لوگ جو تحریر تقریر چھاپہ خانہ وغیرہ جیسے کاموں سے منسلک ہیں اِن کے لیے ابھی خاص طور پر اچھا وقت ہے۔ اولاد اور شریک حیات کی طرف سے خوشی ملے گی اور آسودہ گی حال رہیں گے۔

14ستمبر تا13نومبر

گو حالات و واقعات میں کوئی بڑی تبدیلی نہیں آئے گی تاہم معاملات میں کشادگی بھی نہ ہوگی۔ خاص طور پر بچوں کے حوالے سے کچھ پریشانی آسکتی ہے۔ پریشانی کی نوعیت بچوں کی عمر سے بھی مطابق رکھتی ہے۔ اس میں عمر کے مطابق صحت تعلیم اور روزگار جیسے مسائل ہو سکتے ہیں۔ دوستوں اور ملنے والوں کے ساتھ تعلقات میں کچھ نہ کچھ تناؤ پیدا ہوسکتا ہے۔ اِسی طرح ذاتی صحت بھی متاثر ہوسکتی ہے خاص طور پر بد پرہیزی اور لاپرواہی کا عنصر کنٹرول نہ کیا تو ذاتی حوالے سے تکلیف اٹھائیں گے۔ تاہم بہت سے ایسے معاملات میں جہاں حالات اچھے ہوں گے۔ مالی و مادی حوالے سے اچھا وقت ہے۔ تعلیم حاصل کرنے یا شعبہ تعلیم سے منسلک افراد کے لیے بھی اچھا وقت ہے۔ کسی نہ کسی پرانی خواہش کی تکمیل بھی اس ماہ ہو سکے گی۔ بانڈ ریس اور لاٹری وغیرہ جیسے کاموں سے صرف وہ لوگ فائدہ اٹھا سکیں جو اِن کو پیشہ ورانہ طور پر انجام دیتے ہیں۔ ہر خاص و عام کو فائدہ نہ ہوگا۔

14نومبر تا یکم دسمبر

پچھلے وقت کے تسلسل میں اچھا وقت۔ نوکری پیشہ افراد کو افسران بالا کی طرف سے مثبت رویہ ملے گا اور اِن کی پوزیشن مستحکم ہوگی۔ پیشہ ورانہ سیاست میں حکومتی اور اعلیٰ افسران کا تعاون رہے گا۔ بہت ممکن ہے اس حوالے سے پروموشن یا مالی فائدہ ملے۔ وہ جو کاروبار میں ہیں اِن کو بھی اچھی امید رکھنی چاہیے' کاروبار کے پھلنے پھولنے کے اچھے امکانات ہیں۔ شادی یا منگنی وغیرہ کے خواہشمند بھی اس عرصہ میں خوشی دیکھ سکیں گے۔ گھریلو ماحول اور گھر کو خوشگوار بنانے کی طرف رجحان رہے گا۔ گھر کی تزہین، آرائش کی طرف متوجہ ہوں گے۔ وہ افراد جو اس سے پہلے صحت کے مسائل کا شکار تھے اب اِن کو بھی صحت میں بہتر اور مناسب اور درست علاج کی سمت ملے گی۔

2دسمبر تا 31دسمبر

اختتام سال کا انجام بھی اللہ کے فضل سے بہتر ہی ہوگا۔ نوکری پیشہ لوگوں کی ٹرانسفر ہوسکتی ہے تاہم یہ بھلے کے لیے ہی ہوگی۔ افسران بالا کا تعاون حاصل ہوگا اور صاحب منصب لوگوں کے ساتھ تعلقات قائم ہوں گے۔ نئے دوست اور ساتھی اس عرصے کے دوران بنیں گے۔ اس برج سے متعلق وہ لوگ جو مخالفین کے ہاتھوں تنگ تھے اب اِن کو بھی آسودگی ملے گی اور مخالفین زیر ہوں گے۔ قانونی اور عدالتی امور میں کامیابی حاصل ہوگی۔ چھوٹے بہن بھائیوں کا تعاون حاصل ہوگا۔ تاہم اِن کے مزاج میں تھوڑی سے خودسری بھی ہوگی تاہم مجموعی طور پر ان کی طرف سے پریشان ہونے کی ضرورت نہیں وہ بہر حال آپ کی طرف ہی ہوں گے۔

یکم جنوری تا22جنوری

سال کی ابتداء اچھے وقت اور سعد حالات کے ساتھ ہو رہی ہے۔ خاص طور پر اگر آپ میں آگے بڑھنے اور کامیابی حاصل کرنے کی عملی خواہش ہے تو پھر اللہ کی مدد سے آپ اس عرصہ میں غیر معمولی کامیابی حاصل کریں گے۔ کاروباری اور پیشہ وارانہ حوالے سے نمایاں مقام حاصل کریں گے۔ آمدن اور ذرائع روزگار میں اضافہ ہوگا۔ خاص طور پر وہ لوگ جو بیک وقت دو یا دو سے زائد جگہوں پر کام کرتے ہیں یا کرنے کے خواہشمند ہیں۔ عمر میں آپ سے بڑے بہن بھائی خصوصاً بہنیں اس عرصہ میں مثبت طور پر آپ کی زندگی پر اثر انداز ہوں

گی۔ البتہ آپ کی والدہ کی صحت اس عرصہ میں متاثر ہوسکتی ہے۔ گھریلو ماحول خوشگوار اور شریک حیات کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ وہ لوگ جو نئی محفلوں کے شوقین ہیں اور نئے نئے تعلقات بنانا چاہتے ہیں یا وہ لوگ جو شوبز سے متعلق ہیں یا جو چاہتے ہیں کہ معاشرے میں جانے پہچانے جائیں اِن کیقلبی خواہشات بھی اس وقت پوری ہوتی نظر آتی ہیں۔

23جنوری تا 17مارچ

پچھلے عرصے کی نسبت اس وقت کو مشکل کہا جاسکتا ہے۔ اس عرصہ کے دوران معاملات زندگی میں محتاط رویے کی ضرورت ہوگی۔ اگر مزاج پر قابو نہ پایا گیا تو لڑائی جھگڑے اور ایسے دیگر مسائل کا شکار ہوسکتے ہیں۔ ہمارا مشورہ ہے معاملات زندگی کا کوئی بھی پہلو ہو یعنی لوگوں سے گفتگو سے لے کر سڑک پار کرنا یا گاڑی چلانا محتاط رہیں ورنہ چوٹ اور حادثہ ہونا لازم ہے۔ کاروباری اور مالی معاملات کے حوالے سے زیادہ خوشگوار حالات نظر نہیں آتے سو معاملات کو کچھ عرصہ کے لیے التواء میں پڑا رہنے دیں اور جلد بازی کی بجائے سمجھ داری سے کام لیں۔ اس عرصہ میں ادھار کسی کو نہ دیں واپسی نہ ہوگی۔ اپنی صحت کا خیال رکھیں موسمی اثرات سے متاثر ہوں گے۔

18مارچ تا 5مئی

ایک محتاط طرزِ عمل کا متقاضی وقت۔ اس وقت تمام ایسے کام جو رسک لینے کے زمرے میں آتے ہیں اِن سے دور رہیں۔ اس میں تیز گاڑی یا موٹر سائیکل وغیرہ چلانے سے لے کر شیئرز یا جوا یا نمبروں وغیرہ کے سب معاملات شامل ہیں۔ اگر ایسا کیا تو پھر اس کا رزلٹ جلد ہی مل جانے کا زیادہ انتظار نہیں کرنا پڑے گا اور یہ کچھ اچھا بھی نہ ہوگا۔ اس عرصہ کے دوران صحت کے مسائل میں اضافہ ہوگا اور اب آپ اکیلے نہ رہیں گے بلکہ توقع ہے خانہ ان میں سے کوئی اور بھی صحت کے مسائل و امراض کا شکار ہوگا۔ سو اس حوالے سے محتاط رہیں اور خرابی صحت کو طوالت اختیار نہ کرنے دیں۔ جیسے ہی کوئی متاثر ہو فوری طور پر اس کے علاج معالجہ پر توجہ دیں۔ یہی آپ کے لیے اور یہی دوسرے مریض کے لیے موزوں ہے۔ اس عرصہ کے دوران نیا گھر لینے' گاڑی تبدیل کرنے یا گھر کی تعمیر وغیرہ میں نہ پڑیں۔ جائیداد کی خرید و فروخت بھی نہ کریں۔ اس وقت ان معاملات میں کام کرنا مستقبل میں اچھے نتائج نہ لائے گا۔ افراد خانہ سے زیادہ مباحثہ نہ کریں۔

6مئی تا 2جولائی

اب تک کے حالات و واقعات کی روشنی میں دیکھا جائے تو یہ دورانیہ سب سے بہتر وقت کا اشارہ دے رہا ہے۔ مادی اور کاروباری حوالے سے آسودگی کا حصول ہوگا۔ وہ کاروباری افراد جو عرصے سے کام کو بڑھانے کا سوچ رہے تھے۔ اب وقت ہے کہ ایسا کرسکیں گے۔ اِس طرح نوکری پیشہ افراد کو بھی کوئی نہ کوئی آسودگی یا اضافی آمدن ہوسکتی ہے۔ بہرحال مجموعی طور پر اس برج سے متعلق لوگوں کے حالات میں مثبت تبدیلی آئے گی۔ صاحب حیثیت و مرتبہ افراد کے ساتھ ہوں گے۔ گھریلو اور ازدواجی زندگی خوشگوار ہوگی اور باہم افراد خانہ پُرسکون اور لطف اندوز زندگی بسر کریں گے۔ چانس اور انعامی سکیموں میں حصہ لینے والے میں حدود اربعہ کے اندر رہ کر کامیابی حاصل کرسکتے ہیں۔ تاہم ہمارا مشورہ ہے اس عرصہ کے دوران وراثت سے متعلق معاملات کے حوالے سے قطعاً کوئی لاپرواہی اختیار نہ کریں۔ ورنہ آگے چل کر معاملات منفی شکل اختیار کرجائیں گے۔ وہ لوگ جو دوسروں کے روپے کو اپنے بزنس میں لگانا چاہتے ہیں یا دوسروں کے روپے سے اپنا بزنس کرنا چاہتے ہیں ان کو بھی تکمیل خواہش کا کوئی نہ کوئی راستہ مل جائے گا۔ بیرون ملک سفر یا کام کے حوالے سے جلد بازی لاپرواہی سے کام نہ لیں۔

3جولائی تا 23اگست

وہ لوگ جو کاروبار کرتے ہیں چاہے اس کی نوعیت اور حجم کچھ بھی اُن کو مواقع ملیں گے کہ آگے بڑھ سکیں؛ جس قدر کوشش کریں گے اس قدر کامیابی کے امکانات زیادہ ہیں۔ ملازمت پیشہ افراد کے لیے بھی

وقت اچھا ثابت ہوگا۔ نئی اور بہتر نوکری کی تلاش، تنخواہ، یا ترقی وغیرہ کے حوالے خوشی حاصل ہو سکتی ہے ہو وہ جو چاہتے ہیں کہ کامیابی حاصل کریں، ضرور ایک قدم آگے بڑھائیں۔ اس برج سے متعلق جو لوگ باپ یا خاندان کے بڑوں سے توقع لگائے بیٹھے ہیں امید ہے اللہ کے فضل سے اِن کی اب سنی جائے گی اور تکمیل خواہش کے اسباب پیدا ہوں گے۔ جہاں تک گھریلو اور خاندانی زندگی کا تعلق ہے یہ خوشگوار اور اچھی بسر ہوگی۔ تاہم اس سارے خوشگوار ماحول کے باوجود کچھ لوگ غیر محسوس طور پر آپ کی خلاف بدگوئی اور خفیہ سازش قسم کے اقدامات کر سکتے ہیں۔ سو ان مخالفین سے ہوشیار رہیں۔ اِن کو پہچانا آسان نہ ہوگا۔

24 اگست تا 13 ستمبر

پچھلے کچھ عرصہ سے جن مسائل کا شکار تھے اب اِن میں آسودگی ملنے کا وقت آ گیا ہے ہمارے حساب سے اس وقت کو آپ کو بہت توجہ سے صرف کرنا چاہیے۔ آپ اس دوران مختلف سمتوں سے فوائد حاصل کر سکتے ہیں۔ مالی آسودگی اور خوشحالی نصیب ہوگی آپ کا تعلق کسی بھی شعبہ حیات سے ہو اللہ کے فضل سے اس میں آپ کے لیے بہت مواقع پیدا ہوں گے۔ نوکری پیشہ افراد کو خاص طور پر افسران سے تعلق بڑھانے اور دیگر فوائد حاصل کرنے کے مواقع ملیں گے۔ تاہم اس دوران شریک حیات کی صحت کا خیال رکھیں، خراب ہو سکتی ہے۔ اس کے علاوہ اپنی اشیا اور گھر و اموال کی حفاظت کریں۔ چوری چکاری کا خدشہ ہے۔ نوکری کے علاوہ کتابت، تحریر و تقریر، پرنٹنگ، فوٹو اسٹیٹ اور ایسے ہی دیگر کاموں سے متعلق افراد خاص طور پر اس وقت کے ثمرات سے مستفید ہوں گے۔

14 ستمبر تا 13 نومبر

یہ ایک ایسا وقت ہے جو ذاتی صحت اور خاندانی امور کے حوالے سے مسائل لانے کا باعث ہوگا۔ جہاں تک صحت کا تعلق ہے تو شاید آپ اکیلے نہ ہوں بلکہ افراد خانہ میں سے کوئی اور بھی تکلیف میں مبتلا ہو سکتا ہے۔ تاہم ایک دوسرے حوالے سے یہ وقت کئی طرح کے بہتر حالات واقعات کا بھی مظہر ہے اور یہ بہتری دراصل آپ کے کیرئیر وغیرہ کے حوالے سے ہے۔ مادی اور مالی معاملات میں آسودگی کا حصول ہوگا اور اس حوالے سے کوئی خاص پریشانی نہ ہوگی بلکہ آسودگی حاصل ہوگی عزت اور مرتبہ بلند ہوگا اور حلقہ احباب میں آپ کی بات سنی جائے گی۔ لوگ عزت کے ساتھ پیش آئیں گے اور صاحب حیثیت لوگوں کا تعاون حاصل ہوگا۔ گھریلو معاملات کے بارے میں نرم رویہ رکھیں۔

14 نومبر تا یکم دسمبر

یہ وقت کئی حوالوں سے خوشیاں لے کر آئے گا وہ لوگ جو شادی یا منگنی وغیرہ کے خواہش مند ہیں اِن کی تمنا پوری ہونے کے اسباب پیدا ہوں گے اور ازدواجی حوالے سے خوشی ملے گی۔ اور جو عاشقی کے مریض ہیں اِن کو بھی حسب خواہش کچھ نہ کچھ کامیابی ہوگی۔ نوکری پیشہ افراد کے تعلقات اعلیٰ افسران وغیرہ سے اچھے ہوں گے اور اِن کی طرف داری حاصل رہے گی۔ نوکری پیشہ ہوں یا کاروباری فرد مالی امور مد یا عمومی لحاظ سے بہتری کی توقع کی جا سکتی ہے۔ شادی شدہ افراد کی ازدواجی زندگی خوشگوار بسر ہوگی۔ ملنے جلنے والے لوگوں کے ساتھ عمومی طور پر اچھے تعلقات رہیں گے اور واقفیت میں اضافہ ہوگا۔ شیئرز اور مستقبل کے لیے سرمایہ کاری کرنے کے لیے مناسب وقت ہے۔ انشاء اللہ اچھے نتائج آئیں گے۔

2 دسمبر تا 31 دسمبر

یہ وقت کچھ زیادہ بہتر نہ ہے۔ افراد خانہ میں جھگڑنے اور باہم ناچاقی کے واقعات پیش آئیں گے۔ روپیہ کا استعمال ایسی جگہ پر ہوگا جس کو روپیہ کا ضیائع بھی کہا جا سکتا ہے۔ اگ آپ ناک یا گلے کے امراض کا شکار ہیں تو اس عرصہ میں اس تکلیف میں اضافہ ہوگا۔ عمومی طور پر صحت کے حوالے سے کچھ نہ کچھ مسئلہ ضرور در پیش ہوگا۔ احکام اور عدالتی کاروائی سے بچنے کی کوشش کریں اور اچھے طریقے سے معاملات کو اچھے وقت تک ٹال دیں ورنہ ان لوگوں سے آپ کو حمایت

ملتی نظر نہیں آ رہی۔

برج قوس

یکم جنوری تا 22 جنوری

نسبتاً ایک سخت اور محتاط وقت کی ابتدا ہے۔ شراکت پر کام کرنے والوں یا مشترکہ نوعیت کے بزنس کام یا خاندانی ماحول میں تناؤ کی کیفیت پیدا ہو سکتی ہے۔ ایسی صورت حال میں ماسوائے تحمل اور بردباری کے ذریعے مقاصد کے حصول کے کوئی صورت نظر نہیں آتی۔ ضد اور اپنے آپ کو بحث کے ذریعے حق پر ثابت کرنا مفید نہ ہوگا۔ خاص طور پر شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں اتار چڑھاؤ رہے گا۔ اور زیادہ توقعات وابستہ کرنا مایوسی کا باعث ہوگا۔ اس وقت کوشش کریں کہ زیادہ میل ملاقات اور تیزی کے ساتھ معاملات کو حل کرنے کی بجائے ڈپلومیسی سے کام لیں، جذبات کو کنٹرول میں رکھیں۔ سفر نہ کریں زیادہ تر سفر مایوسی اور ناکامی کا باعث ہوں گے۔

23 جنوری تا 17 مارچ

اب تک جو تکالیف آپ برداشت کرتے آئیں ہیں، جاری کوائف صورت حال کے تحت لگتا ہے کہ قدرت کافی حد تک آپ پر مہربان ہو گئی ہے۔ بچوں کے حوالے سے اب تک جو مسائل تھے اِن کا حل نکل آئے، صرف صحت میں نہیں، تعلیم اور دیگر معاملات زندگی کے بارے میں بھی مثبت تبدیلیاں سامنے آئیں گی۔ وہ جن کے بچے بڑے ہیں وہ پیشہ ورامور میں اپنی صلاحیتوں کا خاطر خواہ مظاہرہ کریں گے۔ عموی طور پر آپ کی مالی و مادی زندگی میں اچھی تبدیلی آنے کی توقع ہے۔ اب مالی امور میں آسودگی پیدا ہونے کے اسباب نظر آئیں گے۔ وہ لوگ جن کا تعلق سیلز وغیرہ کے شعبے سے ہے اور کام کے حوالے سے کافی گھومنا پڑتا ہے۔ اِن کو خاص طور پر کامیابی نصیب ہوگی۔ چھوٹے بہن بھائیوں سے حصول مفاد ہوگا۔ بانڈ ریس جیسے کاموں میں کامیابی کی توقع کی جا سکتی ہے۔ تاہم زیادہ رقم نہ لگائیں۔ خاص بات اس وقت یہ بھی کہ آپ کے مخالفین جواب تک آپ کے لیے کافی مسائل کا باعث بنے رہے تھے، اب اِن کا سدباب ہوگا۔ اور اِن کے مقابلہ میں آپ کو غلبہ حاصل ہوگا۔ ہاں اس عرصہ میں قرض وغیرہ جیسے معاملات سے دور رہیں اس حوالے سے مستقبل میں مسائل آئیں گے۔ سو نہ ادھار لیں نہ دیں۔

18 مارچ تا 5 مئی

اب تک آپ جن مسائل میں الجھے ہوئے تھے زیر بحث وقت میں ان سے نکلنے کے کافی زیادہ امکانات ہیں جاری کوائف حالت کئی حوالوں سے حالات میں بہتری اور معاملات کی اصلاح کا باعث ہو گی۔ ذاتی اور افراد خانہ ان کی صحت کے جو مسائل تنگ کر رہے تھے اب اس حوالے سے سکون نصیب ہوگا اور بڑے مسئلے حل ہو جائیں گے۔ عموی حوالے سے اچھے حالات و واقعات کا سامنا ہوگا اور خوش حالی و سکون ملے گا۔ اعتماد میں اضافہ ہوگا اور ذہنی صلاحیتیں آگے بڑھنے اور اپنے کاموں کو بہتر انداز میں کرنے پر طبیعت مائل ہوگی۔ اس عرصہ کے دوران مالی اور کاروباری حوالے سے بہتر مواقع سامنے آئیں گے۔ وہ لوگ جو ایسے کاموں میں منسلک ہیں جن میں شہرت کا حصول ہو سکتا ہے اُن کو معاشرے میں نام اور مقام بنانے کا موقعہ ملے گا۔ التواء میں پڑے کام مکمل ہونے کی سبیل نکلے گی۔ وہ افراد جو نوکری پیشہ ہیں اِن کے اپنے مالکوں یا افسران بالا سے تعلقات میں بہتری آئے گی۔ ذہانت سے اِن تعلقات کو اپنے مفادات کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔

6 مئی تا 2 جولائی

وہ لوگ جو مذہبی رجحان رکھتے ہیں یا علوم مخفی میں دلچسپی رکھتے ہیں اِن کو اس عرصہ کے دوران روحانی اور ماورائی حوالوں سے کامیابی

کی کافی توقع ہے۔ وہ لوگ جو اس سمت میں محنت کریں گے ضروری کسی نہ کسی حد تک کامیابی حاصل کر پائیں گے۔ اس عرصہ کے دوران آپ کا طرز عمل، طرز کار اور طرز حیات حد درجہ اہمیت اختیار کر جائے گا۔ یہ ہی وہ شعبہ ہے جو اس بات کا فیصلہ کرے گا کہ آپ مسائل سے بھرپور وقت بسر کریں یا تحمل کا مظاہرہ کر کے نسبتاً پرسکون زندگی بسر کر سکیں۔ معاملہ چاہے روزمرہ امور کا ہو، کاروباری یا دفتری ساتھیوں کا یا اولاد کا، اِن کی طرف سے متوقع یا مناسب حدود کے اندر طرز عمل کا کچھ فقدان ہوگا۔ آپ کا طرز عمل اس میں مسائل کو الجھا بھی سکتا ہے اور سلجھا بھی سکتا ہے۔ خصوصی طور پر یاد رکھیں اس عرصہ میں مقدمہ بازی اور معاملات کو حل کے لیے تھانہ کچہری کی طرف نہ لے کر جائیں۔ باہر باہر معاملات کو طے کریں۔ بیرون ملک جانے والے ایجنٹ حضرات کی مکمل تحقیق کے بعد روپیہ دیں کیونکہ اس وقت جعلسازی کا بھی امکان ہے۔

3 جولائی تا 23 اگست

اب جس وقت سے گزر رہے ہیں اس میں دماغ پر زیادہ زور دیے بغیر حصول کامیابی کے لیے مکمل توجہ اور دلچسپی کے ساتھ کام کریں۔ کیونکہ یہ ایسا وقت ہے جو ماضی میں پیش آمدہ مسائل میں آسودگی اور آسانی کا وعدہ کر رہا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ اس سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھایا جائے۔ وہ جو خوبصورتی کے خواہش مند ہیں وہ لوگ اور چہرے وغیرہ کو جوان بنانے کے لیے کامیاب کوشش کر سکتے ہیں۔ وہ لوگ جو تحریر و تقریر اور پرنٹنگ وغیرہ کے شعبوں سے متعلق ہیں اِن کو خاص طور پر کامیابی حاصل ہوگی۔ بانڈ ریس جیسے کاموں میں بھی کامیاب ہو سکتے ہیں بشرطیکہ کنفیوژن کا شکار نہ ہوں۔ سیر و تفریح کے مواقع ملیں گے۔ وہ جن کی شادی وغیرہ نہیں ہوتی اس وقت اس حوالے سے پیش رفت ہو سکتی ہے۔ یوں شریک حیات کے ساتھ تعلقات خوشگوار رہیں گے۔

24 اگست تا 13 ستمبر

یہ وقت بیرون ملک کے حوالے سے معاملات طے کرنے کے حوالے سے حد درجہ اہم ہے۔ قطع نظر اس بات کے کہ آپ بیرون ملک جانے کے خواہشمند ہیں، بیرون ملک کسی تعلیمی ادارہ میں داخلہ لینا چاہتے ہیں یا نوکری کے لیے جانا چاہتے ہیں یا کاروبار بزنس کے لیے، ہر حوالے سے آپ کو کوشش کرنی چاہیے کامیابی کا کافی امکان ہے۔ عمومی طور پر بھی یہ وقت مالی و مادی حوالے سے مثبت احکام لیے ہوئے ہے۔ معاملات میں آسانی اور آسودگی حاصل ہوگی۔ معاشرے میں اچھی پوزیشن حاصل ہوگی اور نئے نئے تعلقات قائم ہوں گے۔ بانڈ ریس اور ایسے معاملات میں حصہ لینا ایک حد تک مفید ہوگا۔ نئے دوست بنیں گے اور سیر و تفریح کے مواقع ملیں گے۔ وہ جن کی ترقی رکی ہوئی تھی اب امکان ہے اِس حوالے سے مطلوبہ مقاصد حاصل ہوں گے۔ بچوں کے معاملات میں آسودگی آئے گی اور جوان بچے روزگار کے حوالے سے اچھی خبر لائیں گے۔

14 ستمبر تا 13 نومبر

پچھلے حالات کے ہی جاری رہنے کی کوا کبی صورت حال ہے۔ چند اہم شعبے جن میں اب آپ کو محتاط رویہ اختیار کرنا ہے۔ وہ ہے مخالفین کا شعبہ۔ لوگ سامنے سے اور چھپ کر تنگ اور پریشان کریں گے۔ خفیہ سازش اور ایسی دیگر کارروائیوں کا واضح امکان ہے۔ نوکری پیشہ افراد کے ساتھ کاروباری افراد کو بھی اس حوالے سے توجہ دینی چاہیے۔ ساس بہو کے تعلقات کا جائزہ بھی اس کوا کبی صورت حال میں تحمل سے لینا ضروری ہے۔ ایسے تمام لوگ جو عاشقانہ مزاج یا سرگرمیوں میں ملوث ہیں یا بانڈ جوا اور ایسے دیگر امور سے متعلق ہیں یا چھپ کر غیر قانونی یا نیم غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث ہیں اِن کے راز افشاں ہونے کا خطرہ ہے۔ مزاج میں چڑچڑاپن اور تناؤ زیادہ ہوگا اور صحت بھی خراب ہو سکتی ہے۔ ذہنی دباؤ اور ٹینشن بھی بیماری کا سبب ہوگی۔ اس وقت کو تحمل بلکہ نیم خاموش اور چال بازی کی سی کیفیت کے تحت بسر کریں گے۔ تو نسبتاً حالات موافق ہوں گے ورنہ سیدھا سچ کسی کو اچھا نہ لگے گا۔

14 نومبر تا یکم دسمبر

ایک ایسا وقت جو مٹھاس اور کھٹاس دونوں لیے ہوئے ہے۔ دراصل مسائل اور تناؤ بار بار سامنے آئیں گے اور ہمارے خیال میں آپ کو اِن کی طرف سے منہ کو موڑتے ہوئے آگے بڑھنے کا سفر جاری رکھنا چاہیے۔ لوگ تناؤ اور مسائل پیدا کرنے والی گفتگو اور حرکات میں ملوث ہو سکتے ہیں تاہم اِن پر توجہ نہ دیں اور اگر آپ نے ایسا کیا تو کئی شعبہ حیات میں بہتر نتائج حاصل کر پائیں گے۔ پیشہ وارانہ زندگی میں کامیابی اسی طرز عمل کی مرہون منت ہوگی۔ دماغ میں گرمی ہوگی۔ نظر کے مسائل اور سر درد وغیرہ جیسے امراض سے واسطہ پڑ سکتا ہے۔ عزت وقار کے معاملات توجہ طلب اور بعض اوقات نازک صورت اختیار کر جائیں گے۔ معاملات صحت پر خصوصی توجہ دیں چاہیے آپ کی عمر اور جنس کچھ بھی ہو محتاط رہیں۔ روزمرہ امور اور ساتھ کام کرنے والوں کے ساتھ اپنی بات منوانے یا غلبہ حاصل کرنے کے حوالے سے مسائل پیدا ہوں گے۔ بیرون ملک سفر کے حوالے سے بھی معاملات سامنے آئیں گے تاہم سوچ سمجھ کر قدم اٹھائیں۔

2 دسمبر تا 31 دسمبر

اختتام سال کے ساتھ ساتھ اچھے وقت کا تسلسل ابھی جاری رہے گا اور کہا جا سکتا ہے کہ معاشرے میں آپ کے مقام اور اچھی شہرت میں اضافہ ہوگا۔ صاحب حیثیت افراد، افسران اور دیگر لوگ فوائد دینے کا باعث ہوں گے۔ یہ اب آپ پر ہے کہ اس اچھے وقت کا فائدہ آپ کس طور اٹھاتے ہیں۔ آپ کے اعتماد میں اضافہ ہوگا۔ وہ جن کی ترقی رکی ہوئی ہے۔ اب سمجھ لیں اس کا وقت آ گیا ہے۔ اس طرح حکومت کے پاس رکے ہوئے کاموں کی تکمیل نظر آ رہی ہے۔ اس عرصہ میں بہتر اور اچھے لباس پر توجہ مرکوز ہوگی۔ گھریلو شخصیت اور کام کی جگہ پر نسبتاً بہتر ماحول بنانے کی کوشش کریں گے۔ مالی اور مادی حوالے سے اچھا وقت ہے اور جس طرف بھی توجہ دیں گے کچھ نہ کچھ کامیابی ضرور حاصل کر لیں گے۔ چاہے جزوی طور پر ہی کیوں نہ ہو۔ یہ وقت آپ کو کچھ نہ کچھ ضرور دے گا۔

برج جدی

یکم جنوری تا 22 جنوری

وہ کاروباری افراد جن کے کام کا دارومدار زیادہ تر اِن کے ملازمین پر ہے یا وہ کام یا مارکیٹ کے حوالے سے اِن پر انحصار کرتے ہیں اس وقت اپنے ملازمین سے زیادہ سے زیادہ کام اور مفاد لینے کی پوزیشن میں ہوں گے۔ ملازمین فائدہ مند ثابت ہوں گے۔ اِس کے علاوہ پیشہ وارانہ امور سے منسلک تمام افراد اپنے اپنے شعبے میں عام طور پر بہتر پوزیشن میں ہوں گے۔ اس عرصہ میں ایک خاص بات جو ظاہر ہو رہی ہے۔ وہ یہ ہے کہ اس برج سے متعلق جن لوگوں کو مقدمات مخالفت یا دشمنی کا سامنا تھا اس وقت ایسے اسباب پیدا ہوں گے کہ یہ مخالفین پر غالب آئیں گے۔ سو بات چیت دباؤ وغیرہ جیسے حربے استعمال کر کے معاملات کو اپنے حق میں ختم کیا جانا چاہیے تاہم پیچھے لگ کر نقصان کی بھیک مانگنے کا فائدہ نہ ہوگا آگے بڑھ کر مخالف پر غلبہ حاصل کرنے کی کوشش زیادہ بہتر ہے۔ اس عرصہ میں نئے لوگ اور نئے تعلقات سامنے آئیں گے جو مستقبل میں فائدہ مند ثابت ہوں گے۔

23 جنوری تا 17 مارچ

مالی اور مادی حوالے سے ملے جلے رجحانات کا حامل ہوگا۔ یعنی کچھ معاملات میں تو حالات حسب خواہش رہیں گے اور کچھ میں مایوسی یا پریشانی کا سامنا ہوگا۔ وہ لوگ جو مقدمات یا وراثت یا شراکت سے متعلق معاملات میں تناؤ کا شکار ہیں یہ وقت اس حوالے سے زیادہ گنجائش لیے ہوئے نہ ہوگا۔ تناؤ اور پریشانی میں اضافہ ممکن ہے۔ وہ جن سے اس عرصہ میں ادھار وغیرہ مانگا جائے۔ اِن کو کسی بھی صورت

میں ادھار نہیں دینا چاہیے۔ واپسی مشکل ہوگی۔ شیئر ز کے کام میں زیادہ منافع کا لالچ نہ کریں۔ مناسب منافع کما کر اپنا سرمایہ محفوظ کر لیں۔ ذاتی مالی و مادی امور کے حوالے سے اچھا وقت ہے' مالی آسودگی اور خوشحالی رہے گی۔ وہ جو کاروبار میں' اِن کو پھیلاؤ کے لیے کام کرنا چاہیے اور جو نوکری میں اِن کو افسران سے اچھے تعلقات اور فائدہ کی توقع رکھنی چاہیے۔ گفتگو کے دوران محتاط رہیں اور اپنی زبان پر قابو رکھیں۔ یہ فساد کا باعث ہو سکتی ہے۔ دوستوں کے ساتھ بے مقصد کی سیر و تفریح اور ایسے امور میں شامل رہیں گے۔

18مارچ تا5 مئی

جاری وقت ایک دفعہ پھر معاملات میں کچھ تناؤ کی سی کیفیت لانے کا باعث ہوگا۔ خاص طور پر اخراجات میں ہونے والا اضافہ آپ کو تنگ کرے گا۔ اس کا مطلب آمدن میں کمی نہیں بلکہ مختلف امور میں ہونے والے فالتو اخراجات یا غیر ضروری تعلقات و خریداری کے باعث مالی پریشانی در آئے گی۔ سو اس سے بچیں۔ افراد خانہ میں خاص طور پر بچوں کی صحت کا دھیان رکھیں' بیماری کا خطرہ ہے۔ وہ نوکری پیشہ افراد جن کو بطور سزا موجودہ جگہ سے دوسری جگہ یا شہر ٹرانسفر کیا جاتا ہے وہ بھی سخت خطرے میں' بہت ممکن ہے مخالفین اس میں کامیاب ہو جائیں۔

6مئی تا2جولائی

حالات میں تبدیلی محسوس کی جائے گی اور جس قدر آسانی پہلے تھی اب اتنی محسوس نہ ہوگی۔ صحت کے حوالے سے خاص طور پر محتاط رہیں یہ صرف عمومی امراض کی بات نہیں' بلکہ راہ چلتے سائیکل یا گاڑی چلانے یا کام کرتے ہوئے بھی اپنے آپ کو بچا کر رکھنے کا وقت ہے تا کہ حادثہ وغیرہ سے محفوظ رہا جا سکے۔ اس وقت کو موت کا وقت تصور نہ کر لیں۔ البتہ مشکل ضرور ہے۔ وراثت' خاندانی امور شراکت کے معاملات میں تناؤ کی کیفیت ہوگی اور مطلوبہ مقاصد کا حصول آسانی سے نہ ہوگا۔ مشترکہ کاروبار کرنے والوں کو شریک کار یا مال خریدنے والوں سے ادھار کی واپسی یا حساب کے حوالے سے شکایت پیدا ہونا امر لازم ہے۔ ہاں وہ لوگ جو موت' کفن دفن اور انشورنس وغیرہ کے کاموں سے متعلق ہیں اِن کو فوائد کا حصول ہوگا' عمومی طور پر مالیمعاملات میں تناؤ رہے گا۔ اور مالی و مادی حوالے سے کئی مسائل پریشانی کا باعث ہوں گے۔ جو بھی صورت حال ہو جلد بازی اور تندی و تیزی سے کسی بھی ضرورت کام نہ لیں ورنہ مسائل بھی اضافہ ہی ہوگا۔

3جولائی تا23 اگست

معاملات میں تناؤ کا تسلسل جاری رہے گا۔ اور ابھی مسائل سے باہر آنے کا مکمل راستہ ملتا نظر نہیں آتا۔ مخالفین اور دشمن طاقت پکڑیں گے' دنیاوی و روحانی حوالے سے مسائل کا شکار کر سکتے ہیں۔ اخراجات میں اضافہ ہو گا اور روحانی حوالے سے مسائل کا شکار کر سکتے ہیں اخراجات میں اضافہ ہو گا اور اس تناسب سے آمدن میں اضافہ ہونا نظر نہیں آتا۔ ہاں اس عرصہ کی نحوست سے حفاظت یا بچاؤ کے لیے سفر کرنا مفید ثابت ہوگا۔ وہ لوگ جو علوم مخفی سیکھنے کے خواہش مند ہیں یا اس حوالے سے کام کر رہے ہیں۔ اِن کے لیے یہ بہتر وقت ہے اور اس سمت میں کامیابی کے کچھ نہ کچھ امکانات ضرور نظر آتے ہیں۔ بدزبانی سے خاص طور پر بچیں۔ افراد خانہ کے ساتھ براہ راست گفتگو اور پھر ٹکراؤ کے بجائے خاموش اور بالواسطہ گفتگو کا سلسلہ زیادہ بہتر رہے گا۔

24اگست تا13ستمبر

مالی و مادی رائے سے یہ وقت اچھی خبریں لے کر آئے گا۔ رکے ہوئے بل اور عرصہ سے مطلوبہ رقم کا حصول نظر آتا ہے۔ کاروباری اور پیشہ ور افراد کو آگے بڑھنے اور کامیابی کے کئی امکانات نظر آئیں گے جن سے فائدہ اٹھانا آپ کی سمجھ اور وقت کی نزاکت کو سمجھنے پر ہے۔ تاہم جہاں تک مالی امور کی دیگر شکلوں کا تعلق ہے یعنی دوسروں کو ادھار دینا یا شراکت کے لیے رقم لگانا وغیرہ جیسے معاملات کو ابھی بھی ہماری رائے اِن سے ملوث نہ ہونے کے بارے میں ہے۔ یہ معاملات فائدہ مند ثابت نہ ہوں گے۔ اپنے طرز گفتگو اور معاملات

طے کرتے ہوئے اپنے ردعمل کو کنٹرول کریں۔ شتر بے مہار ہونے سے صرف اور صرف پریشانی اور مسائل میں اضافہ ہوگا اور کچھ حاصل نہ ہو گا۔ بہت زیادہ امیدیں دوسروں سے وابستہ نہ کریں اور بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ معاملات میں محتاط رہیں۔

14ستمبر تا13نومبر

مشکل وقت کے بعد نسبتاً آسان وقت۔ خاندانی اور ازدواجی زندگی میں سکون اور پیار در آئے گا۔ جن افراد کو اس حوالے سے مسائل کا سامنا تھا اُن کا کوئی نہ کوئی حل نکل آئے گا۔ اولاد کے حوالے سے بھی اچھی خبریں آئیں گی اور وہ معاش و مالی حوالے سے کامیابی حاصل کریں گے۔ اور آپ کے لیے قابل فخر ہوں گے یہ بھی ممکن ہے کہ خاندان میں خوشی کی محفل برپا ہو۔ آپ کے مخالفین اور شرپسند اب دب جائیں گے اور آپ کو ان پر غلبہ حاصل ہوگا۔ بڑے اور صاحب مرتبہ لوگوں کے ساتھ تعلق قائم ہوگا۔ پیشہ ورانہ زندگی میں اچھا مقام کو پا سکیں گے۔ عمومی طور پر اچھا اور شہرت دینے والا وقت ہے۔ فنون لطیفہ سے متعلق لوگوں معاشرے میں نام کمانے میں کامیاب ہوں گے۔

14نومبر تا یکم دسمبر

محتاط رہیں۔ سال کا اختتام کچھ ایسے اثرات واحکام لا رہا ہے جن کے لیے آپ شاید تیار نہ ہوں۔ صحت اور اخراجات دو ایسے خاص امور ہیں جن کے بارے میں ہم خاص طور پر محتاط رہنے کا کہیں گے۔ کسی بھی صورت میں اِن معاملات میں لاپرواہی اختیار نہ کریں۔ ورنہ بعد میں شکایت نہ کریں یہ کیا ہوگیا؟ دراصل اس عرصہ میں اخراجات کہاں ہوں یہ تو کہنا مشکل ہے تاہم یہاں یا وہاں۔ ہوں گے ضرور اور آپ اِن کا بوجھ بھی محسوس کریں گے۔ اسی طرح خاندان اور جذباتی مسائل بھی سامنے آئیں گے جن کو جذبات میں آکر طے کرنا کسی بھی صورت میں موزوں نہیں۔ معاملات کو اپنے حق میں کرنے کے لیے تحمل کا ساتھ ساتھ رکھیں۔ اور براہ راست ردعمل کی بجائے بالواسطہ طرز عمل اختیار کریں۔ یہی وقت کی ضرورت ہے۔

2دسمبر تا 31دسمبر

اس برج سے متعلق وہ افراد جو حج عمرہ یا ایسی دیگر مذہبی زیارتوں پر جانے کی خواہش رکھتے ہیں ان کو اپنی دلی تمنا پوری کرنے کا موقعہ ملے گا۔ دیگر معاملات میں حالات مجموعی طور پر بہتر رہیں گے۔ آپ کا اپنے اوپر اعتماد اور یقین بڑھے گا۔ آپ کو لوگوں کا تعاون ملے گا اور لوگ آپ کی طرف الفت محبت اور بھائی چارے کا رویہ رکھیں گے۔ مالی حوالے سے بھی اچھا وقت ہے۔ مالی و مادی معاملات میں بڑھوتری ہو گی اور خوشحالی دیکھیں گے۔ بیرون ملک جانے یا بیرون تجارت کرنے کے خواہش مند افراد کے لیے بھی اس حوالے سے کام کرنے کا موزوں وقت ہے، کامیابی کے کافی امکانات ہیں۔ وہ کاروباری افراد جو کوئی نیا کام شروع کرنا چاہتے ہیں پرانے کام کو بڑھانے کے خواہش مند ہیں انہیں اس وقت مناسب حال قدم اٹھالینا چاہیے، کامیابی ہوگی۔

یکم جنوری تا22جنوری

پچھلے وقت کی نسبت یہ وقت قدرے مختلف ہوگا۔ زندگی اتنی آسان نہ ہوگی جتنی پہلے تھی۔ اب آپ کو زندگی کو زیادہ سنجیدگی سے لینا ہوگا۔ آپ کا طرز گفتگو اور میل ملاقات کے اطوار آپ کے لیے معاملات کو آسان یا مشکل کرنے کا باعث ہوں گے۔ ہمارا مشورہ ہے کہ اس عرصہ میں اپنی ذات کا خاص خیال رکھیں۔ گاڑی دھیان سے چلائیں، سڑک دیکھ بھال کر عبور کریں باورچی خانہ یا مشینوں وغیرہ کے استعمال میں محتاط رہیں اور اگر کسی بیماری کا شکار ہو جائیں تو مکمل علاج اور پرہیز پر توجہ دیں یہی وقت کا تقاضا اور آپ کے لیے بہتر طرز عمل ہے۔ بچوں کی صحت سے متعلق مسائل بھی پیدا ہوں گے۔ سو صاحب

اولاد لوگ دھیان رکھیں۔ ریس جوا وغیرہ سے پرہیز کریں اور غصہ کو قابو میں رکھیں۔

23 جنوری تا 17 مارچ

پچھلے عرصہ میں جو آسودگی اور آسانی دیکھ رہے تھے اب اس میں قدرے تبدیلی واقع ہوگی اور معاملات میں نسبتاً تناؤ اور التواء کا ظہور ہوگا۔ تمام ایسے معاملات اور فیصلے جن کے اثرات دور اس اور مستقبل پر بہت اہم طریق سے اثر انداز ہوں گے۔ اِن کو چھیڑنا اور اِن کے بارے میں فیصلہ کن قدم اٹھانا ابھی مفید نہیں ہے، صبر وتحمل سے کام لیں۔ چھوٹے موٹے بادی امراض، آنکھوں اور سر درد وغیرہ جیسے مسائل سے واسطہ رہے گا۔ اِس طرح ذہنی اور جذباتی حوالوں سے غیر مطمئن رہیں گے ہمارا مشورہ ہے جلد بازی اور فیصلہ کن گفتگو نہ کریں کیونکہ زبان درازی یا جلد بازی میں آپ افراد خانہ اور ارد گرد کے ماحول کو اپنے خراب اور اپنے خلاف کرنے کا باعث بن سکتے ہیں یہ کوئی طاقت ور وقت نہیں اس لیے ایسے اقدامات مفید نہ ہوں گے اور لوگ آپ کے دباؤ میں آسانی سے نہیں آئیں گے۔ یار دوستوں کے ساتھ تفریح وغیرہ سے پرہیز کریں یا غلط کاموں میں ملوث ہوں یا کوئی بدنامی وغیرہ سے واسطہ پڑے گا۔ بیرون ملک جانے کے لیے کسی ایجنٹ کو روپیہ نہ دیں اور نہ غلط یا مشکوک کاغذات پر دستخط کریں۔ پکڑے جائیں گے۔

18 مارچ تا 5 مئی

ایک ایسا وقت جو کئی حوالوں سے سعادت کا مظہر ہوگا۔ انسان کے دل و دماغ میں کئی ایک خواہشات براجمان ہوتے ہیں اور یہ وقت نجومی لحاظ سے ایسا ہے جو ظاہر کرتا ہے کہ اس وقت آپ کی کوئی نہ کوئی حقیقی خواہش ضرور پوری ہوگی۔ عمومی لحاظ سے دیکھا جائے تو مالی و مادی حوالے سے اچھا وقت ہے، مالی آسودگی اور خوشحالی کا حصول ہوگا۔ وہ لوگ جو پیشہ ور ہیں وہ اپنے اپنے پیشے میں نام کمائیں گے۔ میڈیا اور ایسے دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں کو شہرت اور نام ملے گا۔ حلقہ احباب میں وسعت ہوگی اور مختلف لوگوں کے ساتھ تعلقات اور مجالس کا موقعہ ملے گا۔ گھر اور گھر سے باہر عزت و وقار میں اضافہ ہوگا۔ شادی شدہ افراد کو ازدواجی حوالے سے خوشگوار ماحول میسر ہوگا اور خاندانی خوشیاں نصیب ہوں گی۔ اس برج سے متعلق وہ لوگ جو مختلف امراض کا شکار تھے۔ اب وقت ہے کہ اچھے ڈاکٹر اور علاج سے صحت یاب ہوں گے۔ بڑے بہن بھائی فوائد کا باعث ہوں گے۔ ہمسایوں کے ساتھ تعلق میں تناؤ آسکتا ہے۔

6 مئی تا 2 جولائی

جاری کو کبھی صورت میں سنجیدہ رویہ اختیار کرلیں۔ پہلی سی آزاد روی اور آسودگی نہ ہوگی بلکہ رکاوٹ اور دباؤ محسوس کریں گے۔ کئی کاموں اور امور میں رکاوٹ اور التواء کا قوی امکان ہے تاہم عمومی حوالے سے مادی و مالی امور میں ابھی بھی آسودگی کا عنصر باقی رہے گا۔ تاہم صحت کے حوالے سے اچھا وقت نہیں ہے۔ ذاتی صحت، شریک حیات اور بچے اگر ہیں تو اِن کی صحت، یعنی کہیں نہ کہیں کوئی نہ کوئی مسئلہ اور خرچہ اس حوالے سے پڑا رہے گا۔ سو ہمارا مشورہ ہے کہ اس حوالے سے جیسے ہی کوئی تکلیف وہ صورت حال سامنے آئے فوری علاج معالجہ پر توجہ دیں اور بے توجہی نہ برتیں۔ اور اگر آپ سائیکل یا گاڑی وغیرہ کے مالک ہیں تو خوب سوچ سمجھ کر اِن کا استعمال کریں۔ ٹریفک اور پیدل چلتے ہوئے بھی محتاط رہیں حادثہ کا خطرہ ہے۔ وہ لوگ جو شراکت وغیرہ کرنے کے خواہش مند ہیں اِن کے لیے یہ رسک لینا ٹھیک رہے گا اور معاملات کو سمجھ داری سے طے کرنا آپ پر ہے اور امید ہے لکھتے پڑھتے آپ کوئی غلطی نہ کریں۔ شادی اور منگنی وغیرہ اس عرصہ میں نہ کریں۔ شراکت جنس مخالف کے ساتھ نہ ہو۔

3 جولائی تا 23 اگست

پچھلے وقت میں جن مسائل کا سامنا تھا اب اِن کا حل نکلتا محسوس ہوگا۔ حالات واقعات میں اچھی تبدیلی آئے گی۔ اور تازہ ہوا کا جھونکا اطراف میں محسوس ہوگا۔ مالی اور مادی معاملات میں ترقی اور رزق میں

اضافہ ہوگا۔ اِن معاملات میں اتار چڑھاؤ سے بھی گزرنا پڑے گا تاہم مجموعی طور پر اچھے حالات رہیں گے۔ بانڈ ریس اور شیئرز وغیرہ جیسے کاموں کی طرف رغبت ہوگی اور اگر محدود پیمانے پر یہ کام کریں گے تو کامیابی کی بھی توقع کی جاسکتی ہے۔ وہ جو ذہنی کاموں سے متعلق ہے اِن کو بھی کامیابی ہوگی گو مجموعی طور پر ہر کام میں آپ کا دماغ خوب چلے گا اور ضرورت کے مطابق نت نئی تعلیم وغیرہ سامنے آئے گی۔ علوم مخفی سے متعلق لوگوں یا دین سے متعلق لوگوں سے محبت وطلب رکھنے والوں کی ملاقات اور اکتساب ہوگا۔ تاہم ایک بات یاد رکھیں اور اس حوالے سے محتاط رہیں اور وہ ہے والدہ اور والدہ کے رشتہ دار یعنی یہ شعبہ اس عرصہ میں کمزور ثابت ہوگا اور پریشانی ہوسکتی ہے۔

24 اگست تا 13 ستمبر

جاری کو ابھی صورت نسبتاً محتاط طرز عمل کی متقاضی ہے۔ جلد بازی اور بلا سوچے سمجھے کسی کام میں ہاتھ نہ ڈالیں اور اپنے طرز گفتگو کو بے قابو نہ ہونے دیں۔ یہ آپ کا طرز عمل اور طرز گفتگو ہوگا جو آپ کے کے لیے مسائل پیدا کرنے یا حل کرنے کا باعث ہوگا۔ باقی آپ پر ہے کہ آپ کیا طرز کار اختیار کرتے ہیں۔ ہمارا تو مشورہ تھا جو دے دیا۔ فیصلہ کرنے اور سوچ میں متضاد رویے سامنے آئیں گے جو معاملات کو مزید پیچیدہ بنانے کا کام کریں گے۔ آنکھوں اور سر کے امراض سے واسطہ پڑسکتا ہے۔ جذباتی کیفیت بھی اتار چڑھاؤ کا شکار رہے گی اور افراد خانہ یا دیگر لوگوں کے ساتھ تعلقات میں تناؤ آسکتا ہے جس کی بڑی وجہ آپ خود ہوں گے۔ جلد بازی اور عضر دونوں کنٹرول میں رکھیں۔ شادی اور شراکت کے معاملات میں نہ پڑیں۔

14 ستمبر تا 13 نومبر

سٹہ اور بانڈ نمبروں وغیرہ جیسے امور میں ملوث لوگوں کو اس وقت قسمت آزمانی چاہیے تاہم زیادہ رقم صرف نہ کریں۔ کم سے کم خرچے میں زیادہ سے زیادہ منافع کمانے کے گُر پر توجہ دیں۔ دیگر مالی و مادی حوالے سے اچھے حالات ہی نظر آرہے ہیں۔ دوستوں اور واقف کا روں کی تعداد میں اضافہ ہوگا اور اچھے تعلقات اور واثر ورسوخ والے افراد سے بھی تعلق پیدا ہوگا اور یہ تعلق ظاہر بات ہے زندگی کے مختلف امور میں کامیابی لاسکتا ہے۔ گھر کی تبدیلی، بہتر گھر، اپنا گھر، سواری کا حصول جیسے معاملات میں بھی خوشی مل سکتی ہے۔ بچوں کے حوالے سے البتہ مسائل نظر آرہے ہیں اور محسوس ایسا ہوتا ہے کہ آپ اس وقت اپنی اولاد کے طرز عمل کو اپنی اوپر طاری کرلیں گے جو آپ کے مزاج پر گراں گزرسکتا ہے۔

14 نومبر تا یکم دسمبر

اب تک جن مسائل کا شکار تھے اب اِن سے باہر نکلنے اور سکون کی سانس لینے کا موقع ملے گا اور اللہ کی رحمتیں شامل حال ہوں گی۔ حکومت سے متعلق کاموں میں رکاوٹ دور ہوگی اور افسران بالا اور حکام بالا سے تعاون حاصل ہوگا۔ نوکری پیشہ افراد کو بھی نسبتاً آسان وقت سے واسطہ پڑے گا۔ اس عرصہ کے دوران بہتر ہے اللہ واسطہ صدقہ خیرات یا نیک نامی کے کاموں میں حصہ دیں۔ یہی چیز آپ کے لیے آسانی اور بہتری پیدا کرے گی۔ مالی اور مادی معاملات کے حوالے سے اچھا وقت ہے اور اِن سمتوں میں اچھے حالات سے واسطہ رہے گا۔ کسی پرانی امید وخواہش کے پورا ہونے کے بھی امکانات ہیں۔ وہ لوگ جو پہلے مخالفت پر کمربستہ تھے اور تنگ کررہے تھے اب اِن کو راہ راست پر لانے کا موقع ملے گا اور آپ کو اِن پر غلبہ حاصل ہوگا حج اور دیگر بیرون ملک سفر کے حوالے سے بھی اچھی پیش رفت ہوگی۔

2 دسمبر تا 31 دسمبر

سال کی ابتداء کچھ زیادہ بہتر طریقے سے نہ ہوگی۔ آپ کو کئی پہلوؤں پر نظر رکھنی ہوگی۔ مالی و مادی لحاظ سے تنگی کا سامنا ہوگا۔ یا تو آمدن کم ہوگی اور اگر آمدن ہوگی تو پھر خرچ ہونے کی بھی کوئی نہ کوئی سبیل نکل آئے گی۔ ایسے اوقات ہوں گے جو آپ کی صحت کو نفسیاتی اور جذباتی حوالے سے متاثر کریں گے۔ ہاں ایک بات ہے آپ اپنے مالی مادی اور دیگر معاملات میں ایک حد تک بہتری لاسکتے ہیں بشرطیکہ

آپ حد درجہ ہوشیار اور محتاط روی کا طرز کار اختیار کریں۔ خاندانی جائیداد اور وراثت سے متعلق معاملات سر اٹھا سکتے ہیں۔ ذاتی طور پر بھی خرابی صحت کا خطرہ ہے۔ بانڈ اور ریس کے شوقین خواتین و حضرات زیادہ بڑی رقم نہ لگائیں، کم ہی چانس نظر آتا ہے۔ دوسرے معاملات میں تناؤ کی طرح اس عرصہ میں مخالفین اور تنقید نگاروں کا سامنا ہوگا۔ تاہم زیادہ پریشانی میں پڑنے کی بجائے معاملات کو کچھ عرصہ کے لئے التواء میں ڈال دیں آنے والوں دنوں میں کچھ نہ کچھ حل نکل آئے گا۔

برج حوت

یکم جنوری تا 22 جنوری

معاملات میں اس قدر آسانی یا آسودگی نہ ہوگی جس کا مظاہرہ پہلے دیکھ چکے ہیں۔ خاص طور پر جذباتی رویوں اور مزاجی برہمی سے واسطہ پڑے گا اور اگر مزاج پر قابو نہ پایا گیا تو دوسرے لوگوں اور عزیز و اقارب کے ساتھ بدمزگی اور بدکلامی کی نوبت لازم آئے گی۔ ہمارا مشورہ ہے اس وقت اپنے اوپر قابو رکھیں اور بلاوجہ دوسروں پر غصہ اور رعب نہ ڈالیں۔ اس عرصہ کے دوران گھر کی عورتوں خصوصاً والدہ اور بڑی عمر کی خواتین کے صحت کے مسائل پیدا ہو سکتے ہیں۔ اس برج سے متعلق جو لوگ جائیداد وغیرہ کا کام کرتے ہیں یا اس وقت ذاتی حوالے سے خرید و فروخت یا کرایہ داری وغیرہ کے معاملہ میں ہیں ان کو دھیان رکھنا چاہیئے، دھوکہ فراڈ اور بے وقوفی جیسے واقعات رونما ہو سکتے ہیں۔ زخمی ہونے کا امکان ہے۔ گھر کی مرمت یا ایسے دیگر کام خوب سوچ سمجھ کر کریں۔ ماں کی صحت خراب ہوگی۔ آپ کو بھی حادثات اور چوٹ وغیرہ کا خطرہ ہے۔

23 جنوری تا 17 مارچ

معاملات میں تناؤ کی کیفیت جاری رہے گی بلکہ اس بات کا امکان ہے کہ اس میں یہ اضافہ ہوگا اور مسائل کچھ بڑھیں گے۔ خاص طور پر وہ لوگ جو پیٹھ پیچھے یا چھپ کر آپ کی مخالفت پر کمربستہ تھے ان کے ساتھ کچھ لوگ مل کر سامنے آکر مخالف اور نقصان پہنچانے پر آمادہ ہوں گے۔ سو اس کا بندوبست کریں۔ سستی اور کاہلی سے کام نہ لیں اور معاملات کو مناسب طریق اور رفتار سے اختتام کی طرف لے جانے کی کوشش کریں۔ دوسری طرف فطرت نے جو اچھائی آپ کے لیے رکھی اس کے تحت مالی و مادی حوالے سے بہتر صورت حال آپ کے سامنے آئے گی اور آپ نے توجہ سے کام لیا تو بالضرور اپنی پوزیشن مستحکم کرنے میں کامیاب ہو جائیں گے۔ افراد خانہ کے ساتھ اپنے رویہ پر نظر ثانی کریں ممکن ہے وہ اس حوالے سے کچھ پریشانی محسوس کریں۔

18 مارچ تا 5 مئی

اس عرصہ کے دوران آپ کی کامیابی یا ناکامی کا دارومدار آپ کے طرز فکر و عمل پر ہے اس وقت زیادہ تیزی طراری کا مظاہرہ جلد بازی اور دھوکہ سے مقاصد کا حصول بظاہر آسان لگے گا تاہم عملی طور پر اس حوالے سے بہت زیادہ معاملات میں کامیابی نہیں ہوگی۔ اس وقت کی ضرورت ہے کہ خوب سوچ سمجھ اور پھونک پھونک کر قدم اٹھایا جائے۔ تمام رسک لینے والے معاملات اور اہم فیصلوں کو ملتوی کر دیا جائے۔ کسی بھی غیر معمولی آفر کا جواب فوری طور پر نہ دیا جائے۔ چاہے یہ آفر کاروباری حوالے سے یا نوکری وغیرہ کے حوالے سے، تحمل اور سمجھداری سے کام لیں۔ مالی معاملات میں تناؤ رہے گا۔ سو فالتو رقم خرچ نہ کریں۔ جوئے اور ریس وغیرہ سے باز رہیں۔ چھوٹے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں کشیدگی پیدا ہوگی اور ممکن ہے ہمسائیوں کے ساتھ تعلقات بھی زیادہ خوشگوار نہ رہیں۔ جادو یا سحری اثرات کا بھی خطرہ ہے۔

6 مئی تا 2 جولائی

پچھلے مثبت وقت کے تسلسل میں آنے والے دن مزید کچھ بہتری

لے کر آئیں گے۔ ذرائع آمدن میں وسعت پیدا ہوگی اور ہر گزرتے دن کے ساتھ مالی معاملات میں بہتری آئے گی۔ نوکری پیشہ افراد کو افسران بالا کا تعاون و معاونت میں بہتری آئے گی۔ نوکری پیشہ افراد کو افسران بالا کا تعاون و معاونت ملے گی اور کاروباری افراد کو بھی آگے بڑھنے کے لیے مختلف لوگوں کا تعاون حاصل ہوگا۔ اگر کوشش کی گئی تو یہ ناممکن نہیں کہ آپ کو ایک سے زائد جگہوں سے آمدن ہو یا ذرائع آمدن کی سمتیں بڑھ جائیں۔ ہاں اس ساری بھاگ دوڑ میں اپنی خوراک اور صحت کا خیال رکھیں۔ اِن معاملات میں لاپرواہی یا غیر ذمہ دارانہ رویہ صحت کے مسائل کا شکار کر سکتا ہے۔ آدمی روٹی کے لیے ہی کام کرتا ہے۔ اور جو روٹی آپ کی جان اور صحت پر بھاری پڑ جائے اس کا کوئی فائدہ نہیں۔ حصول مکان، پراپرٹی یا کرایہ پر نیا مکان وغیرہ لینے یا دوکان لینے کے حوالے سے اچھا وقت ہے اور ایسی کسی صورت حال سے واسطہ بھی پڑے گا عزیز و اقارب کے ساتھ تعلق میں بہتری آئے گی اور باہم میل ملاپ بڑھے گا زرعی زمین کے حاملین کو بھی غیر متوقع فائدہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔

3جولائی تا23اگست

جو کوئی اس دعا کو بلاناغہ روز سات بار پڑھا کرے بعد ہر نماز کے تو وہ دشمن کے شر سے امان میں رہے گا۔ اعوذ بکلمات الله التامات کلها من شر ما خلق بسم الله خیر الانساء بسم الله رب الارض والسماء بسم الله الذی لا لخیر مع اسماء شئی فی الارض ولا فی السماء وهو السمیع العلیم فالله خیر حافظا وهو ارحم الراحمین رب هب لی حکما والحقنی بالصالحین و لشیف صدور قوم مومنین و شفاء لما فی الصدور الحمد لله رب العلمین الرحمن الرحیم ملك یوم الدین بحرمته سید المرسلین خاتم النین محمد صلی الله علبه و آله و اصحابه اجمعین

دشمن اس کے قریب نہ آسکے

جو شخص روزانہ اس حصار کو بعد نماز فجر کے اکتالیس بار پڑھا کرے تو دشمن اس کے قریب نہ آسکے گا۔ بسم الله الرحمن الرحیم لا اله الا الله حولنا اهنی حصار بار محمد رسول الله بردوستان من حصار باد لا اله الا الله صد بار گرد من دگر و خانه من حصار باد محمد رسول الله صدر بار گرد خانه من دخانه دوستان من حصار من بستم و ست پائے و زبان عقل و گوش و هوش اول کسنایکه در بنیره هزر عالمیامندانه آدمیاں و دیوان و شیاطین و ظالمین و نا خدا ترساں و ناحق شناساط و کسانیکه مرا بدانند و بدحق خواهند و بداند یشند بحرمت لا اله الا الله مهر کردم بنام محمد رسول الله قولاً و فعلاً ان بطش ربك الشدید والا من درائهم محیط بل هو قرآن مجید فے لوح محفوظ. صم بکم عمی فهم یا یتکلمون صم بکم عمی فهم لا یفقهون صم بکم فهم لا یر جعون صم بکم فهم لا یعقلون صم بکم فهم لا یسمعون صم بکم عمی ثهن لا یرجعون صم بکم عمی فهم لا یبصرون بحرمته لا اله الا الله محمد رسول الله

ہلاکی دشمنان

ہلاکی دشمنان کے واسطے اس طلسم کو کانہ فولاد سے مثانہ گاؤ پر لکھ کر زمین کے نیچے دفن کردے، دشمن ہلاک ہوجائے گا۔

١ وووو ٢٢٢ ٥٥٥ ٧٧٧٧ ٤٤٤٤

٢ ٢٩٣٩٢٩٢٩١٩٥٥٥٥٥١١ ١١ ١١ ١١١

٣ سج سج سج سو سو سو کو کو کو کو

٤ دور زرد و سدی سدی سدی سدی

یہ طلسم اس طرح لکھا جائے گا کہ ہفتہ اتوار دوشنبہ منگل آخر ماہ میں چار روز کرے کہ اس طرح کہ پہلے روز کانہ فولاد سے پہلا طلسم مثانہ گاؤ پر لکھے اور دوسرے روز دوسرا طلسم تیسرے روز تیسرا طلسم چوتھے روز چوتھا طلسم لکھے اور ہر روز ویران مقام پر الگ الگ سب کو دفن کرے۔ چار روز کے عرصہ میں دشمن ہلاک ہو۔

دیگر

اس آیت قرآنی کو تعویذ پر لکھ کر مع نام دشمن ولدیت دیگ میں ڈال دے اور اس دیگ میں تمام پانی بھر دے اور اس دیگ کے نیچے آگ روشن کردے اور تین دن برابر آگ روشن رہے اور چولہے پر دیگ چڑھی رہے جتنا پانی خشک ہوگا اتنا اتنا بدن دشمن کا خشک ہوتا جائے گا۔ جب سارا پانی دیگ کا خشک ہوجائے گا تو اس وقت دشمن بھی خود بخود ہلاک ہوجائے گا۔ وہ آیت متبرکہ یہ ہے۔

بسم الله الرحمن الرحیم فجعلنا عالیها سافلها و اطرنا علیهم حجارة من سجیل فلاں بن فلاں هلاک کر دیا گیا یا جلیل یا جلیل یا جلیل

حصول مقصد

جس قبرستان میں قبریں بہت ہوں وہاں یہ عمل کریں۔ ایک قبر میں ایک بار بارہ سو مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھے اور دم کرے۔ بعد دم کرنے کے تھوڑی سی خاک اس قبر سے اٹھالے۔ اسی طرح سے بارہ قبروں پر بارہ بارہ سو مرتبہ سورہ مذکورہ پڑھ کر دم کرے اور تھوڑی تھوڑی سی خاک سب قبروں پر سے اٹھالے اور سب خاک کو ایک جگہ کرکے پھر بارہ سو مرتبہ اس آیت کو پڑھ کر اس پر دم کرے اور بعد پڑھنے کے اپنا

مقصد اپنے دل میں رکھے اور وہ آیت یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم کل من علیها فان و یبقیٰ وجه ربك ذوالجلال والاکرام

دشمن کا گھر ویران کرنا

اگر کسی دشمن کا گھر ویران کرنا منظور ہو تو اس نقش کو آخری چہار شنبہ کے دن چاندی کی تختی پر لکھے اور اس تختی پر موم لگا کر اس کو پوشیدہ کر کے دشمن کے مکان میں اسی روز دفن کر دے۔ وہ مکان اور اس مکان کے رہنے والے تباہ و برباد ہو جائیں گے۔ لیکن اس کا لحاظ ضرور رہے کہ کل کام ایک دن میں ہو۔ دوسرا دن شامل نہ ہو۔ نقش یہ ہے۔

	۱۱ ۶۶۶	
۳۰ وو و		ط ط ص ص
	ی ی ع ع	

واسطے زبان بندی کے

جس وقت دربار میں یا کسی بزرگ کے پاس کسی حاجت کے لیے جانا چاہے تو اس اسم کو تین بار پڑھ کر اپنے بدن پر دم کر کے جائے۔ دیکھتے ہی مہربان ہوئے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم لا الہ الا اللہ برزبانش عطائے کلیم اللہ وبرجگرش مہر مهتر سلیمان و برزبانش خاموش بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ بحق یا رحمن یا رحمن یا رحمن یا رحیم یا رحیم یا رحیم صم بکم عمی فھم لا یرجعون

واسطے عداوت کے

کچے کوزے کے اوپر اکتالیس بار سورہ یٰس پڑھے اور اس کوزے کو دو شخصوں کے بیچ میں توڑے تو ان دونوں میں دشمنی پیدا ہوگی۔ دوستی ٹوٹ جائے گی۔ بہت مجرب و آزمودہ ہے۔

واسطے جدائی ہونے کے

اس نقش کو واسطے جدائی کے لکھ کر اوپر روٹی کے رکھ کر کتے کو کھلائیں۔ مگر کتا کالا ہونا چاہیے۔ نام معہ والدین لکھیں۔ دونوں میں جدائی پڑے گی۔ بہت مجرب ہے۔

۱۱　۱۱　۱۱۱　۱۱۱　ع　۲۷۹۹　۱۱　۱۱

واسطے جدائی دشمن کے

اس نقش کو لکھ کر نام دشمن کا تعویذ کی پیٹھ پر لکھے اور تعویذ کو گائے قصاب کی قبر میں دفن کرے۔ منگل کے روز فی الفور جدائی پڑ جائے۔ بہت مجرب ہے۔

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

واسطے زیر کرنے دشمن کے

یہ نقش دشمن کو زیر کرنے کا ہے جمعہ کے روز سے شروع کرنا اور جلانا ہے۔ ایسا چالیس روز کرنا ہے۔ ایک ہزار لکھنا اور جلانا تو دشمن زیر ہوگا اس کا اسم لکھ کر پرانی قبر میں گاڑنا نہایت مجرب ہے۔

ع لا لا لا ۱۱ لا ۱۱ دا

لا ۷ ۲۱ ل لہ لہ لہ

لہ لا ۱ ۱ ما ع ۸ ۱۱ لا لا لا

دو لوگوں میں عداوت پیدا کرنے کے لیے

دو شخصوں میں نفاق کے لیے یہ نقش کاغذ پر لکھ کر اس شخص کے گھر میں دفن کر دے۔ بعد ایک ہفتے کے جدائی اور رنجش طرفین کی معائنہ کرے مگر زیر تعویذ نام دونوں اشخاص کا لکھ دے۔ نقش یہ ہے۔

۱۱ ۱۱ ۸ ۹ ۱ ۱ ۱۱ ك و ۱۱ ۷۷ ع ۸۸ م م ط ط ۳۱ ۳۲

۷۷۷۹۹۹ ح ۱۲۱ م ۵ م ط ع ع

عداوت فلاں بن فلاں

دشمن اور نظر بد سے حفاظت کے لئے

واذکرو نعمت اللہ علیکم و میثاقه الذی واثقکم به تا ان اللہ خبیر بما تعملون شب جمعہ میں بعد نماز عشاء کے ایک کاغذ میں لکھ کر تعویذ بنا کر اپنے باندھ لے تو شیطان اور دشمن اور نظر بد سے امان میں رہے۔ اگر شیشہ کے یا سنگ مرمر کے برتن میں لکھ کے پاک پانی سے دھو کر تین دن برابر نہار منہ پئے۔ نماز

میں یا دضو میں اگر وسواس ہوتا ہو یا برے خواب دیکھتا ہو تو اس آیت سے شفا پائے۔

واسطے دفع دشمن کے

آیت واذ قال موسیٰ لقومہ انکم ظلمتم انفسکم باتخاذکم العجل فتوبوا الی بارئکم فاقتلوا انفسکم نئی تختی پر لکھے اور اس کے ساتھ دشمن کا اور اس کی ماں کا نام لکھے اور دشمن کو جس کو زیر کرنا منظور ہے کا نام لے کر پکارے تو دشمن بلا میں مبتلا ہو جائے۔ یہ عمل ایسے شخص کے لیے کرے کہ جو ظالم اور بیدادگر ہو۔

ظلم سے محفوظ رہنے کے لئے

لا یحب اللہ الجھر بالسوء من القول تا قولہ تعالیٰ علیما ایک ورق میں لکھ کر اپنے پاس رکھے اور یہ آیت پڑھتا رہے۔ جس ظالم یا جبار کے پاس جائے اس کے ظلم سے محفوظ رہے اور وہ اس کے حق میں نیک بات کہے۔

ہلاکی دشمن

اسم محمود

٧٨٦ ٧٨٦

مقدم	م	ح	م	و	و
آخر	د	و	م	ح	م
است آب	م	و	ح	م	و
بندی	و	م	م	و	ح
وزبان	ح	و	و	م	م
بندی	م	ح	م	و	و

ماش کی آٹے کا چراغ بنا کر اور سرخ مرچ کے فتیلہ میں یہ نقش لپیٹ کر اس کو کڑوے تیل میں جلائے تو دشمن ہلاک ہو جائے گا۔

ہلاک کرنا مقصود

اگر کسی کو ہلاک کرنا مقصود ہو تو، بکری کا ایک دل لائیں اور اس شخص کا اور اس کی والدہ کا نام ایک کاغذ پر لکھ کر اور اس کے عدد جمع کرے۔ نقش ہذا کے ساتھ اس دل کو لپیٹ دے اور سات فولادی سوئیاں لے کر اور ہر ایک سوئی پر سورۃ الم ترکیف ایک ایک دفعہ پڑھ کر اور اس دل پر گاڑ کر اس پر کپڑا لپیٹ کر پرانی قبر میں دفن کریں۔ دشمن چند روز میں ہلاک ہو جائے گا۔

٧٨٦

٢	١٦	١	٦
١٠	ع	٤	ع
٨	١١	١٤	١
١٣٠	٢	٧	١٢

بغض پیدا کرنے کے لیے

لوہے پر لکھ کر آگ میں ڈال دے کہ وہ نہایت سرخ ہو جائے۔ دو شخصوں میں ضرور بضرور ہی عداوت اور بغض پیدا ہو جائے گا۔ یہاں تک کہ ایک دوسرے کو دیکھنے سے نفرت کریں گے۔

٩ ٥ ٨ ٨ ١ ١١ ٢ ٥ ١١١ ١١١ ١١١ ١١ ١١ م ١١ مطر

ع ع ٩ ٧ ٨ ٩ ٩ ١ ٠ ١١ ١١١ ح ١١ ط ١١ ١ و

٨ ٨ ٨ ٩ ١ م ١١ ٥ ١١١ ی م ی ١١ ط ه

باسم فلاں بنت فلاں علی بغض فلاں اشدہ اشدہ اشدہ

بغض آتشی

اگر کسی کی زبان بندی کرنا ہو تو اس نقش کو مشک، زعفران اور گلاب سے لکھ کر آگ کے نیچے دفن کر دے۔ اس کی زبان بستہ ہو جائے گی۔ ہفتہ کے روز ساعت زحل میں لکھے۔

به نیت ٩ ١١ ١ ١١١ ١ ٨ ١١١ ٢١٨ ١١٨ ١١ ٦ مصر
١١ ١١

عقد ١١ ١٩ ص ٣٨٨ ١١ ممم ١ ٩٩٩ ١١ ٨

فلاں ابن فلاں العقد العقد العقد العقد العقد العقد

بغض خاکی

سورہ الحاقہ اور سورہ القارعہ لکھ کر اور باسم فلاں علی بغض فلاں ابن فلاں اشدہ اشدہ اشدہ لکھ کر ایک کڑک ناک یعنی کالی مرغی کا انڈا لے کر اور اس کی سفیدی نکال کر اس تعویذ کو اس میں ڈالے اور ایک پارچے میں لپیٹ کر ایک پرانی قبر میں دفن کر دے۔ ان دونوں کے درمیان سخت جدائی واقع ہو جائے گی۔

١١ م ١٦٥ ح ١١١ ع ٩١ و ح ١١ ٩ ١١ ٨٨ ٧ ١

٧

بغض خاکی

اس آیت کریمہ کو مشک اور زعفران اور گلاب کے ساتھ لکھ کر جمعہ کے روز ساعت زحل میں زمین میں دبا دے۔ دونوں کے درمیان سخت بغض پیدا ہوگا جو کبھی بھی درست نہیں ہوگا۔

و القینا بینھم العداوۃ لبغضاء الیٰ یوم القیٰمۃ ابداً حی القمر ھرہ سنہ ٦٩٩١ باسہ فلان بنت فلان بنت فلان علیٰ بغض فلان ابن فلان العداوۃ العداوۃ العداوۃ العداوۃ اشدہ اشدہ التشرین

سخت عداوت

اس آیت کو خرگوش کی ہڈی پر لکھ کر اس کے آستانے پر رکھ دے۔ دونوں کے درمیان سخت عداوت ہوگی۔

لا تتخذوا عددی و عدوکم اولیاء تلقون الیھم بالمودۃ و القینا بینھم العداوۃ و البغضا یوم القیامۃ باسم فلاں بنت فلاں علی ببغض فلاں ابن فلاں اشدۃ اشد اشدۃ

عداوت

اس آیت کو منگل کے دن مریخ کی ساعت میں مشک اور زعفران اور گلاب کے ساتھ لکھ کر آب رواں میں بہا دے۔ و القینا بنیھم العداۃ و البغضاء الیٰ یوم القیامۃ القیامۃ العجل العجل اشدہ اشدہ العقد العقد العقد العداوۃ السّاعہ باسہ فلاں بنت فلاں علی بغض فلاں ابن فلاں

بندش جماع

گوسفند کا رودہ لے کر اور سات بارہ سورۃ قل یا ایھا الکافرون کو ہفتہ کے دن ساعت مریخ یا ساعت زحل میں یا بکری کے رودے پر دم کر کے سات سات گرہیں لگا دے تو وہ شخص بستہ ہوگا کہ جماع نہیں کر سکے گا۔ اس وقت دل میں کہے کہ الٰہی میں نے فلاں ابن فلاں کا ذکر باندھ دیا اور اس نقش کو پانی سے لکھ کر پانی میں بہا دے۔ نقش بکرم معظم چار خانہ بدیں صورت لکھے با جمع خلط

٧٨٦

لا	الہ	الا	اللہ
الہ	الا	اللہ	محمد
الا	اللہ	محمد	رسول

اللہ	محمد	رسول	اللہ

عداوت اور جدائی

اگر دو شخصوں کے درمیان عداوت اور جدائی ڈالنی ہو تو ایک روٹی وضو کے ساتھ پکائے اور چار ٹکڑے بنائے اور اس پر یہ نقش لکھے۔ اوپر کے حصہ کو کتے کو کھلا اور نیچے کا حصہ بلی کو کھلا دے اور ایک ہفتہ تک بدستور کرتا رہے دونوں میں جدائی ہو جائے گی آزمودہ ہے۔

سگ کو کھلائے	بلی کو کھلائے	سگ کو کھلائے	بلی کو کھلائے
محس	محصنا	غسلۃ	و ھلسار
ھوی	سرون	پاھمے ١١	مجلساء
محصساء	سرفغنا	مسھاء	مجلسا
محص	مسلح	ازی دو	مبلغبر

جانبین میں عداوت

اس تعویذ کو قبر کہنہ میں دفن کر دیں اور ساتویں دن صبح کے اول وقت نکال کر جلا دے۔ بلاشبہ جانبین میں عداوت ہوگی۔

یاقھار یاقھار یاقھار یاقھار یاقھار

٦	٧	٢
١	٥	٩
٨	٣	٤

بغض

بغض کے لیے نہایت پر تاثیر ہے۔ کاغذ پر چربی اور دودھ سے لکھے اور ایک کوری ہنڈیا میں ڈال کر آگ پر رکھ دے۔ جب یہ نقش جل جائے گا تو دونوں میں جدائی ہو جائے گی۔ ہفتہ کے دن ساعت مریخ میں یہ عمل کرنا مجرب ہے۔

٧٨٦ البغض الفوت ھحھم

١٤٦٠	١٤٧٤	١٤٧١	١٤٤٧
١٤٧٢	١٤٦٦	١٤٦١	١٤٧٣
١٤٢٥	١٤٦٩	١٤٦٤	١٤٧٠

١٤٧٠	١٤٦٤	١٤٦٣	١٤٧٥

برج حمل کا آتشی نقش

شرف شمس کے روز بادشاہ اور امیر کے دیکھنے کے واسطے بعد دوگانہ نفل ادا کرنے کے باوضوعود لوبان جلا کر نقرہ کی انگوٹھی میں کندہ کرے۔

یا مفشیشلیبح

٧٨٦

٨	٣٩٣	٣٩٧	١
٣٥٦	٢	٧	٣٩٤
٣	٣٩٩	٣١١	٦
٣٦٣	ء	عه	٣٩٨

برج عقرب کا آبی نقش

دشمنوں کے فساد دفع کرنے کے لئے نہایت مجرب ہے۔ ایک لوہے کے تختہ پر دشمنوں کے نام سیدھے اور اُلٹے لکھ کر جب کہ آفتاب برج عقرب میں ہو یکشنبہ کے دن لکھ کر پانی میں ڈال دے۔ دشمنی بالکل دور ہو جائے گی۔

یاسطفیشا

٧٨٦

٨	٣٧٩	٣٨٣	١
٨٢	٢	٧	٣٩٠
٢	٣٨٧	٣٧٧	٦
٣٧٥	٥	٥	٣٨٤

برج قوس کا آتشی نقش

لشکر میں لکھ کر خاص کر علم پر لکھنا فتح وظفر مندی کی نشانی ہے۔ دشمنوں کی تلوار ان پر نہیں چلے گی بلکہ مخالف کے لشکر میں بدنظمی پھیل جائے گی۔

یاسطسسع

٧٨٦

٨	٩٩	١٠٤	١
١٠١	٢	٧	٢٨٠

٢	١٤	٩٧	٦
٩٨	٥	٤	١٠٣

عقدی فلیتہ

الحب خواب بندی اس نقش کا فتیلہ نئے چراغ میں جلائے۔ محبوب کی خواب بستہ ہو جائے گی

م ٤٦ م ١١ ٢ ١١ ١١ ٦٦ ١١ ١١ ٨ ٩ ٧ ٤٤ ٤١ لا لا

دیگر برائے محبوب

خواب بندی کے لئے اس نقش کا فتیلہ نئے چراغ میں جلائے اور چراغ کا رُخ محبوب کے گھر کی طرف کرے۔

٩ ١١ ١٢ ٨ ١١١ ٩ ١١١ ١١ ١١ ١١ لا ٩ ١١١ و ٩

خواب بندی

خواب بندی کے لئے مشک اور زعفران سے لکھ کر پتھر کے نیچے دبا دے۔

١١ ٦١ ٦١ ٣٢ ٣ ١١٣ ٩ ١١ لا ام ہ لام و ط اص

١١٩ ١٩١ ٥٩ - ١١ ١٥

دیگر خواب بندی

زبان بندی کے لئے اس طلسم کو کاغذ پر لکھ کر زبان کے نیچے رکھے۔

١١ ح ١١٤ ١١٢ ١١ ٣٩ د ١١١ ٨

دیگر عداوت

اس نقش کو عداوت کے لئے لکھ کر پانی میں دھو ڈالے۔ دونوں کے درمیان جدائی ہو جائے گی۔

ك ام ١١ ١٢ م ١١ ١١

برائے تکرار باشندگان خانہ

جس گھر کے رہنے والوں میں باہم تکرار کرانا ہو تو ذیل کا نقش لکھ کر ایک رسی کے کانٹے پر لپیٹ کر ڈالو۔ خوب جنگ مچے گی۔ مگر ایسا نہ کرنا چاہیے۔ نقش یہ ہے۔

١٠	٦	١٤
١٣	٨	٨
٨	١٥	٩

نماز برائے تسخیر دشمن

حضرت شیخ غوث گوالیاری فرماتے ہیں کہ دو رکعت نماز پڑھے۔ بعد فاتحہ سورہ اخلاص تین بار پڑھے۔ بعد سلام مصلے پر ہی ہزار دفعہ پڑھے یــابــدیــع العجــائــب عیــدبــرحمتك احی یوم الدین اور دعائے تسخیر دشمن مانگے۔ پوری ہوگی۔

برائے ہلاکت دشمن

عدو نام مخالف و بارہ اسماء الہی جلالی مذل' مانع' ضار' جبار' قہار' قابض' حافظ' ہالک' محول' مہلک' حازم الاحزاب کے اعداد پر استحضر ان مراد لکھے اور ایک پرانی قبر میں رکھ کر بخور جلائے۔ دوسرا زبگور دشمن میں دفن کرے۔ تیسرا مرگھٹ میں دفن کرے۔ دشمن ایک ہفتہ میں ہلاک ہو جائے گا۔

بغض کی مرچیں

۴۰ کالی مرچیں لو۔ بروز شنبہ وقت طلوع ہر مرچ پر علیحدہ علیحدہ پڑھو اور جلاتے جاؤ۔ تمہارے دشمن کے بدن میں ایسی مرچیں لگیں گی کہ زندگی دشوار ہو جائے گی۔ مرچ جلاتے وقت ہر بار یہ پڑھو۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم القارعة ماالقارعة بحق اهیا شرا اهیا اضحادث بحق اهیا شرا هیا بحق محمد صلی اللہ علیہ وسلم چار رضوان اللہ علیهم اجمعین برحمتك یاارحم الراحمین بغض (نام دشمن لے) اور پھر مرچ پر دم کر کے آگ میں ڈال دے۔

لوح دشمنی

سیسے کی لوح بنواؤ اور اس پر یہ نقش اور سرخ لہسن اور ہینگ کی دھونی دے کر آگ کے نیچے دبا دو۔ دشمن بیمار ہو جائے گا۔ تکلیف پہنچے گی مگر مرے گا نہیں۔ جب اسے نکال لو گے تو تکلیف جاتی رہے گی لیکن ان تمام عملوں کے متعلق ہماری رائے یہ ہے کہ کرنے نہیں چاہیں کسی کو تکلیف پہنچانی مناسب نہیں۔

رسول پاک علیہ الصلوۃ السلام تشریف لے جا رہے تھے کہ راستے میں کوئی شخص حضرت ابوبکرؓ کو برا بھلا کہہ رہا تھا اور حضرت ابوبکرؓ خاموش سن رہے تھے۔ آپ ﷺ بھی کھڑے ہو گئے۔ حضرت ابوبکر نے دیکھا کہ حد ہو گئی تو آپ نے اس کو سختی سے جواب دیا۔ آپ ﷺ تشریف لے جانے لگے۔ حضرت ابوبکرؓ نے عرض کیا ''میرے ماں باپ آپ ﷺ پر قربان۔ جب تک اعرابی مجھے برا کہہ رہا تھا آپ کھڑے سنتے رہے۔ اب میں نے جواب دینا شروع کیا تو آپ تشریف کیوں لے چلے؟'' ارشاد ہوا۔ '' ابوبکر! جب تک تم خاموش سن رہے تھے تمہاری طرف سے حضرت جبرئیل اس اعرابی کو برا کہہ رہے تھے۔ جب تم نے جواب دینا شروع کر دیا تو وہ چلے گئے۔ یہ دیکھ کر میں بھی جانے لگا۔ اس لیے ہمارا مشورہ یہی ہے کہ اپنی ذات سے کسی کو تکلیف نہیں پہنچانی چاہیے مگر مجبوری انسان سے سب کچھ کروا دیتی ہے۔ لوح یہ ہے۔

بسم	اللہ	الرحمن	الرحیم	والدہ
اللہ	الرحمن	الرحیم	نام	بسم
الرحیم	الرحیم	بن فلاں	بسم	اللہ
نام دشمن	بسم	اللہ	الرحمن	الرحیم

نفاق

دو ملاقاتیوں میں باہم نفاق ڈلوانے کے لیے یہ عمل نہایت موثر ہے۔ بہت جلد نفاق ہو جاتا ہے۔ جڑواں بادام نحس ایسے دو بیج ہوتے ہیں کی گریاں نکال کر نحس ساعت میں بیٹھ کر پڑھو۔ چہرہ غضب آلود بنا کر چاقو سے گریوں کو مارتے جاؤ اور دونوں ملاقاتیوں کا نام لیتے جاؤ مرج البحرین یلتقیان و بینهما برزخ لا یبغیان لفظ بینهما کی ہر مرتبہ سات دفعہ تکرار کریں اور اکیس مرتبہ پڑھیں۔ یہ عمل تین دن کریں۔ پڑھتے وقت چھری یا چاقو بادام کی گری پر مارتے جائیں۔ یہ عمل منہ میں نیم کا پتہ رکھ کر پڑھا جاتا ہے۔ بعد کامیابی حضرت بوعلی شاہ قلندر رحمتہ اللہ علیہ کی بالو شاہیوں پر نیاز دلا کر تقسیم کریں۔

بربادی دشمن کے انڈے

ایک انڈے پر نحس ساعت میں معمول کا نام لکھو اور ذیل کا نقش لکھو اور نیلے ڈورے میں لپیٹ کر آگ میں ڈال دو۔ پھر قدرت کا تماشہ دیکھو۔ مگر پھر گذارش ہے کہ ایسے عمل کرنے نہیں چاہیے۔

اف ل ر ب ك و ا ن ح ر ا

اعط ا ن ش ا ن ر ك ن ا ك

الكوث هـ د ا ل ا ب ت ر

فصل

موت کا فرشتہ

یہ نقش بکری کا دل چیر کر اس میں رکھو۔ ایک سوئی چبھو دو کہ وہ شگاف بند ہو جائے اور کسی پرانی قبر میں ڈال دو۔ دشمن بیمار ہو جائے گا۔ ذلیل ہوگا۔ ابتر ہوگا۔ جب تعویذ نکال لو گے تو پھر صحت ہو جائے گی۔ اس میں فرشتگان مقرب کو فاتحہ کا ثواب نذر کیا جاتا ہے۔

یا عزرائیل

۳۲٤	۳۱۷	۳۲۲
۳۱۹	۳۲۱	۳۲۳
۳۲۰	۳۲٥	۳۸

یاعزرائیل

یہاں نام معمول لکھو رنجور گردید

ہلاکی دشمن کے لیے

۱۰۰۰ نمک کی ڈلیاں لو۔ ان پر بغیر بسم اللہ کے ۱۰۰۰ بار سورہ تبت پوری پڑھو اور صدقہ سورہ پاک کا دے کر بددعا جس کے لیے کرو گے پوری ہوگی۔ پھر نمک دریا میں ڈال دو۔ دیکھو تیر چھٹنے کے بعد واپس نہیں ہوتا۔ اس لیے جو کچھ کرو' سوچ سمجھ کر کرو۔

دیگر برائے دشمنی

سہہ کے کانٹے پر ۱۱ بار سورہ اذا زلزلت پوری پڑھ کر کانٹا قبر میں دفن کر دے اور سنیچر کے دن بکری کے سری منگوا دے۔ دشمن کے نام کے نقطے والے حروف الگ کر لو اور بے نقطہ کے الگ۔ بے نقطہ کے حروف پر ایک ایک کیکر کا کانٹا چبھو دو اور اوپر کے دانتوں میں باندھ دو۔ ساتھ ہی حرفوں کے اپنے دشمن کا نام بھی لکھ دو اور اس سامان کو کسی کپڑے میں باندھ کر کسی پرانی قبر میں ڈالو۔ پھر نہاؤ اور کھیر پکا کر حضرت خضر کو ایصال ثواب کرو اور مسکینوں کو کھلا دو۔ خود بھی کھا سکتے ہو۔

افتراق اور جدائی کا عمل

بعد نماز عشاء اتوار کے دن ۱۲ رکعت تین دفعہ نیت باندھ کر پڑھو۔ ہر رکعت میں ۴۱۔۴۱ بار آیت الکرسی اور قل اعوذ برب الفلق وقل اعوذ برب الناس پڑھو اور بسم اللہ شریف عدد وسطی یعنی ۷۸۶ بار پڑھو۔ اور دشمن کے مابین جدائی کی بددعا آخری دن ختم کرتے وقت یہ کہو۔ یا حدام هذا اه اسماء جليبلو نكل لصرء هاوه اور انگلی سے اشارہ کرو انشاء اللہ تین دن کے اندر دشمنوں میں جدائی ہو جائے گی مسجد میں نیاز کے نام کی صفیں بھجوا دو۔ بغیر اشد ضرورت کے یہ عمل نہ کرو۔

برائے ویرانی مکان

سورہ نمل لکھ کر کسی جگہ رکھ دو چند ہی روز میں مکان وغیرہ میں خاک اڑ جائے گی۔

جدائی و بربادی دشمن کا عمل

كل من عليها فان ويبقى وجه ربك ذو الجلال والاكرام ۱۲ کنکروں پر ۱۲۱۲ مرتبہ ۱۲ دن تک پڑھو اور ۱۲ دفعہ دشمنوں کا نام لے کر دیوار پر زور سے مارو۔ ادھر کنکریں دیوار پر لگیں گی اور ادھر دشمنوں پر اثر ہوگا۔ تجربہ شرط ہے۔ بعد کامیابی حضرت بابا فرید شکر گنج کی نیاز دلا دو۔

زوال محبت کا چٹکلہ

ہر وہ نام الٰہی جس کے آخر میں ی ہو لکھ کر ایک ہفتہ دھو کر پلاؤ یا ر حروف لکھ کر چٹا و محبت کا نشان بھی نہیں رہے گا اب ق ال ہ دل ورك م ہ والقينا بينهم العداوة والبغضاء الىٰ يوم ۲ القيامة نیچے لکھ کر یہ نقش عداوت کے لئے لکھ دو اور کسی پرانی قبر میں دفن کرا دو۔

دشمن کی خواب بندی کا عمل

بارہ بجے شب کے کسی منحوس ساعت میں مٹی کے پیالے میں پانی بھر کر سات مرتبہ سورہ کافرون ایک مرتبہ والیل ایک دفعہ اذا زلزلت الارض پڑھو اور کہو بستم خواب درخوار یهاد نام لو بحق یهان اپنا نام لو تامن کشایم نه کشاید بحق ایں سورہ ہائے بزرگ اور پانی پر دم کر خود پی لو۔ پیالے پر ایک کچی اینٹ رکھ کر سرہانے رکھ کر سو جاؤ۔ صبح کو اینٹ معہ پیالے کفنا کر دفن کر دو۔ سات دن متواتر ایسا کرو۔ دشمن سونے سے ترس جائے گا۔ جب اینٹ نکال لو گے تب ہی نیند آئے گی۔ اس عمل میں یہ شرط لازمی ہے کہ ایک قرآن پاک خرید کر کسی غریب کو صدقہ کرو یا مسجد میں رکھوا دو۔

خواب بندی کا نقش

برا سر اعداد نام معمول میں ۲۶۰۰ کا اضافہ کرو۔ جمعہ کے دن بساعت عطارد لکھو۔ لکھتے وقت کہو بستم خواب فلاں بن فلاں بحق فلاں بن فلاں اور لکھنے کے بعد کسی سے بات نہ کرو اور سر کے نیچے رکھ کر سو جاؤ۔

٦	٩	١٦	٣
١٥	٤	٥	١٠
١	١٢	١١	٨
١٢	٧	٢	١٢

ہلاکی دشمن کیلیے مجرب عمل

دشمن کے کپڑے پر اس کا نام معہ ماں کے نام کے لکھے اور ایک دائرہ کھینچے دائرہ کے باہر یہ آیت لکھے اولئك الذين اشتر والضلا الته بالهدى فما ربحت تجارتهم وما كانو مهتدين پھر دشمن کا نام لکھ کر دائرہ کھینچو۔ پھر آبخورہ گلی میں دشمن کے چوکھٹ کے نیچے گاڑ دے کہ وہ اس پر آتا جاتا رہے۔ مگر بغیر اشد ضرورت کے یہ عمل نہ کرو۔

دشمنوں کی نقصان رسانی سے بچنے کے لئے

ہر وقت بلا وضو بلا تعداد بلا کسی شرط وغیرہ اس دعا پر مداومت کرنی چاہیے۔ دعا پڑھتے وقت دشمنوں کی صورت کو اپنے خیال میں جما کر ان کے سینہ پر پتھر مارے۔ پہلی مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھے۔ بعد میں اس دعا کو اٹھتے بیٹھتے، چلتے پھرتے اور لیٹتے سوتے وقت پڑھے۔ نماز میں نہ پڑھے

اللهم انا نجعلك في نحورهم و نعوذ بك من شرورهم

مغلوبی دشمن

دشمن کے سامنے یہ دعا پڑھے تو دشمن مغلوب ہو۔

بسم الله الرحمن الرحيم ط تعذرت برب العزة و الجبروت و توكلت على الحى الذى لا يموت شاعت الوجوهُ و عميت الابصار و توكلت على الله الواحد القهار و لا حول و لا قوة الا بالله العلى العظيم۔ اس کو پڑھ کر تین بار دور سے اس کے منہ کے سامنے پھونک مارے۔ پھر اس کے آگے جائے تو مہربانی سے پیش آئے۔

دیگر

یا خافض کر پست دشمن کے تئیں تا نہ ہو رہزن مری رہ میں کہیں

چلتے پھرتے ایک دفعہ تو بسم اللہ پڑھ لے بعد میں اس کو۔ دشمن ایک ہو یا زیادہ سب کا خیال کر کے پڑھتا رہے۔ سب سرنگوں اور پست ہو جائیں گے۔

ظالم دشمن

کسی ظالم دشمن کے سامنے پچاس مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھے۔ اس کے دل میں مظلوم کی ہیبت پیدا ہو اور اس کے شر سے محفوظ رہے۔

جدائی

یہ حروف تین دن تک ہر روز تین مرتبہ صبح و شام کو کسی پیالے میں ہاتھ کی ہتھیلی پر کالی سیاہی سے لکھے اور زبان سے چاٹے۔

یکواش نکنو اشر حالهم شر و یکنوا ش اللهم کما تمجی هذه الاسماء امح محبة کذا و کذا من قلب کذا و کذا اے اللہ جس طرح چاٹنے سے یہ الفاظ مٹ گئے اسی طرح تو میرے دل سے فلاں کی محبت مٹا دے۔ کذا کذا کی جگہ اپنا نام، اپنے باپ کا نام، عورت کا نام اور اس کی ماں کا نام

لکھے۔

دیگر عمل کفن

یہ کلمے تھوڑے سے کپڑے کفن پر لکھ کر بکری کے سینگ کو خالی کر کے اس میں رکھ کر موم سے بند کر دیں اور اس کو کسی پرانی قبر میں ہفتہ کے روز (شنبہ) سورج نکلتے نکلتے دفن کر دیں۔ کیسا ہی عشق ہو محو ہو جائے۔ تعلفلح لطا طلم سلسلم و قیل الیوم نلسا کم کما نسیتم لقاء یومکم هذا کذا لك تنسیٰ کذا کذاا من بئس الکفار من اصحاب القبور ط قال رب لم حشر تنی اعمٰی و قد کنت بصیراً قال اتتك ا یاتی فنسیتها کذا لك الیوم تُنسیٰ

ترجمہ: آج تم کو ویسے ہی بھول گئے جیسے تم نے ہماری آج کے دن کی ملاقات کو فراموش کر رکھا تھا۔ اسی طرح فلانا بھول جائے فلاں عورت کو اور اس طرح مایوس ہو جائے۔ مجھ سے جیسے کافر قبر والوں سے ناامید پھرتے ہیں۔ وہ کہے گا اے میرے رب تو نے مجھے اندھا کیوں اٹھایا؟ میں تو دنیا میں دیکھتا تھا۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا تیرے پاس میری آیات آئیں مگر تو نے ان کو فراموش کر دیا۔ اسی طرح آج تو میں فراموش کر دیا گیا۔

دیگر عاشقی

جو کوئی شخص کسی عورت پر عاشق ہو اور اپنے عشق کے ظاہر ہونے سے فضیحت اور بدنام ہونے کا خیال ہو اور اس امر کی تمنا ہو کہ میرا عشق جاتا رہے تو چاہئے کہ آیت الکرسی چینی کے برتن میں مشک اور زعفران کو پانی میں گھول کر تین دن لکھ کر مع اس اس عورت کے نام کے جس کی محبت کو چاہے کہ چھوٹ جائے رات کو آسمان کے نیچے ستاروں کے سایہ میں رکھے اور صبح کو پی لیا کرے۔ تین دن پی لینے سے حالت درست ہو جائے اور محبت جاتی رہے۔

دیگر علیحدگی

دو شخصوں میں علیحدگی کروانی ہو تو بکری یا بکرے کے شانہ کی ہڈی ثابت لے۔ وہ نہ لے جو قصائی توڑ کر پھینک دیتے ہیں۔ اس پر یہ آیت لکھ کر پرانی قبر میں دفن کر دے۔

بسم الله الرحمٰن الرحیم ط و القینا بینهم العداوۃ والبغضآء الی یوم القیمة

نیچے لکھے کہ فلاں عورت فلانے کی بیٹی سے فلاں مرد فلانے کا بیٹا دونوں میں قیامت تک کے لئے علیحدگی ہو جائے۔

دیگر عمل کتا

اس آیت کو روٹی پر لکھ کر کتے کو کھلا دے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط اذا بلغت التراقی و قیل من الراق و ظن انه الفراق فلاں بن فلاں اور فلانی بنت فلاں میں عداوت ہو

دیگر عمل عاشقی

آزمودہ و مجرب عمل ہے۔ لوہے کو اس قدر گرم کریں کہ خوب سرخ ہو جائے۔ پھر اس کو ٹھنڈے پانی میں بجھا دیں اور ٹھنڈا کریں۔ پھر اس پانی سے عاشق کا منہ دھلا دیں اور کچھ پانی کے چھینٹے سینے پر ماریں۔ تین دن روز اسی طرح کریں۔ عاشق کے دل سے معشوق کی محبت جاتی رہے گی۔

دیگر عاشقی

وہ سنگ مرمر جو کسی مردہ کی قبر پر اس کی تاریخ وفات لکھ کر لگایا کرتے ہیں اس میں سے ایک ٹکڑا لے کر اس کو پانی سے دوسرے پتھر پر گھسیں اور گھستے وقت نیت جدائی عاشق و معشوق کی رکھے اور عاشق کو اس کی بے خبری میں پلا دے یا کسی چیز میں ملا کر کھلائے۔ جس کسی سے عشق ہو گا وہ رفع ہو جائے گا۔

دیگر

کوری ہانڈی مٹی کی لے کر اس معشوقہ کے سر کے بال جس پر مرد عاشق ہو کو اس ہانڈی میں ایسے جلائے کہ دھواں باہر نہ نکلے۔ پھر اس ہانڈی میں پانی ڈال کر وہ پانی مرد کو پلائے۔ عشق اس عورت کا جاتا رہے گا۔ بلکہ ایسی نفرت ہو جائے کہ کبھی اس کے دیکھنے کو دل نہ چاہے۔

دیگر بندش خاوند

کوئی عورت یہ چاہے کہ میرا خاوند کسی دوسری عورت سے زنانہ کر سکے تو اس کے واسطے یہ اسمائے پاک کسی کاغذ پر لکھ کر دیا جائے۔ وہ تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھے۔

۷۶۸ عقدت سمعتك و بصرك و ذكرك لا يقوم الا في الحلال بحق هذهِ الاسماء ٦ ١١١١ ٤ ٥٥ ٧١٧١٧١٧١ ح ٧ ع ١٢٦٨ اجيبو يا خدام هذه الاسماء لعقد ذكر فلاں عن الحرام اس کا ترجمہ یہ ہے میں نے تیرے کان، آنکھ اور ذکر کو باندھ دیا ہے۔ حلال کے سوا کھڑے نہ ہوں گے۔ فلاں کی جگہ نام مرد کا لکھا جائے۔

دیگر عمل زنا

مرد زانی اور عورت زانیہ میں جدائی ڈلوانی ہو تو ایک سبز درخت کی ٹہنی (شاخ) پر سات جگہ لفظ بدوح لکھے۔ پھر اس کو کاٹنا شروع کرے۔ اور کاٹتے وقت یہ الفاظ کہتا رہے۔ قطعت قلب فلان عن فلان (مرد کا نام مرد کے باپ کا نام لکھا جائے) محبة فلان عن فلان (یہ عورت کا اور عورت کی ماں کا نام لیا جائے) پھر اس ٹہنی کو کسی پرانی قبر میں دفن کر دے۔ اور دفن کرتے وقت یہ آیت پڑھے۔ الیوم ننساکم کما نسیتم لقاء یومکم کذالك الیوم تنسیٰ فلان بن فلانة محبة فلانة بنت فلانة مرت قلبه کما مات علیهم صاحب هذالقبر

دیگر دل پھر جائے

اونٹ کے جسم پر مکھی جیسا جانور جو بیٹھتا ہے اور اس کو کلینی یا کلیلہ کہتے ہیں پکڑ کر عاشق کی آستین پر اس کی بے خبری میں دو چار بل دیا کریں۔ اور کسی بہانے سے اس کے بازو پر بطور تعویذ باندھ دیا جائے تو دوسری عورت کی طرف سے اس کا دل پھر جائے گا۔

دیگر

کسی قتل کئے ہوئے شخص کی قبر سے تھوڑی مٹی لے کر پانی میں پیس کر پلائی جائے۔ کیسی ہی معشوق سے محبت ہو چھوٹ جائے۔

دیگر عاشقی

جو عاشق اپنا عشق دور کرنا چاہے اس کو مناسب ہے کہ جس جگہ خچر یا خچری لوٹی ہوں یہ بھی لوٹ جائے عشق اس کا رفع ہو جائے گا۔ اگر مرد یا لڑکے پر عاشق ہے نر خچر کے لوٹنے کی جگہ لوٹے۔ اگر عورت پر عاشق ہے تو مادہ خچر کی جگہ لوٹے۔ کیسا ہی عاشق کا ذوق شوق محو ہو جائے گا۔

واسطے خواری دشمن

اگر اسم یا بدیع العجائب بالطرق ایک سو ستر بار پڑھے اور ہر بار دشمن کا نام لیتا جائے۔ عجب نہیں کہ اسی وقت یا اسی ہفتہ میں یا مہینہ میں یا زیادہ سے زیادہ اسی سال میں خوار ہو جائے۔

دیگر دشمنی

کورے ٹھیکرے پر سورۂ فیل تمام لکھے۔ اور دو ٹکڑے کر کے ایک دشمن کے گھر میں اور ایک پرانی قبر میں گاڑ دے۔ اس کو ذلت ہو گی۔

دیگر عمل آب خورا

اگر ایک آب خورے کے ۶۳ ٹکڑے کر کے ہر ٹکڑے پر سورہ تبت بغیر بسم اللہ کے ایک بار پڑھے اور دشمن کے گھر میں ٹھیکریاں ڈالے۔ تباہ و بیمار ہو جائے۔

دیگر دشمنی

جس کے دشمن بہت ہوں۔ یہ اسم آدھی رات کو اکہتر بار تین دن تک پڑھے اور چوراہے کی خاک پر دشمن کے گھر کی طرف اڑا دے۔ اور اس کا نام لیتا جائے۔ یا قهار ذالبطش الشدید انت الذی لا یطاق انتقامه یا قاهر

دیگر عمل قبر

درمیان دو قبروں کے دوپہر کے وقت ۴۱ بار ہر روز پڑھے۔ خوار ہو جائے۔ اللهم شتت شملهم با ققهار بقهرك و انكس اعلامهم یا قهار بقهرك و فنرق حمعهم یا قهار بقهرك و احبط اعمالهم یا قهار بقهرك و حول احوالهم یا قهار بقهرك و طول احزانهم یا قهار بقهرك و فلك اعمالهم یا قهار بقهرك و حرب بنیانهم یا قهار بقهرك و اجلهم یا قهار بقهرك و اشغلهم با بدانهم یا قهار اهلكهم كاهلا شداد ق اغرقهم كاغراق فرعونیا قهار بقهر كنقهرت بالقهر و القهر فی قهر قهرك یا قهار

دیگر عمل سرکش

یہ ایک نماز ہے جو دشمنوں اور ظالموں کی سرکشوں کی ہلاکت کے لئے پڑھی جاتی ہے۔ جس کی ترکیب یہ ہے کہ نیت کرے اور دو رکعت نماز کی اس طرح سے نویت اصلے اللہ تعالیٰ رکعتین صلوٰۃ القتل الفلان فلاں کی جگہ نام لیا جائے خواہ ایک ہو یا چند اشخاص متوجها الیٰ جهة الكعبة الشریعة اللہ اکبر پھر تین مرتبہ سبحان اللہ القادر القاهر و هالك الاعداء الظالم پھر ایک مرتبہ اعوذ باللہ من النار و من شر العداء و من غضب الجبار العزة للہ پھر بسم اللہ اور سورہ الحمد پوری پڑھ کر سورہ الم ترکیف تین مرتبہ پڑھے اور رکوع میں جا کر تین مرتبہ پڑھے سبحان ربی القهار اور سجدہ میں اور سجدہ میں تین بار سبحان ربی الجبار پڑھے اور پھر دوسری رکعت معہ بسم اللہ اور سورہ الحمد پڑھ کر رکوع اور سجدہ میں وہی اوپر والے الفاظ ادا کرے۔ اور التحیات و دعا پڑھ کر سلام پھیرے۔ بعد سلام سجدہ میں جا کر اکتالیس مرتبہ یہ دعا پڑھے۔ یا قاهر ذالبطش الشدید انت الذی لا یطاق انتقامه یا قاهر پھر اپنی ٹوپی یا پگڑی سر سے اتار کر زمین پر مارے

اور اپنی زبان سے کہے الٰہی فلاں (نام اس شخص کا لے کر) ظالم کو مارتا ہوں۔ تیری عظمت قہر قہار ہے۔ الٰہی تو اس کو دنیا سے اٹھا لے۔ لیکن خدا کا خوف بھی مد نظر رہے۔ اس میں ہی نہیں بلکہ جو عمل دشمنوں کی ہلاکی اور نقصان رسانی کا کیا جائے۔ ایسی جگہ ہو جہاں کوئی اپنا عزیز نہ آتا ہو۔ اور پڑھنے کے بعد بھی نظر کسی عزیز پر نہ پڑے۔ ہفتہ کا دن اور دوپہر کا وقت ٹھیک اور آخیر مہینہ کا چاند کا۔ اگر شروع مہینے کرے گا خود نقصان اٹھائے گا۔

دشمن کا پیشاب بند ہو جائے

منحوس ساعت ٹھیک دوپہر کے وقت آخر مہینے چاند میں انڈے کے چھلکے پر قلم نیا بنا کر سیاہی سے انا اعطینا لکھے۔ جس کسی مرد یا عورت کا پیشاب بند کرنا ہو اس کا نام اگر مرد ہو تو اس کے باپ کا نام اور اگر عورت ہو تو اس کی ماں کا نام بھی لکھے۔ نوشادر اور جائفل اور مرچ سیاہ کو ملا کر آگ پر جلا دے۔ اور اس کا دھواں تعویذ کو دے۔ پھر ایک سرخ کپڑے میں لپیٹ کر اور چولہے میں آگ جلنے سے زیادہ نیچے دفن کرے۔ تاکہ جل نہ جائے۔ دفن کرتے وقت زبان سے کہے کہ فلاں کے بیٹے یا فلاں کی بیٹی کا پیشاب بند ہو جائے۔ ساتویں دن چولھے سے نہ نکالا گیا تو وہ شخص مر جائے گا۔ ترکیب لکھنے کی اس طرح پر ہے۔

ان فدس ل ل ر ب ك و ا ن ح ر ا

اعطی ا ن ش ا ن ء ل ا

الكوثر هو ل ا ب ت ر

دشمن کو نیند نہ آئے

جس وقت الو مرتا ہے یا ذبح کیا جاتا ہے تو ایک آنکھ اس کی کھلی رہتی ہے۔ پس وہ کھلی آنکھ جس کی سرہانے رکھ دے یا اپنے ہی پاس رکھے تو اس کو بالکل نیند نہیں آئے گی۔

دشمنوں کی جماعت میں نااتفاقی

ان اسماء کو یا بارد یا طلیاشوما ایک پتھر کے ٹکڑے پر لوہے کے قلم سے کندہ کر کے آگ کی بھٹی میں اس پتھر کو گرم کر کے کتے کو مارے اور پتھر پھینکتے وقت یہ آیت پڑھے۔ والقينا بينهم العداوة و البغضاء الىٰ يوم القيامة ط كلما او قد د نارا للحرب اشعلها بينهم الشيطٰن يوم ء يتفرقوا پھر ان لوگوں کے بیچ میں پھینک دے جو برائی کرنے پر اور لڑنے مرنے پر آمادہ ہوں۔ اس پتھر کے پھینکنے میں وہ تاثیر پیدا ہو کہ وہ مجمع آپس میں لڑ کر منتشر ہو جائے۔

دیگر بغض و عداوت

یہ تعویذ دشمنوں میں بغض و عداوت پیدا کرنے کے لئے بہت آزمودہ ہے۔ مخالف دشمنوں میں کیسی ہی دوستی ہو دشمنی ہو جاتی ہے۔ درخت آک کی ۱۳ پتوں پر یہ نقش دوپہر کی وقت آخر مہینہ کی ہفتہ والے روز لکھے اور پتے نقش لکھے ہوئے پر دوسری طرف البغض فلاں بن فلاں علی بغض فلاں بن فلاں عداوت و تفرقه هووے اور پھر مریخ کی ساعت میں ان کو جلا دے۔ جو پہلے ساعت بتلائی گئی ہے۔ نیچے کا تعویذ یہ ہے۔

٧٧٧٨	٧٧٧١	٧٧٧٦
٧٧٧٣	٧٧٧٥	٧٧٧٧
٧٧٧٤	٧٧٧٩	٧٧٧٢

دیگر عمل قبر

یہ منظور ہو کہ دشمن سویا ہی کرے تھوڑی سی پرانی قبر کی مٹی لے کر سات مرتبہ یہ آیت شریفہ پڑھے اور اس مٹی پر دم کرے اور دشمن جس وقت سویا ہو اس پر ڈال دے۔ و جاء ك سكرة الموت بالحق ذالك ما كنت منه تحيد

دیگر عمل تکلیف

دشمن کے لئے یہ منظور ہو کہ اس کی دنیوی زندگی تکلیف سے بسر ہو۔ دو پرانی قبروں کے اندر کی مٹی لائے اور سورہ یٰسین معہ بسم اللہ ایک بار پڑھے اور اس کا گولا بنا کر دشمن کے مکان کی دیوار پر مارے اس کی رزق کی کمی ہو جائے گی اور نہایت تنگدستی سے زندگی اس کی گذرے گی۔

بدگویوں کی زبان بندی کے لیے

بدگویوں کی زبان ایسی بند ہو جاتی کہ بات تک نہیں کی جاسکتی۔ ہرن کی جھلی لائے اور ذرا سی مشک و زعفران کو گلاب میں گھوٹ کر اور اگر کی لکڑی کا قلم بنائے۔ لکھتے وقت یہ ہی لکڑی کی دھونی جلاوے۔ شمس کی ساعت اور اتوار کے دن آخر ماہ میں کاغذ پر لکھے۔ لکھنے کے بعد اگر دھونی کا دھواں دے اور اس کا تعویذ بنا کر سر اپنے عمامہ اور پگڑی یا دوپٹہ کے سر پر باندھ لے یا ٹوپی میں آگے کی طرف رکھ لیا کرے۔ ناپاکی میں نہ لے جائے۔ دشمن کی زبان بند ہو جائے۔ کسی قسم کا شک ہو تو اس تعویذ کو کسی بکرا بکری کے گلے میں باندھ دے اور پھر اس کو ذبح کرے۔ چھری اس کے گلے کو کاٹ نہ سکے جب تک اس کو نہ کھولے۔ لکڑی اگر دیسی دوا فروشوں

سے ملتی ہے۔ پہلے یہ طلسم لکھے

و ح ٨٨٧ ١١١ ط١١ ع ٨ ٦ ١١ لا ء ١١١١

١١١ ع ٨٨ ٥ لا ع ع ١١١ نن کان ٢١ ١١١١

پھر یہ آیات لکھی جائیں۔ اقبل و لا تخف نجوت لا تخفا انك انت الاعلیٰ انی لا یخاف لدی المرسلون ط قال رجلان من الذین یخافون انعم الله علیها ادخلوا علیهم الباب فاذا دخلتموه فانکم غالبون و علی الله فتوکلون ان کنتم مومنین اقبل یا فلان بن فلانة یہاں پر اس کا اور اس کے باپ کا نام لیا جائے گا کما اقبل الخطیب علی المنیر و السلطان علی الصکر عقدت لسان من مکاصمه و لسان کل ناطق لا یکتمون فی حاصل کتابی هذا لا بخیر او یصملون صم صم بکم بکم بکم عمی عمی عمی فهم لا یبصرون جعلت حامل کتابی هذا مویدا منصورا علیٰ کل احد کما نصر الله نبیة محمد صلی الله علیه وسلم بالملئکة و جبریل عن یمینه و میکائیل عن شماله و اسرافیل من ورایة ظهره و اسماء الله محیطه به شاهت الوجوه و عنت الوجوه للحی القیوم ما هت با هت تا هت حت عجت الظلاما محلا اهلا اقبل ناجیا منصوراً مویدا بالواحد الصاحد الفرد الصمد الذی و لم لولد و لم یکن له کفوا احد

دیگر زبان بندی

زبان بندی دشمنوں اور حاسدوں کے واسطے نہایت مجرب ہے۔ اس عمل کو نہایت ہی سخت ضرورت ہو، بہت ہی کسی سے تکلیف پہنچتی ہو یا رات دن دشمنوں کی ایذا رسانی سے زندگی تنگی سے بسر ہوتی ہو تو اس وقت یہ عمل کام میں لایا جائے۔ خواہ مخواہ کسی کو تکلیف نہ پہنچائی جائے۔ جیسا کہ حضرت شیخ سعدی نے فرمایا ہے۔

نکوئی بابداں کردن چنان است　　کہ بد کردن بجائے نیک مرداں

ترکیب اس کی طرح پر ہے کہ بروز چہار شنبہ اور دوشنبہ یعنی بدھ اور پیر کے دن عطارد یا قمر کی ساعت میں کاغذ پر یہ نقش لکھے۔

یا عزرائیل بحق قابض یا اسرافیل

٣٠٤	٢٩٩	٣٠٠
٢٩٧	٣٠١	٣٠٥
٣٠٢	٣٠٣	٢٩٨

اور نقش کی پشت پر یعنی دوسری طرف یہ عبارت لکھے۔ بستم بستم زبان هوش گوش فهم عقل و دل و شش صد و شصت اعضاء بدن فلاں ابن فلاں از بد گفتن بد خوواستن و شر و فساد کردن و تهمت گرفتن و غمازی کردن علیٰ فلاں ابن فلاں بستم بستم بحق هفت آیته صم بکم و بوحق اسم قابض زبان همه دشمناں بستم بستم پھر اس نقش کو لپیٹ کو تعویذ بنا کر اوپر سے موم لپیٹے۔ دشمن اگر کوئی مرد ہے تو بکرا سیاہ کی سری لے کر اس کی زبان کے نیچے اور اگر عورت کی زبان بندی کرنی ہو تو بکری کی سری لے کر اس کی زبان کے نیچے تعویذ کو رکھے اور پانچ کیل لوہے کی بنی ہوئی چھوٹی چھلی دار لے کر ان میں سے ایک پر ایک مرتبہ سورہ یٰسین پڑھے اور اپنے دشمن کا نام لیا کرے۔ اور اس کیل کے اوپر دم کرے اور کیل کو بکری کے منہ پر ایسا گاڑے کہ تعویذ پر کیل نہ لگے۔ لوہے کے ہتھوڑے سے کہ کیل آر پار ہو جائے۔ کیل گاڑتے وقت ہفت آیت پڑھے جو آخر میں لکھی جاتی ہے۔ وہ تعویذ باہر نہ نکل جائے۔ پھر دو کیلوں پر ایک ایک مرتبہ سورہ یٰسین پڑھ کر پھونک دے۔ بکری کی ناک کے دونوں سوراخوں کے اوپر جو دائیں اور بائیں طرف پردہ ہے ان میں ایک ایک کیل ٹھونک دے اور گاڑتے وقت وہی ہفت آیت پڑھتا رہے۔ پھر اور کیل لے کر ایک ایک مرتبہ سورہ یٰسین پڑھ کر دم کرے۔ اور نام دشمن کا لے کر اور ہفت آیت پڑھتا ہوا دونوں کانوں میں ٹھونک دے۔ پھر اس سری کو ایک گز باریک کپڑے میں لپیٹ کر دریا ہو تو دریا کے پانی میں ڈال دے۔ دریا نہ ہو تو گہرے تالاب یا بہت نیچے کنوئیں میں ڈال دے۔ اسی طرح دوسری مرتبہ دوسری دوشنبہ والے دن کرے۔ جس دشمن کے لئے کیا جائے گا۔ وہ کچھ بات نہیں کر سکے گا۔ دشمن تو کیا حقیقت رکھتا ہے اس عمل سے چڑھتا ہوا دریا بھی بہنے سے رک جاتا ہے۔ اس عمل کے کرنے سے پہلے موکلوں کی نیاز کسی شیرینی پر دلا کر نماز پڑھنے والے مردوں کو تقسیم کر دی جائے اور کچھ آپ بھی کھا لے۔ اگر عمل کرنے والا یا کرانے والا مالدار ہو تو وہ اپنے مال میں سے روپیہ پیسہ اور کپڑا غریبوں کو خدا کے واسطے ضرور دے دے۔ تا کہ آپ بلا سے محفوظ رہے۔ اور اگر مالدار نہیں ہے تو تھوڑا سا ہی روپیہ پیسہ غریب محتاجوں کو دے دے۔ وہ ہفت آیت یہ ہے۔

بسم الله الرحمٰن الرحیم صم بکم عمی فهم لا یرجعون صم بکم عمی فهم لا یعقلونط صم بکم عمی فهم لا یعلمونط صم بکم عمی فهم لا یسقعون ط صم بکم عمی لا یسمعبن ط صم بکم عمی لا یبصرون ط صم بکم عمی فهم لا یتذکرون ط و صلی الله تعالیٰ علیٰ خیر خلقه محمد و اله و اصحابه اجمعین برحمتك یا ارحم الراحمین

اس نقش کے ہندسے بھرتے وقت بلکہ جو تعویذ بھی لکھا جائے تو اپنا سانس روک کر لکھے۔

کتب راٹھور پبلشرز

کتاب	قیمت
راہنمائے عملیات (ماہنامہ)	30روپے
خالد روحانی جنتری	125روپے
خالد ہندی جنتری	100روپے
Far-zoq(English quaterly)	50روپے
عملیات اسمائے ربی	250روپے
روحانی مشورے (ترمیم شدہ)	80روپے
علم الحروف	100روپے
راہنمائے عملیات (ترمیم شدہ)	100روپے
قاموس جفر	
جفر جامع	
راہنمائے تل شناسی	60روپے
اسباق دست شناسی	60روپے
مکمل پامسٹری	
راہنمائے دست شناسی	(زیرطبع)
آسٹرو پامسٹری	
ساعات حقیقی	90 روپے
خزینہ اعداد (ترمیم شدہ)	75روپے
علم اعداد حقیقی	
خالد نجوم	
راہنمائے علم نجوم (حصہ اول)	100روپے
راہنمائے علم نجوم (حصہ دوم)	(زیرطبع)
ملکی نجوم	
مفتاح الرموز واسرار الکنوز	100روپے
ازدواجی نجوم	
طبی نجوم	(زیرطبع)
۱۰سالہ جنتری ۲۰۰۰ تا ۲۰۱۰	115روپے
عملیات قرآن	(زیرطبع)
پاکستان کا مستقبل	
آسان عملیات	(زیرطبع)
السحر الاحمر	75روپے
خالد جامع العلوم مخفی	

السحر العجیب فی جلب الحبیب

حصہ سوم

جلد شائع ہو رہا ہے

خصوصی اعلان

کتاب	قیمت
تاش کے ۵۲ کارڈ	
خالد رمل	
طلسمی جواہرات	(زیرطبع)
مراقبہ	(زیرطبع)
خوابوں کی تعبیر	
طلسمات زہرہ (عملیات تسخیر)	80روپے
پامسٹری، جنس اور ہماری نفسیات	(زیرطبع)
مستحصلہ قادر الکلام	75روپے
ہندی نجوم (بمعہ لگن سارنی و ۲۰ سالہ ہندی جنتری)	110روپے
بنڈر ریس اور لاٹری کے نمبر (ترمیم شدہ)	130روپے
السحر العجیب فی جلب الحبیب	100روپے
اقوال امرضیة فی معرفة الاعمال الرملیة	55روپے
سحر بارنوخ	75روپے
کتب ابن عربی	(زیرطبع)
مجربات خالد	80روپے
تسخیر موکلات وحاضرات	75روپے
اصول وقواعد عملیات	300روپے
الاسماء الحسنی	(زیرطبع)
پاراشر اسسٹم آف آسٹرالوجی	(زیرطبع)
ذائقے	100روپے
آپ کا برج	150روپے
نمبر ہی نمبر	150روپے
قسمت اور چانس	150روپے
صفحہ اکڑا اور بنڈل	150روپے

طلسمات زہرہ

محبت کے متوالوں کے لیے ایک نایاب کتاب۔ یہ کتاب دو حصوں پر مشتمل ہے۔ پہلا حصہ ان ابواب پر مشتمل ہے جو خالد اسحاق راٹھور نے محبت' تسخیر' شادی' اتفاق' تفریق' الفت وغیرہ جیسے امور پر تحریر کیے ہیں۔ جبکہ دوسرا حصہ محبت اور تسخیر کے موضوع پر ایک عربی کتاب کے ترجمے پر مشتمل ہے۔ اپنے نفس مضمون کے اعتبار سے یہ کتاب محبت و تسخیر کے حوالے سے آپ کے ہر مسئلے کا حل لیے ہوئے ہے۔ ایک جامع اور آسان فہم کتاب۔

ہندی نجوم

بمعہ جدید ہندی لگن سارنی اور 20 سالہ کوا کبی تقویم

ہندوؤں کو نجوم کے حوالے سے خاص شہرت حاصل ہے۔ اپنی قدامت اور پراسرایت کی وجہ سے بھی ہندی نجوم کو اہم خیال کیا جاتا ہے۔ اب اس موضوع پر ایک ایسی کتاب تحریر کر دی گئی ہے۔ جو ہندی نجوم کے متفرق پہلوؤں کا انتہائی خوبصورتی اور تکنیکی حوالے سے احاطہ کرتی ہے۔ ہر وہ فرد جو ہندی نجوم کو سمجھنے کا خواہش مند ہے وہ اس کتاب سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔

ہندی نجوم کے موضوع پر اردو زبان میں کبھی بھی اس قدر جامع اور اعلیٰ پائے کی کتاب تحریر نہ کی گئی ہے۔ کتاب میں پاکستان کے اہم شہروں کی ہندی حساب سے تحویل البیوت (لگن سارنی) دی گئی ہے۔ ہندی حساب سے لگن سارنی آج کی تاریخ تک پوری دنیا میں دستیاب نہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ ہندی حساب سے 20 سال کی کوا کبی رفتاریں بھی اس کتاب میں شامل ہیں۔ خیال رہے لگن سارنی اور ستاروں کی پوزیشن ہندی حساب سے استخراج کی گئی ہے اور آپ کو اس میں کچھ جمع تفریق نہ کرنا پڑے گا

تسخیر موکلات وحاضرات

تسخیر موکلات و حاضرات کا موضوع علوم مخفی کے ہر شائق کے لیے کسی نہ کسی طرح کی دلچسپی لیے ہوئے ہے۔ تاہم تسخیر موکلات و حاضرات میں قدم رکھنے سے پہلے اس منزل کو سر کرنے کے لیے جس خصوصی راہنمائی کی ضرورت ہوتی ہے۔ وہ اس علم کے طالبان کو نہیں ملتی۔ یہ کتاب جہاں قاری کی درست رہنمائی کا باعث ہو گی وہاں یہ خالد اسحاق راٹھور کے تسخیر موکلات' حاضرات' جنات وغیرہ کے موضوع پر مستند اعمال لیے ہوئے ہے۔ اس موضوع پر کوئی بھی عمل کرنے سے پہلے آپ اس کتاب سے حقیقی راہنمائی حاصل کر سکتے ہیں۔

مفتاح الرموز واسرار الکنوز

"مفتاح الرموز و اسرار الکنوز" علم جفر کی ایک قدیم کتاب ہے۔ راٹھور پبلشرز نے اس کا اردو ترجمہ کر کے شائع کیا ہے۔

تمام عربی عبارت کے ساتھ اعراب لگا دیئے گئے ہیں تا کہ غلطی کا احتمال نہ رہے۔

بقول مصنف یہ کتاب علم الجفر اور اعداد کے مخفی خزانوں میں سے ایک ہے جسے جابر بن حیان نے مدلل اور مختصر صورت میں امام جعفر سے نقل کیا ہے۔ امام صاحب نے اس میں اٹھائیس حروف تہجی' متعلقات' مراتب' ایام' املاک اور خاص طور پر امہات الجامعہ کا ذکر کیا ہے جو کہ علم ہذا کا منبع ہے۔ مختصر بات یہ ہے کہ علم جفر کے موضوع پر اس کے مقابلے کی کتاب آپ کو اردو زبان میں نہ ملے گی۔ یہ ہمارا دعویٰ ہے۔

عملیات اسمائے ربی

کتاب اس حوالے سے خاص طور پر ممتاز ہے کہ پہلی دفعہ اسمائے الحسنیٰ کے روحانی اثرات کے ساتھ ساتھ ضروری نقوش و دیگر اُمور کو کھول کر بیان کر دیا گیا ہے۔ تا کہ ہر مسلمان اِن اسماء کے روحانی و عملیاتی خواص سے فائدہ اُٹھا سکے۔ یہ کتاب چار سو صفحات پر مشتمل ہے اور اس میں کم و بیش 300 نقوش دیئے گئے ہیں۔ جن سے ہر فرد فائدہ اُٹھا سکتا ہے۔

آپ کا برج

وہ لوگ جو یہ جاننے کے خواہش مند ہیں کہ اِن کا برج کون سا ہے اور اِن کے برج کی خصوصیات کیا ہیں اور اِن کے بروج سے دوسرے بروج کے لوگوں کے تعلقات کیسے ہوں یا اِن کے بروج سے خوش قسمتی کے کون کون سے متفرق اُمور منسلک ہیں ان کی مکمل راہنمائی یہ اکیلی کتاب کر سکتی ہے۔ ایک جامع اور اپنے موضوع پر بہترین کتاب جو ہر فرد' چھوٹے بڑے' عورت' مرد' بچے سب کی دلچسپی کی حامل ہے۔

اُصول و قواعد عملیات

عامل بننے کے خواہش مندوں اور عملیات کے مختلف شعبوں اور لاتعداد سوالات کے جوابات لیے ایک لاجواب کتاب اس کتاب کے موضوعات کے بارے میں مکمل تفصیل کے لیے کئی ایک صفحات درکار ہوں گے۔ اس لیے اِن کا یہاں ذکر ممکن نہیں۔ مختصر طور پر یہ سمجھ لیں یہ کتاب اُن تمام سوالات کے جوابات لیے ہوئے ہے۔ جو روحانی اور عملیاتی علوم کے کسی بھی طالب کے ذہن میں پیدا ہو سکتے ہیں۔ عملیات کے اُصول و قواعد پر ایک ایسی لاجواب کتاب جو اس سے قبل آپ کی نظروں سے نہ گزری ہو گی۔ مصنف خالد اسحاق راٹھور کے خاص عملیات اور راہنمائی اس کتاب کا خاصہ ہے۔

نمبر ہی نمبر

وہ لوگ جو نمبروں کے شائق ہیں اِن کے لیے انعامی بانڈوں کے آسان فارموں اور روٹینوں پر ایک آسان اور دلچسپ کتاب۔ اس میں 2007 اور دسمبر 2008 تک کے نمبر استخراج کر دیئے گئے ہیں۔ نمبر نکالنے کی بہترین روٹینیں اس کتاب میں شامل ہیں پس ضرور پڑھیں۔

یہ کتاب اس حوالے سے بہت اہم ہے کہ اس میں نمبر نکالنے' اعداد کی دوستی دشمنی' اعداد کی باقی' مثبت' منفی طاقت کے ساتھ سے ہر قرعہ اندازی کی روٹین دی گئی ہے اور مثالوں سے روٹینوں کو سمجھا بھی دیا گیا ہے۔ دسمبر 2008 تک کی جادوائی ڈبی ہر قرعہ اندازی کے لیے الگ سے دی گئی ہے۔

قسمت اور چانس

انعامی نمبروں کے موضوع پر بیرون ملک شائع ہونے والی ایک خاص کتاب کا ترجمہ کر کے شائع کیا گیا ہے' یہ کتاب ذاتی لکی کیلنڈر بنانے اور ذاتی حوالے سے انعام لے حصول کے لیے خاص اوقات' یعنی جس وقت انعام نکلنے کا زیادہ امکان ہو' ذاتی لکی نمبر' نام کا عدد اور تاریخ وغیرہ کا نمبر معلوم کرنے کے حوالے سے ایک خاص کتاب' جس کو لکی' انعامی اور بانڈ نمبروں سے دلچسپی رکھنے والے ہر فرد کو لازماً پڑھنا اور استعمال میں لانا چاہیے۔ ستمبر 2007 تا اگست 2008 تک استخراج شدہ اکڑے' بنڈل اور خاص ڈبی کے ہمراہ اس کتاب میں ایک اہم فارمولا تحریر کیا گیا ہے جس کی مدد سے کوئی بھی فرد اپنی خوش قسمتی کا نمبر' دن اور وقت وغیرہ کو خود معلوم کر سکتا ہے۔

صفحہ' اکڑا اور بنڈل

وہ جو خود نمبر بنانے کے خواہش مند ہوں یا بنے بنائے نمبروں کو ترجیح دیں دونوں قسم کے لوگوں کے لیے یہ کتاب حد درجہ مفید ہے نمبر نکلانا' صفحہ' اکڑا' پیکٹ اور بنڈل وغیرہ کس طرح بنے گا' کیا ہو گا' کیا نہیں ہو گا' اس طرح کے لاتعداد امور کی وضاحت آپ کو اس کتاب میں ملے گی۔ علم نجوم کے ایک خاص پہلو یعنی نظرات کی بنیاد پر تیار کی گئی ایک ایسے کتاب جس سے فائدہ اٹھانا حد درجہ آسان ہے کیونکہ ہر بننے والی نظر کے ساتھ متوقع نمبر کا استخراج کر دیا گیا ہے۔ ایک لاجواب کتاب۔

اس کتاب میں ایک خاص طریقہ کار اس طرح بیان کیا گیا ہے' جس پر عمل کرتے ہوئے ہر فرد چند منٹوں میں صفحہ' اکڑا اور بنڈل نمبر نکال سکتا ہے۔ حل شدہ نظرات کو اکب کے تحت لمحہ بہ لمحہ تبدیل ہوتی نظرات کے تحت دیئے گئی نمبروں سے آپ کسی بھی وقت اور دن کا اکڑا ایک منٹ میں خود بھی نکال سکتے ہیں۔

وہ جو دن میں ہونے والی مختلف قرعہ اندازیوں وغیرہ میں حصہ لیتے ہیں اور کسی بھی خاص وقت کا نمبر معلوم کرنے کے خواہش مند ہوتے ہیں وہ بھی اس کتاب کی مدد سے چند منٹوں میں خود کسی بھی وقت کا نمبر استخراج کر سکتے ہیں۔

اس کے ساتھ ساتھ آنے والے مہینوں کے ہر دن کے الگ الگ متوقع نمبر استخراج کر دیے گئے ہیں تا کہ ہر فرد بالا کسی محنت ان سے فائدہ اٹھا سکے۔

خالد اسحٰق راٹھور روحانیت، نجوم، عملیات اور ایسے دوسرے قدیم، پوشیدہ اور آفاقی ذہانت کے علوم کو توہم پرستی کے لبادے سے نکال کر جدید سائنسی انداز میں متعارف کروانے کے لیے ایک طویل عرصے سے علوم مخفی کی ترویج واشاعت میں مصروف ہیں۔ ہر گزرتے دن کے ساتھ ہر جہت میں ایک نئی شمع روشن کرنے کی جدوجہد میں عوام الناس کے لیے کئی ایک خدمات انجام دے رہے ہیں۔ ذیل میں ان میں سے چند کو بیان کیا گیا ہے۔

راہنمائے عملیات علوم مخفی کی حقیقی، درست اور آسان فہم تعلیم اور معلومات کے لیے ہر ماہ ''راہنمائے عملیات'' شائع کیا جاتا ہے۔ اس میں علوم مخفی کی تمام شاخوں پر درست ترین مواد شامل ہوتا ہے۔ ہر گھر کی ضرورت۔

خالد روحانی جنتری عام لوگ ہوں یا پیشہ ور نجومی وعامل، ہر فرد اور گھر کی سال بھر کی روحانی، عملیاتی اور نجومی ضروریات کی تکمیل کے لیے درست ترین اور سب سے پہلے شائع ہونے والی ''خالد روحانی جنتری'' ہر سال شائع کی جاتی ہے۔

خالد ہندی جنتری پاکستان میں شائع ہونے والی واحد جنتری جو ہندی (نریانہ) نجومی حساب کے مطابق تیار کی جاتی ہے۔ اس میں دیا گیا تمام مواد یعنی سالانہ حالات اور دیگر تکنیکی معلومات ہندی حساب سے پاکستان کے وقت کے مطابق دی جاتی ہیں۔

Far-Zoq یہ انگریزی زبان میں مخفی علوم پر ایک سہ ماہی جریدہ ہے جو ملکی سطح پر اپنی نوعیت کی واحد مثال ہے۔

خالد روحانی لائبریری علوم مخفی کے شائقین کو قدیم اور نایاب اردو، انگریزی، عربی اور فارسی کتب اس کے تحت فراہم کی جاتی ہیں۔ اس وقت 300 سے زائد نایاب اور قدیمی کتب ورسائل دستیاب ہیں۔

خالد انسٹی ٹیوٹ آف اکلٹ سائنسز علوم مخفی کی تعلیم کا ایک باقاعدہ ادارہ جس کے تحت نجوم، پامسٹری، جفر، ساعات، عملیات، اعداد اور دیگر موضوعات پر کورسز کروائے جاتے ہیں۔

راٹھور پبلشرز علوم مخفی پر متفرق کتاب کی اشاعت کا ایک عظیم منصوبہ، جس کے تحت کئی کتب شائع ہو چکی ہیں۔ طبع شدہ کتب کی فہرست جوابی لفافہ ارسال کر کے طلب کی جاسکتی ہے۔

فری کورسز علوم مخفی کے طالبان کے لیے فری کورسز کا اجراء بھی کیا گیا ہے۔ مکمل تفصیلات الگ سے طلب کریں۔ **قرعہ رمل** ادارہ سے دستیاب ہے۔

دارالترجمہ عربی، فارسی اور انگریزی کتب کا اُردو اور انگریزی زبانوں میں ترجمہ کرنے اور کتب کی اشاعت کا کام اس کے تحت کیا جاتا ہے۔

خالد سوفٹ ویر ہاوس علوم مخفی کے شائقین کے لیے پاکستان میں سب سے پہلی اور واحد پیش کش جس کے تحت کوئی بھی فرد یا ادارہ اپنی ذاتی یا کاروباری ضروریات کے لیے نجوم، پامسٹری، عملیات یا جفر وغیرہ کے بارے میں حسب منشاء کمپیوٹر پروگرام تیار کروا سکتا ہے۔

روحانی خدمات کواکب کے شرف وہبوط کے تحت خصوصی نقوش والواح کی تیاری اور روزمرہ ضروریات اور مسائل کے حل کے لیے سائلین کی راہنمائی مخلصانہ دل کے ساتھ کی جاتی ہے۔

نجومی خدمات بچے کا نام، خوش قسمتی کا پتھر، حالات زندگی، سالانہ زائچہ، ازدواجی زائچہ، شیئرز اور بائیوردم رپورٹ وغیرہ اس زمرے میں آتی ہیں۔

قیمتی اور اصل جواہرات پتھر تو آپ کو بازار سے بھی مل جائیں گے، لیکن ان کو جواہرات میں شامل نہیں کیا جاسکتا' کیونکہ یہ رنگ دار شیشہ یا پلاسٹک بھی ہو سکتا ہے۔ ادارہ راہنمائے عملیات سے آپ مکمل یقین اور اعتماد سے جواہرات اور اصلی پتھر حاصل کر سکتے ہیں۔

خالص عملیاتی خوشبویات بازار میں دستیاب خوشبویات میں الکحول شامل ہوتی ہے جو عملیاتی مقاصد یا ذاتی استعمال کے لیے ناموزوں اور نقصان دہ ہے' اسی وجہ سے ادارہ راہنمائے عملیات نے خالص عملیاتی خوشبویات جو کہ الکحول سے پاک ہوتی ہیں کی فراہمی کا سلسلہ شروع کیا ہے۔

پمفلٹ ادارہ کا تفصیلی پمفلٹ جو متفرق روحانی اور نجومی خدمات' قدیم وجدید کتب کی فہرست' کورسز کے طریقہ کار اور دیگر معلومات پر مشتمل ہے' اپنا پتہ لکھا جوابی لفافہ ارسال کر کے مفت طلب کریں۔